اورینٹل کالج میگزین

اورینٹل کالج

میگزین

اگست ۱۹۵۸ء

جلد ۳۴ عدد ۴   عدد مسلسل ۱۳۴

ایڈیٹر :—

ڈاکٹر سید عبداللہ

★

باہتمام مسٹر احسان الحق ہیڈ کلرک یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور
پرنٹر و پبلشر اورینٹل کالج میگزین، پنجاب یونیورسٹی پریس، لاہور
میں طبع ہو کر اورینٹل کالج لاہور سے شائع ہوا ۔

سالانہ چندہ : چار روپے

ترتیب

پی - ۸۴ پنجاب یونیورسٹی پریس—۳۰۰—۲۹-۸-۱۹۵۸ء

یونیورسٹی

اورینٹل کالج

لاہور

سالانہ روداد

۱۹۵۷-۵۸ء

مرتبہ

ڈاکٹر سیّد عبداللہ

(پرنسپل)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رپورٹ پرنسپل

سالانہ جلسۂ تقسیم انعامات ۳۰ اپریل ۱۹۵۸ء

جناب صدر نشین اجلاس! میں آپ کی اجازت سے محترم حاضرین و خواتین کی خدمت میں ھدیہ تشکر پیش کرتا ھوں اور جناب صدر آپ کی عنایت گستری کا شکریہ تو جس قدر بھی ادا کروں کم ھوگا۔

جناب محترم! آپ کی توجہ آپ کی امروزہ تشریف فرمائی تک محدود نہیں بلکہ اس کی حدیں بہت وسیع اور اسکا زمانہ بہت طویل ھے۔ اس کی مدت میری اپنی دانست میں پندرہ بیس برس سے کسی طرح کم نہیں ھوگی۔ اس طویل زمانے میں جب بھی برفانی موسم آئے، جب بھی قہر آلود زمستانی ھواؤں نے ھمارے لئے زمہریری کیفیتیں پیدا کیں، جب بھی ھمارے گل و شجر کو یخ خوردگی کا خطرہ لاحق ھوا، ھر ایسے موقع پر آپ کے عزم صمیم کی گرمی اور ھمت بلند کی گرم جوشی ھمارے لہو کو کچھ اس انداز سے گرماتی رھی کہ ھم اپنی یخ خوردگی کے باوجود پہلے سے زیادہ دل گرم اور بیش از بیش سرگرم نظر آئے۔ آپ نے ھمارے اس مختصر سے چمن کو ھر موقعہ پر زجر و قہر کی صرصر سے بچانے میں ھماری جو امداد کی اس کے لئے مجھے شکریہ ادا کرنا ھی چاھیئے۔ مگر کج مج زبانی اور الفاظ کی تنگ دامانی مانع آ رھی ھے اس لئے میں ''الکنایۃ ابلغ من الصراحۃ،، کی آڑ لے کر آگے بڑھتا ھوں کہ سلامتی شاید اسی میں ھے۔

اب جناب صدر! آپ کی اجازت سے میں اپنے کالج کی سالانہ رپورٹ پیش کرتا ہوں جس کی مفصل جزئیات ضمیمہ الف میں موجود ہیں۔ البتہ اس کا ایک حصہ ایسا ہے جس کا خاص تذکرہ میں ضروری سمجھتا ہوں وہ شے نتیج کے جملہ رفقاء و احباب کے تعاون کا اقرار و اعتراف جس کے لئے میں سب حضرات کا سپاس گزار ہوں۔ میں کالج کی مختلف انجمنوں، سوسائٹیوں اور کلبوں کے محترم عہدے داروں کا بے حد شکر گزار ہوں کہ وہ سال بھر غیر معمولی خلوص و انہماک سے سر گرم عمل رہے۔ اور اپنے اپنے دائرہ عمل میں اپنی تنظیم کو کامیاب بناتے رہے۔ خصوصاً پروفیسر سید وقار عظیم، حافظ نورالحسن، اور پروفیسر وزیرالحسن عابدی کے غیر معمولی خلوص کا خاص تذکرہ کرنا ضروری خیال کرتا ہوں جن کی توجہ سے کالج کی یونین سپورٹس اور ہاسٹل کی تنظیم کامیاب رہی۔

کالج کے نتائج اس سال بھی غیر معمولی طور پر اچھے رہے :۔

اب کالج کے متعلق چند جزئیات!

اس سال کالج میں پڑھنے والوں میں تین غیر ملکی بھی تھے۔ ان میں ایک جاپانی، ایک افریقی اور ایک ایرانی ہے۔

اسی طرح کالج کے تحقیقی و تصنیفی کام کی رفتار بھی بدستور اطمینان بخش رہی۔ اور میرا اپنا خیال یہ ہے کہ اس کالج کے اساتذہ نے اس سال ملک کی ادبی و علمی سرگرمیوں میں شاید پہلے سے بھی زیادہ حصہ لیا اور اس روایت کی جڑیں اور بھی مضبوط کیں جو اس دانشکدہ سے وابستہ ہیں۔ کالج کے ریسرچ میگزین کی مانگ بین الاقوامی طور پر پہلے سے زیادہ ہوئی۔

کالج کے اساتذہ نے اس سال بھی ملک کی ثقافتی سرگرمیوں میں نمایاں حصہ لیا۔ چنانچہ صدر شعبہ فارسی ڈاکٹر محمد باقر نے پنجاب یونیورسٹی کے نمائندے کی حیثیت سے میونچ کی بین الاقوامی مؤتمر مستشرقین میں شرکت کی۔ اسی طرح بین الاقوامی اسلامی مذاکرہ میں ڈاکٹر محمد باقر، ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ اور سید وزیرالحسن عابدی کو شریک کیا گیا۔ اس مؤتمر میں ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ نے ایک مقالہ پڑھا اور ڈاکٹر محمد باقر نے مذاکرہ سے متعلق نمائش فنون اسلامی کے سکریٹری کے فرائض انجام دئے۔ اور ہر چند کہ اس عظیم مؤتمر کی تنظیم میں پرنسپل کی شرکت ضروری نہیں سمجھی گئی تاہم کالج کے چند معزز اساتذہ کی شرکت کے سبب اس کالج کو شرکاء کی فہرست میں شامل ہونے کا موقعہ تو مل گیا — اور سچ پوچھئے تو ہماری تسلی کے لئے یہ بھی کافی ہے! اس کے علاوہ راقم‌الحروف نے اس سال پھر اردو اکیڈمی کی تنظیم میں کچھ وقت صرف کیا اگرچہ اس امر کا افسوس ہے کہ اکیڈمی کا کام ہنوز تشنۂ تکمیل ہے اور یہ آرزو ابھی پوری نہیں ہوئی۔

جناب صدر! ہمارے کالج کی تعلیمی، ثقافتی اور علمی سرگرمیوں کی روداد، کسی بھی دوسرے ادارے کے مقابلے میں میرے لئے باعث خجالت نہیں مگر میری سچی رائے پوچھئے تو میرا دل اس پر کچھ مطمئن نہیں کیونکہ ان سب باتوں میں مجھے ان خوابوں کی تعبیر یا ان آرزوؤں کی تصویر نظر نہیں آتی جس کے نقش پاکستان کے قومی و تہذیبی تصورات نے دس سال قبل ہمارے تخیل میں ابھارے تھے افسوس ہے کہ کالج کی تنظیم نو کے سوال پر ابھی غور نہیں ہوا۔ نہ

اسکی نئی تعمیر کا کوئی خاکہ بنا ــــ نہ اس کے پرانے ڈھانچے میں کوئی ترمیم ہوئی ۔ نہ عملے میں کوئی مناسب اضافہ ہوا ۔ نہ اس کے متعلق کوئی مثبت ہمدردانہ نظریہ ظہور میں آیا ۔ اور کالج اس وقت بعض ایسی بنیادی رعایتوں سے محروم ہے جن کے حاصل ہوئے بغیر کسی ادارے کا نظام خوش اسلوبی سے چل ہی نہیں سکتا(۱) اس کے علاوہ مرکزی حکومت نے کالج لائبریری کے لئے ایک لاکھ روپے کی اور شعبہ اردو کے لئے بیس ہزار روپے کی جو گرانٹ دی تھی وہ بھی اب تک بلا وجہ بند پڑی ہے ۔ میں ان سب چیزوں کی تفصیل پیش کرنے سے قاصر ہوں، منصبی اور آئینی آداب کے لحاظ سے تو کوئی شے عنانگیر نہیں مگر ناموس حیا اور آداب حیات ضرور مانع ہیں ۔

یہ ساری باتیں کچھ ایسی ہیں کہ کالج کے لئے بنیادی ہونے کے باوجود خرچ کے لحاظ سے چھوٹی اور معمولی ہیں ۔ مگر بچت کے بہانے سے ہمیں ان سے محروم کر دیا گیا ہے (۲) پھر بچت کی یہ مہم اس زمانے میں چل رہی ہے جب مرکزی اور صوبائی

۱ - کالج تین سال سے ٹائپسٹ ڈائرسٹ کے بغیر چل رہا ہے - یا نہیں چل رہا - کالج میں ۹۰ سال سے الگ ہوسٹل تھا - اب حکم ہوا ہے کہ وہ لا کالج ہوسٹل میں مدغم ہو جائے- کیوں؟ وجہ معلوم نہیں - پرنسپل کے گھر پر ٹیلیفون نہیں - کالج کے ڈاک تقسیم کرنے والے چپراسیوں کو -/۳ روپے ماہانہ الاؤنس ملتا تھا اب اس میں تخفیف ہو کر ۲ چپراسی اس رعایت سے محروم کر دئیے گئے ہیں ۔

۲ - یعنی اس بچت کے لئے نہ ہوسٹل کے سپرنٹنڈنٹ کے -/۴۰ روپے ماہانہ، بائیسکلوں کے -/۶ روپے ماہانہ اور ٹائپسٹ کے -/۶۰ روپے ماہانہ، یعنی کل -/۱۰۶ روپے ماہانہ کی بچت ۔

حکومتیں علمی، تعلیمی آسانیوں کی خاطر لاکھوں روپے کی بالائی گرانٹ ہرسال یونیورسٹی کو عطا کر رہی ہیں ۔ لہذا تخفیف کے لئے کوئی جائز عذر موجود نہیں۔

جناب صدر محترم ۔ میں ان چھوٹی چھوٹی باتوں کے تذکرے سے شرمندہ ہوں اور ایک لحاظ سے شاید بد مذاقی کا مرتکب بھی ہو رہا ہوں۔ مگر کیا کروں مرزا غالب کہہ گئے ہیں۔

آگ سے پانی میں بجھتے وقت اٹھتی ہے صدا
ہر کوئی درماندگی میں نالے سے دوچار ہے

بہر حال میرا مقصد محض اپنی مشکلات کا اظہار ہے کسی کے خلاف احتجاج نہیں۔ میں اپنے اس اظہار خیال کو شدید احتجاج کی شکل اس لئے بھی نہیں دینا چاہتا کہ بقول سعدی ؎

خدا ار بحکمت به بندد درے
نشاید بفضل و کرم دیگرے

ہمارے اس معاملے میں بھی فضل وکرم کردگار نے کچھ ایسا ہی منظر دکھایا ہے ۔ یعنی جہاں مذکورہ نوعیت کی پیچ در پیچ مشکلات پریشان کن ثابت ہو رہی ہیں ۔ وہاں ہمارے صوبے کی حکومت اور اسکی نظارت تعلیم اس کالج کے ساتھ خصوصاً اور علوم مشرق کے ساتھ عموماً ہمدردی کا اظہار کر رہی ہے ۔ مغربی پاکستان کے وزیر تعلیم صاحب کا وہ بیان تو آپ کی نظر سے گزرا ہی ہوگا جو انہوں نے صوبائی اسمبلی میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے پڑھا تھا۔ اور اس کے ضمن میں انہوں نے اورئینٹل کالج کے لئے سرکاری امداد مخصوص کردینے کا تذکرہ بھی کیا تھا۔ یہ ہمارے لئے یقیناً ایک

خوش آئند خبر ہے اور میں اس کے لئے سابق وزیر اعلی سردار عبدالرشید، وزیر تعلیم سردار عبدالحمید خاں دستی اور ان کی وزارت کے مدبر اور روشن ضمیر سکریٹری جناب ایس-ایم - شریف صاحب کا دلی شکریہ ادا کرتا ہوں - اور جہاں تشکر کا یہ ہدیہ ان کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے وہاں کرم ہائے تو ما را کرد گستاخ، کے مصداق ان سے یہ عرض کرنے کی جرأت بھی کرتا ہوں کہ اب جبکہ ان کی ہوش مند حکومت علوم مشرقی کے باب میں اپنے فرض کو پہچان چکی ہے اس کا مزید فرض یہ ہے کہ وہ اس کالج کی مناسب تنظیم و توسیع کے لئے بھی حکومتی اور سرکاری قدم اٹھائیں اور اسکی ترقی کے لئے کوئی ایسا منصوبہ بنائیں جو قومی تعمیر کے منصوبے سے ہم آہنگ ہوکر پاکستان کی ملّی زندگی کے لئے مفید ہو- مجھے کامل امید ہے کہ ہماری حکومت ایسا منصوبہ جلد بنائے گی -

میں نہیں کہہ سکتا کہ حکومت کے ماہرین تعلیم اس منصوبے کی اساس کیا رکھیں گے مگر میں نے اس مسئلے پر جس انداز سے غور کیا ہے اس کی رو سے چند ضروری عنوانات ایسے ہیں جو میری دانست میں ضرور زیر بحث آنے چاہیں - اس قسم کے عنوانات میں سے ایک بنیادی عنوان ہے عربی زبان و ادب کی ایسی تعلیم جو اسلامی علوم و ادبیات کے اہم مآخذ سے استفادہ کرنے کی پوری قابلیت پیدا کرسکے - افسوس ہے کہ اس وقت عربی زبان و ادب کی تعلیم کا کوئی نظام اس مقصد کو پورا نہیں کرتا ـــ اور یہ بھی حقیقت ہے کہ علوم قدیمہ کی تعلیم کا کوئی صحیح نظام اس ملک میں اس وقت موجود نہیں اور ظاہر ہے کہ پرانے ادب کی صحیح شناخت کے بغیر کوئی شخص اسلامی علوم و اداب کے رموز و معارف تک نہیں پہنچ سکتا ـــ اور یہ ایک ایسی حقیقت ہے جس کا

واضح تر اور موثر انکشاف دسمبر ۱۹۵۷ء کے بین الاقوامی اسلامی مؤتمر کی کارروائی سے ہوا - جس نے یہ ظاہر کر دیا کہ ہمارے ملک میں عربی زبان و ادب کا مطالعہ اس وقت علی العموم بے اصول چل رہا ہے - میری پختہ رائے ہے کہ عربی کے اصول تدریس کو بدلنے کی صورت میں حکومت قدیم علوم و آداب کی موثر تنظیم کرے گی اور کم از کم الازہر کے انداز کا کوئی نظام اس ملک میں قائم کرے گی جو ہماری صحیح علمی و ملی ضرورت کو پورا کر سکے گا -

مجوزہ قومی منصوبے کا دوسرا عنوان ہوگا ''مشرقی علوم کے صحیح مقام کا تعین'' — یعنی عام تعلیم میں اس کے کم و کیف کا سوال اور اس عام ڈھانچے میں اسکو جذب کرنے کی بحث ! میرا یہ عقیدہ ہے کہ علوم مشرقی اور علوم مغربی کو الگ کیمپوں میں تقسیم کر دینے کی حکمت عملی ''آوردہ غیر'' اور ہمارے علمی انحطاط کی ذمے دار تھی - یہ یقیناً اسی کا نتیجہ ہے کہ اسلام میں پاپائیت نہ ہونے کے باوجود مسلمانوں میں مولویت، ایک فن یا پیشہ یا ایک طبقہ بن گئی ہے — میری رائے میں یہ مولویت مولویوں نے پیدا نہیں کی یہ انگریزی تعلیم والوں نے اپنی برتری کے اظہار کے لئے پیدا کی ہے — یا یوں کہئیے کہ خود کو اسلامی علوم سے بے تعلق بنا کر یا بنانے کے لئے خود کو اعلی اور مولوی کو ادنی طبقہ بنا دیا ہے — اسلام میں ہر شخص کو دین کا خادم بننا چاہیئے - اور مولویت کے فرائض کا انتظام قومی اور سرکاری پیمانے پر ہونا چاہیئے - میں نے اس خیال کو کبھی خوش دلی سے قبول نہیں کیا کہ علوم مشرقی کی تحصیل کا سب سے شیریں پھل کسی مسجد کی امامت یا خطابت ہے - میری رائے میں علوم مشرقی کے متعلق اس سے زیادہ تعجب خیز بات اور

کوئی نہیں ہو سکتی کہ اس کی تحصیل کو غربت اور افلاس کے ساتھ لازمی بنا دیا جائے ۔ اور قوم کا خوش حال طبقہ اسکو گری پڑی شے سمجھ کر خود کو اس سے بری الذمہ سمجھ لے ۔

ان وجوہ سے میں سوائے درجہ تخصیص کے علوم مشرق کے الگ کیمپ کا شدید ترین مخالف ہوں ۔ علم ایک کلی وحدت ہے ہاں اس کے تنوعات ہو سکتے ہیں جن سے استفادے کی راہیں سب کے لئے کھل سکتی ہیں ۔ اس کی مختلف انواع کو قومی ضرورتوں کے تحت اس طرح منظم کر دیا جائے کہ ہر ضروری شے سے ہر شخص کے لئے استفادہ ممکن ہو ۔ بنیادی اسلامی معلومات سے اس ملک کا ہر شخص باخبر ہو ۔ اور دنیا کے مفید علوم اور اسلامی معلومات میں وہ مغائرت موجود نہ ہو جو اب ہے ۔ صحیح اسلامی نظریہ تو یہ ہے کہ امامت و خطابت کے فرائض اس ملک کے حاکموں کے سپرد ہونے چاہئیں کیونکہ اگر حضرت عمر رض اور حضرت علی رض کے لئے امامت و خطابت باعث عار نہ تھی تو اس ملک کے گورنروں، وزیروں اور صدروں کے لئے وہ کیوں باعث عار ہو گی ۔ یہ تو کچھ ٹھیک نہیں کہ ایک گروہ خود کو خود ہی کسی ''ایزدی حق'' کے تحت بنیادی اسلامی خدمت کے ہر فرض سے مستثنیٰ کر لے اور اسلامی خدمت کو چند غریبوں کے سپرد کر دے ۔ یہ ذہن اسی مشرق مغربی طبقہ بندی کا نتیجہ ہے جو اس ملک کے انگریز حاکموں کا عطیہ ہے جس سے اب نجات حاصل کرنا ضروری ہے ۔

مقصود گفتگو صرف اسیقدر ہے کہ مشرقی علوم کو مغربی علوم کے ساتھ اس طرح پیوند دیا جائے کہ ان میں مغائرت باقی نہ رہے اس وقت مغربی تعلیم کے کئی شعبے ہمارے نقطہ نظر سے ناقص اور ادھورے ہیں ۔

قانون، فلسفہ، معاشیات، تاریخ بلکہ سائنس تک میں نظریاتی لحاظ سے علوم مشرق سے واقفیت از بس ضروری ہے ــــ مگر اس کو کیا کیجئے کہ لفظ ''مشرق،، کی دور غلامی کی مناسبات اب بھی اس کے لئے وجہ مصیبت بنی ہوئی ہیں ۔

حضرات ۔ مجوزہ منصوبے کا تیسرا عنوان زبان اردو کی موجودہ بے بسی و بے کسی ہے ! کہنے کو تو اردو قومی زبان ہے مگر اسکی جو حالت ہے اس سے آپ مجھ سے کہیں زیادہ با خبر ہیں ۔ اب سب سے بڑی بات جو قوم کو سوچنا ہے وہ یہ ہے کہ کیا اردو سچ مچ اس ملک کی قومی زبان بنائی بھی جا رہی ہے یا نہیں ؟ بظاہر تو اس کے آثار نظر نہیں آتے ۔ مگر بدگمانی کرنے سے کچھ فائدہ نہیں ۔ اگر حکومت نے دفتر کی زبان ابھی تک نہیں بدلی ۔ اگر تعلیمی اداروں نے اسکو اونچا درجہ نہیں دیا اور روز بروز اس کی حدیں محدود ہو رہی ہیں تو قصور اس میں حکومت کا نہیں، قوم اور فقط قوم کا ہے جو قومی زبان، قومی زبان کے الفاظ کی گردان تو کرتی رہتی ہے مگر کبھی ٹٹول کر یہ نہیں دیکھ سکی کہ عملی دنیا میں اس کا کچھ معنوی بھی ہے یا نہیں ۔

جہاں تک میرے اپنے عقیدے کا تعلق ہے میں اسکے لئے قوم ھی کو قصوروار ٹھہراتا ہوں کیونکہ انگریزی کے بے ضرورت تسلط سے نقصان اگر کسی کو ہے تو قوم کو ہے ۔ دفتروں میں غلط انگریزی لکھی جا رہی ہے، سکولوں میں غلط انگریزی پڑھائی جا رہی ہے ۔ مشن اور پبلک سکولوں میں صحیح انگریزی اور غلط مذھب یا غلط انگریزانہ معاشرت پڑھ رہی ہے دیکھتے دیکھتے ملک میں دو الگ الگ

اجنبی قومیں ظہور میں آ رہی ھیں ایک مشنری اور دوسری مشینری—!
اس طرح نام خدا یہ ملک ایک اسلامی ملک کی حیثیت سے پروان چڑھ رہا ھے اور قوم کی سادگی ملاحظہ ھو کہ اس Paradox کو روبانی خیر کی نگاھوں سے دیکھ رہی ھے اور منفعلانہ ھنسی ھنس کر خاموش ھو جاتی ھے ! گویا یہ بھی کوئی بڑا کام ھے ! -

کچھ روز پہلے ایک جوشیلے عزیز نے قدرے گرم ھو کر مجھ سے کہا - ''اردو کے لئے کچھ کرنا چاھیئے سید صاحب ! کم از کم اردو کو داخل دفتر تو کرا دیجئے ! میں نے کہا - عزیزم - جب میں اسکو بازار میں جگہ نہ دلا سکا تو تعلیم اور دفتر میں اس کو کون پوچھے گا —! میرا اپنا خیال تو یہ ھے کہ اگر یہ ملک یہ ملک نہ ھوتا اور یہ قوم یہ قوم نہ ھوتی تو میں اس مہم کی ابتداء بازار سے کرتا اور اسکی اولین صورت یہ ھوتی کہ اس ملک کا کوئی اشتہار یا سائن بورڈ انگریزی حروف میں نظر نہ آتا - اور یہی شے حکومت کے لئے ایک اشاریہ عبرت ثابت ھوتی - مگر یہاں ؟ یہاں تو اورینٹل کالج کا طالب علم بھی اپنے نیم انگریزی دان پرنسپل کے نام اپنی عرضی ابھی انگریزی ھی میں لکھتا ھے حالانکہ زبان کے لحاظ سے اس عرضی کی حیثیت فقط واجبی ھی ھوتی ھے - اور انشاء کا کوئی قابل فخر نمونہ اس کو نہیں سمجھا جا سکتا - !

صاحبان - یہ چند بنیادی سے عنوان ھیں اگر ھمارے صوبے کی ھوشمند اور مخلص وزارت تعلیم، قومی تعلیم خصوصاً مشرقی علوم کے ان سوالات کو قومیت اور اسلامیت کے رنگ میں سوچے گی تو ان کے تدبر سے ھمیں پوری توقع ھے کہ وہ ملکی تعلیم کو ایک ایسے راستے پر ڈالنے میں کامیاب ھو جائے گی جس کی آخری منزل ھے قومی

رفرازی اور ملکی سربلندی !ــــــ اور یہ ایک ایسی منزل ہے جس
ک پہنچنا ہمارے لئے ہر لحاظ سے ضروری ہے ۔

ختم کرنے سے پہلے ایک مختصر سی فہرست امور اور بھی ہے جو ابھی
کومت کی نگاہ لطف کی منتظر پڑی ہے ۔ اس کے عنوان ہیں ۔ یونیورسٹی اور
نوی تعلیمی ایکٹ میں تہذیبی شق کا شمول ۔ عالم فاضل امتحانات کا بدستور
ابق یونیورسٹی سے متعلق ہونا ۔ اورئینٹل کالج کی توسیع کا سوال ۔
الم فاضل امتحانات کی پابندیوں کے لئے کسی معقول اصول کی تلاش،
، سب سوال ایسے ہیں جن کے متعلق کئی برس سے بحث و تکرار
و رہی ہے مگر ہماری حکومت ان کے متعلق کوئی قدم اٹھا نہیں سکی ۔!
میں توقع ہے کہ ان سب سوالات پر جلد غور ہوگا ۔

آخر میں ۔ تکلیف کی معذرت اور صاحب صدر کا اور آپ کا
کریہ و سپاس ـــــ اور یہ التماس کہ میری گذارشات کے معاملے میں
نذ ما صفا و دع ما کدر، پر عمل فرما کر اگر میری تحریر کی بے ربطیوں
ِ معاف فرما سکیں تو یہ امر میرے لئے باعث ممنونیت ہوگا ۔

ضمیمے

ترتیب

ضمیمہ ا : کالج کے اساتذہ کی فہرست

ضمیمہ ب : شعبوں کی رپورٹ

ضمیمہ ج : متفرق

۱ - رپورٹ اورئینٹل کالج میگزین

۲ - ,, اورئینٹل کالج یونین

۳ - ,, سپورٹس

۴ - ,, کالج لائبریری

۵ - ,, کالج ہوسٹل

۶ - تعداد طلباء

۷ - یونیورسٹی ریسرچ سکالرز

۸ - تفصیل اہم تصنیفی کام جو مستقل طور پر کالج کے
اساتذہ کے پیش نظر ہے ۔

ضمیمہ الف

کالج کے اساتذہ کی فہرست

نام	عہدہ
۱۔ سید عبداللہ ایم۔ اے۔ ڈی لٹ	پرنسپل و صدر شعبہ اردو
۲۔ محمد باقر ایم۔ اے۔ پی ایچ ڈی	پروفیسر و صدر شعبہ فارسی
۳۔ شیخ عنایت اللہ ایم۔ اے۔ پی ایچ ڈی	پروفیسر و صدر شعبہ عربی
۴۔ سید وزیر الحسن عابدی ایم۔ اے	ریڈر ان سپوکن ایرانین
۵۔ عبادت بریلوی ایم۔ اے۔ پی ایچ ڈی	سینئر لیکچرار اردو
۶۔ سید وقار عظیم ایم۔ اے	سینئر لیکچرار اردو
۷۔ عبدالشکور احسن ایم۔اے۔ایل ایل بی	سینئر لیکچرار فارسی
۸۔ مولانا فیوض الرحمان عثمانی۔ مولوی فاضل۔ منشی فاضل۔ فاضل دیو بند	لیکچرار فارسی
۹۔ سید میرک شاہ۔ منشی فاضل۔ فاضل دیو بند	استاد فارسی
۱۰۔ السید ابراھیم الرحیم	استاد عربی جدید
۱۱۔ حافظ نور الحسن۔ مولوی فاضل۔ فاضل دیو بند	استاد عربی
۱۲۔ سید محمد العربی المراکشی	استاد عربی جدید
۱۳۔ عبدالصمد صارم۔ منشی فاضل۔ فاضل۔ دیو بند۔ فاضل ازھر	استاد عربی و فارسی

ضمیمه ب - شعبه وار روداد

ARABIC DEPARTMENT

Teaching Staff

The following gentlemen participated in the teaching of the M.A. Arabic Class :—

1. Dr. Shaikh Inayat Ullah, M.A., Ph.D. (London) University Proffessor.
2. Mr. Abdul Qayyum M.A., Lecturer, Government College, Lahore.
3. Hafiz Nur-ul-Hasan .. Oriental College, Lahore.
4. Syed Muhammad Al-Arabi Ditto.
5. M. Abdul Samad Sarim Ditto.
6. Dr. Fazl-e-Mahmud, M.A., D.Phil. Dyal Singh College, Lahore.
7. Mr. Abu Bakr Ghaznawi, M.A., LL.B. Islamia College, Lahore.
8. Al-Sayyid Ibrahim Rohayyum, Delegated by the Government of Egypt.

Number of Students

		Boys	*Girls*
V year Class	..	6	6
VI year Class	..	7	5
Total	..	13	11

Examination Results

Nine students of the University class took the M.A. examination, held in May, 1957. Out of these, eight students passed, giving us a pass percentage of eighty nine. Out of the successful candidates, 3 were placed in the first division, four in the second and one in the third division.

Research Work

Dr. Inayatullah continued to act as an adviser to the Editorial Committee of the Leiden Encyclopaedia of Islam, and contributed the following articles to the Revised Edition of that work during the year under report:

Ali Werdi Khan: Agha Hasan Amanat; Mir Amman; Mir Babar Ali Anis.

Dr. Inayat Ullah was elected President of the Islamic History Section of the Pakistan Historical Conference, held at Dacca in February, 1957. The address he wrote on the occasion was not only read in the Session but was also widely distributed in printed form.

Dr. Inayat Ullah was nominated as a Delegate to the International Islamic Colloquium held at Lahore in January 1958. He read a paper on "Islamic Culture; its Origin, Growth and Character."

The following persons carried on research work under the guidance of the University Professor for the degree of Ph.D. :—

Miss Amatul Majid, M.A., is preparing a critical edition of the Kitabal-Maghazi of al-Waqidi.

Rana Baha-ul-Haq, M.A., is preparing an edition of Timthal al-Amthal, a work on Arabic proverbs.

Ch. Muhammad Din, M.A., Lecturer, Government College, Lyallpur is working on a book of Apostolic Traditions.

Employment of Graduates

The following graduates of the Arabic department received employment as lecturers in Arabic during the year under report :—

Miss Sughra Adeeb, M.A., at the Government College for Women, Lyallpur.

Miss Ali Muhammad, M.A., at the Islamia College for Women, Lahore.

Miss Shamim Firdaus, M.A., as Principal, Dabiristan Fatima, Gujrat.

Miss Afzal-un-Nisa, M.A., at the Sadiq Government College for women Bahawalpur.

Mr. Sher Muhammad Zaman, M.A., at the Government College, Lahore.

Mr. Abdul Latif, M.A., at the Government College, Rawalkot.

Mr. Abdur Razzaq, M.A., at the Government College, Mirpur.

Mr. Khalid Bazmi, M.A., at the Islamia College, Lahore.

PERSIAN DEPARTMENT

Teaching Staff

1. Dr. Muhammad Baqir, M.A., Ph. D. (London). University Professor of Persian and Head of the Department.
2. Syed Vazir-ul-Hasan Abedi, M.A. (Delhi), (Licence-è: lettres.,) (Cour de D.Litt.) University Reader in Spoken Iranian.
3. Prof. A. S. Ahsan, M.A., LL.B. (Alig), Diploma in Journalism (Pb.) Certificates in Old Persian Languages Avesta, Pehelvi, Ancient Iranian Culture, Iranian History and Civilization and Spoken Iranian (Teheran). University Lecturer in Persian.
4. Dr. S. M. Abdullah, M.A., D. Litt.,

Inter-Collegiate Staff:—

5. Prof. Ilm-ud-Din Salik, M.A. M.O.L..
Islamia College. Lahore.

6. Mirza M.B. Badakhshani, M.A.,
Government College, Lahore.

7. Prof. F. D. Razi, M.A.,
Government College, Lahore.

Research Work

PUBLICATIONS

The following books and articles of research were published by the Persian Department during the year :

(*i*) Dr. Muhammad Baqir, University Professor of Persian and Head of the Department :

۱ ـ مدارالافاضل صفحہ ۱ــــ۷۷

۲ ـ اسہال در نیو یورک مجلہ انجمن عربی و فارسی دانشکدہ پنجاب، فروری ۱۹۵۷

3. Morraqa-e-Golshan :—*Journal of the Pakistan Historical Society.*

۴ ـ مولوی ـ ترغیبات جنسی کا ماہر، اورینٹل کالج میگزین، اگست ۱۹۵۷

(*ii*) Mirza M. B. Badakhshani :
ادب نامہ ایران (A Literary History of Iran) published by the University Book Agency, Lahore.

(*iii*) Mr. A. S. Ahsan, University Lecturer in Persian

۱ ـ ایرانی صوتیات اور زبان عامیانہ مجلہ انجمن عربی و فارسی دانشگاہ پنجاب، فروری ۱۹۵۷

Ph.D. Students

The following students are working for their Ph.D. under the guidance of Professor Dr. Muhammad Baqir :

Kh. Nazir Ahmad .. "Literary and Cultural Life in the reign of Shah Abbas the Great".

Mr. Inam-ul-Haq Kausar "Fughani Shirazi and the Poets of His Age."

Research Scholar

Mr. Muhammad Ishtiaq Khan was selected as Research Scholar for the session, but on getting an appointment in the Archaeological Survey of Pakistan, he quitted the post.

M.A. Research Students

The following M.A. research students worked under the guidance of Professor Dr. Muhammad Baqir and passed their M.A. Examination obtaining Class I.

1. Miss Shamim Haq :
2. Miss Zahur Akhtar Malik :

Employment of the year's graduates

Mr. Muhammad Ishtiaq Khan and Mr. Ahmad Nabi have been selected as probationers for the post of the Assistant Superintendent of Archaeology in the Government of Pakistan.

Miss Amat-ul-Rafiq has been appointed as Lecturer in Persian at the Government College, Multan. Miss Shamim Haq has been appointed as Lecturer in Persian at the Queen Marry College, Lahore. Mr. Riaz Hussain Shah has been appointed as Lecturer in Persian at the Islamia College, Lyallpur.

Extra Curricular Activities

(*i*) Public Lectures : The following public lectures were delivered by the member of the staff and Dr. Kechkineh Kazemi arranged under the auspices of the department during the session :

Date	*Lecturer*	*Subject*
27-9-1956	Dr. Muhammad Baqir	School and the Child.
12-3-1957	Dr. Kechkineh Kazemi	روابطفرهنگیایرانوپاکستان
21-4-1957	Dr. Muhammad Baqir	غالب اور برهان قاطع
20-6-1957	Dr. Muhammad Baqir	ادب اور ثقافت
16-7-1957	Dr. Muhammad Baqir	تجلیل اقبال

(*ii*) Literary and Critical Contributions : The following literary and critical articles were contributed to eminent journals :—

۱- گذارش کنگره خواجه نصیرالدین طوسی در تهران	مجله انجمن عربی و فارسی دانشگاه پنجاب 'نومبر ۱۹۵۶
۲- اور اس کی عید ہو چکی تھی	مشرق (کراچی) جنوری، ۱۹۵۷
۳- اسہال	ماہ نو (کراچی) جنوری، ۱۹۵۷
۴- نثر آزاد	نوائے وقت (لاہور) ۲۲ جنوری، ۱۹۵۷
۵- اقبال دشمنی اور ملت دشمنی	قندیل (لاہور) ۱۰ فروری ۱۹۵۷
۶- کراچی میں ایک دن	قندیل (لاہور) ۳ فروری ۱۹۵۷
۷- کردار کی تشکیل	ثقافت (لاہور) فروری ۱۹۵۷
۸- لعل مذاب	قندیل (لاہور) ۲۴ فروری ۱۹۵۷
۹- استعفا	ساقی (کراچی) فروری ۱۹۵۷
۱۰- شیخ سعدی کا ایک قطعہ	نورالتعلیم (گکھڑ) مارچ ۱۹۵۷
۱۱- اردو ادب اور ملّی زندگی	ماہ نو (کراچی) مارچ ۱۹۵۷

۱۲- علاقائی ادب اور قومی زندگی کا عکس	قندیل (لاہور) ۱۰ مارچ ۱۹۵۷
۱۳- لاہور سے کراچی تک	الحمرا (لاہور) فروری ۱۹۵۷
۱۴- مادری زبان والے سے	نئی قدریں (حیدرآباد) اپریل ۱۹۵۷
۱۵- تجلیل اقبال - تجلیل پاکستان	چٹان (لاہور) ۲۲ اپریل ۱۹۵۷
۱۶- سلسلۂ حادثات	ماہ نو (کراچی) مئی ۱۹۵۷
۱۷- لاہور بنگلے سے لاہور تک	صحیفہ (لاہور) جون ۱۹۵۷
۱۸- عظیم اللہ خان	قندیل (لاہور) ۲ جون ۱۹۵۷
۱۹- ملّی ضروریات اور ملّی زبان	ماہ نو (کراچی) جولائی ۱۹۵۷
۲۰- یہ مری ہے	قندیل (لاہور) ۲۱ جولائی ۱۹۵۷
۲۱- مری میں ثقافتی میلہ	چٹان (لاہور) ۲۲ جولائی ۱۹۵۷
۲۲- یہ مری ہے	قندیل (لاہور) ۲۸ جولائی ۱۹۵۷
۲۳- یہ مری ہے	قندیل (لاہور) ۲۵ اگست ۱۹۵۷
۲۴- ادب اور ثقافت	ماہ نو (کراچی) ستمبر ۱۹۵۷

1. Mr. A. S. Ahsan :

۱- ایران - چند تاثرات اور مشاہدات لیل و نہار (لاہور) اپریل ۱۹۵۷

2. The Pakistan Times, Lahore. 21st April, 1957. Allama Iqbal's Growing popularity in Iran.

رپورٹ شعبۂ اردو پنجاب یونیورسٹی

I - عملہ : سال زیر تبصرہ میں شعبۂ اردو کے عملے میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی اور مندرجہ ذیل اساتذہ حسب سابق شعبۂ اردو کی تدریس میں مصروف رہے :-

۱ - ڈاکٹر سید عبداللہ ایم - اے - ڈی لٹ ، یونیورسٹی پروفیسر
۲ - ڈاکٹر عبادت بریلوی ایم - اے - پی ایچ - ڈی -
۳ - پروفیسر سید وقار عظیم ایم - اے -

II - ایم - اے اردو کی تدریس انٹرکالجیٹ اصول پر ہوتی ہے - اس سلسلے میں مقامی کالجوں کے مندرجہ ذیل اساتذہ نے تدریس میں شرکت کی :-

۱ - ڈاکٹر محمد صادق - ایم - اے - پی ایچ - ڈی - دیال سنگھ کالج - لاہور
۲ - پروفیسر علم الدین سالک لاہور ایم - اے اسلامیہ کالج -
۳ - پروفیسر قیوم نظر ایم - اے گورنمنٹ کالج - لاہور

سال زیر تبصرہ میں شعبۂ اردو کے اساتذہ کے ساتھ ساتھ کالج کے مندرجہ ذیل اساتذہ فاضل اردو کی تدریس میں حصہ لیتے رہے :

۱ - مولانا فیوض الرحمن
۲ - مولانا سید میرک شاہ
۳ - مولانا عبدالصمد صارم
۴ - مولانا نورالحسن

III - ایم - اے اردو اور فاضل اردو کی جماعتوں کے داخلے کے اعداد و شمار درج ذیل ہیں :-

	طلباء	طالبات	کل تعداد
۱ - ایم اے۔اردو سال پنجم	۱۳	۵	۱۸
۲ - ایم - اے اردو سال ششم	۱۶	۳	۱۹
۳ - فاضل اردو	۱۰	۸	۱۸

I - نتائج : ایم اے - اردو کے امتحان میں دس طلباء شریک ہوئے جن میں سے نو کامیاب ہوئے - کامیاب ہونے والے طلباء میں سے تین اول درجے میں کامیاب ہوئے۔ چار دوم درجے میں اور دو سوم درجے میں کامیاب ہوئے۔ شعبہ اردو کی طالبہ مس اقبال بیگم (ایم - اے میں) پنجاب یونیورسٹی میں اول رہیں - نتیجہ ۹۰ فیصدی رہا -

۲ ایم۔اے اردو کے مقالات کی نگرانی :-

(الف) - ڈاکٹر سید عبداللہ -

نام طالب علم	عنوان مقالہ
۱ - سید بنیاد حسین شاہ	''لیسنگ کی کتاب Laokoon کے سات ابواب کا اردو ترجمہ،، -
۲ - اظہر محمد خان	''سر عبدالقادر،،
۳ - مس نصیر انور	''میتھیو آرنلڈ کے دو مضامین کا اردو ترجمہ،،
۴ - اکمل علیمی	''اردو میں مضمون نگاری کا ارتقاء،،

(ب) - ڈاکٹر عبادت بریلوی -

۱ - اقبال بیگم	''اردو تنقید پہلی جنگ عظیم کے بعد،،

۲ - فہمیدہ سلطانہ — ''غزل کے نئے رجحانات،،

۳ - ایم - رفیع الدین — ''ھڈ سن کی کتاب اسٹڈی آف لٹریچر کے تین ابواب کا اردو ترجمہ،،

۴ - ستارہ جبین — ''جگر مرادآبادی،،

(ج) - سید وقار عظیم —

۱ - محسنہ قریشی — ''مرزا عظیم بیگ چغتائی،،

۲ - منیرانساء قریشی — ''اردو کے مزاحیہ ناول،،

۳ - غلام مصطفیٰ خلجی — ''تقسیم کے بعد اردو افسانہ،،

IV تحقیقی کام کی نگرانی -

ایم - اے اردو کے مقالات کی نگرانی کے ساتھ ساتھ اساتذہ شعبۂ اردو پی - ایچ - ڈی کے مقالات کی نگرانی بھی کرتے رہے -

مندرجہ ذیل حضرات اساتذہ شعبۂ اردو کی نگرانی میں پی - ایچ - ڈی کے مقالات مرتب کرتے رہے :

(الف) - ڈاکٹر سید عبداللہ -

۱ - مسز خاور درانی - ایم - اے لیکچرار، گورنمنٹ کالج فارویمن- لائل پور، — ''بہادر شاہ ظفر اور ان کا عہد،،

۲ - پروفیسر محمد موسیٰ خان کلیم -

ایم - اے - وائس پرنسپل، گورنمنٹ کالج - ڈیرہ اسماعیل خان - — ''غالب — ایک جائیزہ،،

۳ - صفیہ عبدالحق - ایم - اے - لکچرار - لاہور کالج فار ویمن - لاہور "غلام مصطفیٰ خان شیفتہ اور ان کے معاصرین"

۴ - خواجہ محمد اختر بیگ - ایم - اے - لاہور "آتش اور ان کا زمانہ"

(ب) - سید وقار عظیم :

۱ - محمد اسلم - ایم - اے "ڈراما نگاری کا فن اور اردو ڈراما"

۲ - ناظر حسن زیدی - ایم - اے - "مومن خان مومن دہلوی"

۳ - مس کلثوم سلطانہ - ایم - اے - "نذیر احمد دہلوی"

۴ - مس آمنہ عنایت - ایم - اے - "رتن ناتھ سرشار"

۵ - عبیداللہ خان - ایم - اے - "پریم چند"

۶ - سید محمود رضوی - ایم - اے - "اردو کی داستانیں"

VII - مہر عبدالحق صاحب نے اپنے پی - ایچ - ڈی کی ڈگری کا مقالہ "ملتانی زبان اور اس کا اردو سے تعلق" ڈاکٹر سید عبداللہ کی زیر نگرانی مکمل کر کے یونیورسٹی میں پیش کیا - مقالہ مذکور پر پنجاب یونیورسٹی نے عبدالحق صاحب کو پی - ایچ - ڈی - کی ڈگری عطا کی -

VIII - اردو ریسرچ اسکالر :-

مسٹر غلام حسین ایم - اے بحیثیت اردو ریسرچ اسکالر ''ارد
ادب کا سیاسی و عمرانی پس منظر،، کے موضوع پر تحقیقی مقالہ
ڈاکٹر سید عبداللہ کی زیر نگرانی لکھ رہے ھیں -

IX - اساتذہ شعبہ اردو نے مندرجہ ذیل طلباء کو (بورڈ میں
پیش ہونے سے قبل) پی - ایچ - ڈی - کے مقالات کے سلسلے
میں مشورے اور ھدایات دیں :-

۱ - مس آمنہ مینائی - ''اردو نثر کا لکھنوی دبستان،،
۲ - مس زبیدہ قریشی - ''میر اور ان کا کلام،،
۳ - مظفر حسن ملک - ''دبیر ان کا فن اور زمانہ،،
۴ - عبدالغفور - ''عبدالحلیم شرر،،
۵ - مس شمیم اختر - ''اردو شاعری میں فطرت ا
مطالعہ فطرت،،

X - ایم - اے پاس کرنے کے بعد مندرجہ ذیل طلباء حصول
ملازمت میں کامیاب ہوئے :-

۱ - ایم اقبال گل - لیکچرار، اسلامیہ کالج - سیالکوٹ
۲ - اقبال بیگم - لیکچرار، زنانہ گورنمنٹ کالج
بھاولپور -
۳ - ایم - اسلم کاظمی - لیکچرار، اسلامیہ کالج، پشاور
۴ - حسن عسکری - انسپکٹر محکمہ دیہی امداد -
گجرات -
۵ - نظیر جہاں - لیکچرار، گورنمنٹ کالج برا
خواتین ، گجرات -
۶ - مہرالنسا یوسف - استاد مدرستہ‌البنات - لاھور
۷ - منور جہاں - لیکچرار گورنمنٹ کالج برا
خواتین ، سیالکوٹ -

۸ - سید بنیاد حسین شاہ - لیکچرار، گورنمنٹ کالج، رحیم یار خان -

۹ - محسنہ قریشی - لیکچرار، زنانہ اسلامیہ کالج، لاہور

۱۰ - نصیر انور - زنانہ گلبرگ کالج - لاہور

XI - اساتذہ شعبہ اردو کی تحریریں جو سال زیر تبصرہ میں مختلف ادبی رسائل میں شائع ہوئیں :-

(الف) - ڈاکٹر سید عبداللہ :-

۱ - ''میر کا ایک نقاد - محمد حسین آزاد''	ادب لطیف - لاہور -
۲ - ''اقبال کا ایک ممدوح نظیری''	ماہ نو، کراچی -
۳ - ''داغ کا اشک غم''	خیال - لاہور -
۴ - ''اقبال و حافظ کے ذہنی فاصلے''	صحیفہ - لاہور -
۵ - ''۱۸۵۷ء کا ایک مرثیہ خواں ظہیر دھلوی''	ماہ نو، کراچی -
۶ - ''غدر سر سید کی نظر میں''	امروز، جنگ آزادی نمبر، لاہور -
۷ - ''ناسخ کی منسوخ شاعری''	نئی تحریریں - لاہور
۸ - ''کاغذی پیراھن''	نئی قدریں - حیدرآباد - سندھ

۹ - "میر کے کلام میں فکر و نظر کا عنصر"	علی گڑھ میگزین - علی گڑھ -
۱۰ - "میں اور میر"	سویرا - لاہور
۱۱ - اردو ادب کے گذشتہ دس سال	ہمایوں سالنامہ ۵۸ء
۱۲ - اردو تنقید سال ۵۸ء میں	ادب لطیف - سالنامہ ۵۸ء -
۱۳ - Oriental Studies in Pakistan	West Pakistan, Lahore.
۱۴ - Urdu Literature after Partition	West Pakistan, Lahore.

(ب) ڈاکٹر عبادت بریلوی

I - مندرجہ ذیل کتابیں شائع ہوئیں :-

۱ - تنقیدی تجربے - شائع کردہ اردو دنیا - کراچی،

۲ - کلیات میر تقی میر - ترتیب و تدوین معہ مقدمہ، شائع کردہ اردو دنیا - کراچی -

۳ - مقدمات عبدالحق - ترتیب و تدوین - شائع کردہ انجمن ترقی اردو پاکستان - کراچی -

II - مندرجہ ذیل کتابوں پر مقدمات لکھے :-

۱ - رگ سنگ - ناولٹ از انور سجاد - شائع کردہ گوشہ ادب - لاہور -

۲ - خشت خوں - (مجموعہ کلام امامی بنگلوری) شائع کردہ انجمن ترقی اردو - میسور - بنگلور -

۳ - وادیٔ خیال - (مجموعہ کلام جوہر دہلوی)

III - مندرجہ ذیل مقالات شائع ہوئے :-

۱ - جوش ملیح آبادی - لیل و نہار - لاہور ۱۹۵۷ء

۲ - نواب مرزا شوق لکھنوی اور ان کی مثنویاں - لیل و نہار، لاہور، جون ۱۹۵۷ء جلد ۷، نمبر ۲۵ -

۳ - ہماری داستانیں - لیل و نہار، لاہور فروری ۱۹۵۷ء

۴ - میر کا تغزّل - افکار، کراچی - ستمبر ۱۹۵۷ء

۵ - میر کا تفکّر - دستور، لاہور جلد ۶ - نمبر ۷ - ستمبر ۱۹۵۷ء

۶ - غالب کے تغزّل میں شوخی کا پہلو - سویرا - لاہور، نمبر ۲۲ - ۱۹۵۷ء

۷ - جنگ آزادی (۱۸۵۷ء) کا ادب - خیال، لاہور، نمبر ۱ - ۲، ۱۹۵۷ء

۸ - لکھنئو اور جنگ آزادی، ۱۸۵۷ء - خیال لاہور، نمبر ۱-۲، ۱۹۵۷ء

۹ - حضرت محل - امروز، آزادی نمبر ۱۹۵۷ء

۱۰ - اردو شاعری اور تذکرہ دہلیٔ مرحوم - آزاد کشمیر - راولپنڈی - آزادی نمبر ۱۹۵۷ء

۱۱ - اردو ادب ۱۹۵۶-۵۷ میں، امروز، کراچی و لاہور (پانچ قسطوں میں مسلسل شائع ہوا -) اگست و ستمبر ۱۹۵۷ء

۱۲ - جدید ادب اور داخلیت پسندی - نئی قدریں، حیدر آباد سندھ - خاص نمبر -

۱۳ - پاکستان کے ادبی مسائل - لیل و نہار - لاہور، یوم استقلال نمبر، اگست ۱۹۵۷ء

۱۴ - جدید اردو تنقید کے بعض مسائل، افکار کراچی دسمبر ۱۹۵۷ء

۱۵ - ادبی تحقیق کے بنیادی اصول، افکار - کراچی - جنوری ۱۹۵۸ء

۱۶ - غالب کی عظمت - افکار - کراچی - فروری ۱۹۵۸ء

۱۷ - مومن کا تغزل - اردو، کراچی - اکتوبر ۱۹۵۷ء

۱۸ - حسرت موہانی - ہمایوں، لاہور سالگرہ نمبر ۱۹۵۸ء

۱۹ - جدید اردو ادب اور اس کا مطالعہ - لیل و نہار، ۹ فروری ۱۹۵۸ء

۲۰ - غالب کے تغزل کا سماجی پہلو - آجکل - دہلی - فروری ۱۹۵۸ء

(ج) - سید وقار عظیم

I - مطبوعات :-

مندرجہ ذیل کتابیں شائع ہوئیں :-

۱ - نیا افسانہ -

۲ - اندر سبھا و شرح اندر سبھا -

II - مندرجہ ذیل مقالات شائع ہوئے :-

۱ - اردو ناول کا ارتقاء، سویرا، لاہور، مارچ ۱۹۵۷ء

۲ - سرشار کی الف لیلہ - لیل و نہار، - لاہور، مارچ ۱۹۵۷ء

۳ - سرشار کا ایک کردار، امروز، لاہور، اپریل و مئی ۱۹۵۷ء

۴ - داستان غدر اور بہادر شاہ، امروز، لاہور، مئی ۱۹۵۷ء

۵ - داستان غدر - خیال - لاہور، مئی ۱۹۵۷ء

۶ - قصہ اگر و گل ، استقلال - لاہور، ۱۹۵۷ء

۷ - کہانی اور آزادی کا حق - استقلال - لاہور، اگست ۱۹۵۷ء

۸ - تقسیم کے بعد افسانہ - امروز، لاہور، اگست ۱۹۵۷ء

۹ - تقسیم کے بعد ناول - لیل و نہار، لاہور، اگست ۱۹۵۷ء

۱۰ - بہادر شاہ - آزاد کشمیر - راولپنڈی - اگست ۱۹۵۷ء

۱۱ - آزاد ایک روایت - استقلال - جنوری ۱۹۵۸ء

۱۲ - شگوفہ محبت (سرور) لیل و نہار، جنوری ۱۹۵۸ء

۱۳ - ہماری قصہ گوئی کے دس سال - امروز، لاہور، مارچ ۱۹۵۸ء

XII - اساتذہ شعبہ اردو نے مرکزی حکومت کی سکیم "ضخیم اردو قاموس،، کی ترتیب میں حصہ لیا - پروفیسر سید وقار عظیم صاحب نے کالج یونین کے صدر کی حیثیت سے کام کیا -

ضمیمہ ج (متفرق)

اورینٹل کالج میگزین

مقام مسرت ہے کہ اورینٹل کالج کا تحقیقی مجلہ اورینٹل کالج میگزین جو ڈاکٹر سید عبداللہ، پرنسپل، اورینٹل کالج کی زیر ادارت نکل رہا ہے تمام مشکلات کو طے کرکے اپنے اصل مقام پر پہنچ گیا ہے - سال زیر تبصرہ میں اورینٹل کالج میگزین میں شائع ہونے والے مضامین میں بڑی دلچسپی کا اظہار کیا گیا ہے - مندرجہ ذیل حضرات کے ۳۰ گرانقدر مضامین اورینٹل کالج میگزین میں چھپے -

ڈاکٹر سید عبداللہ، کلب علیخان، ڈاکٹر نذیر احمد - ڈاکٹر محمد باقر، ڈاکٹر وحید قریشی، ڈاکٹر فضل محمود، ذکی ولیدی توغان،

ڈاکٹر فواد سیزگن۔ ڈاکٹر محمد سلیم، مسٹر ولی اللہ خان، علامہ عبدالرحمن چغتائی، ا۔ د۔ نسیم، شیخ اصغر علی، مولینا عبدالصمد صارم۔ وغیرہ وغیرہ ۔

علاوہ ازیں پاکستان کے دیگر ادباء نے بھی اس رسالہ میں اپنے گراں قدر مضامین شائع کرائے ۔ یہ رسالہ دنیا کے علمی مرکز میں پہنچتا ھے ۔ بہت سے غیر ملکی حضرات اس رسالے کے خریدار اور اعزازی ممبر ھیں ۔

اوریئنٹل کالج یونین

موسم گرما کی تعطیلات کے بعد ۲۲ اکتوبر کو یونین کے انتخابات عمل میں آئے اور مندرجہ ذیل عہدہ‌دار چنے گئے :-

نائب صدر	خواجہ عبدالجبار بانڈے
معتمد عمومی	حفیظ‌الرحمن خان
نائب معتمد	محمد اکرام خان
معتمد طالبات	مسز عذرا حیدر

۲۹ ۔ اکتوبر کو کالج یونین کا پہلا اجلاس ھوا جس میں کالج میں ھونے والی تقریبات کا فیصلہ کیا گیا اور اس پروگرام کے مطابق مندرجہ ذیل تقریبات ھوئیں :-

۱ - پہلی ادبی نشست مشاعرہ - ۱۱ نومبر ۱۹۵۷ء بوقت ۴ بجے شام زیر صدارت عالی جناب سید وزیرالحسن عابدی اسٹاف روم میں منعقد ھوئی ۔ جس میں لاھور کے معزز شعراء کرام جناب احسان دانش اور طفیل ھوشیار پوری نے طلبا و طالبات کو اپنے کلام سے

محظوظ فرمایا ۔ محفل مشاعرہ کے اختتام پر جملہ مہانوں کو چائے دی گئی ۔

۲ ۔ دوسرا فرشی مشاعرہ نسبتاً بڑے پیمانے پر زیر صدارت عالیجناب خواجہ دل محمد صاحب اسٹاف روم میں بتاریخ ۱۸ ۔ دسمبر بوقت چار بجے شام منعقد ہوا ۔ شعراء کرام میں جناب ایف ۔ ڈی گوہر، شکیب جلالی، سیف زلفی اور شفیق کوٹی صاحب کی غزلیں سامعین نے خصوصیت کے ساتھ پسند کیں ۔ یہ مشاعرہ تقریباً ۴ گھنٹے جاری رہنے کے بعد جناب صدر صاحب کے دوھوں پر ختم ھوا ۔ اختتام پر جناب صدر نے سامعین کا شکریہ ادا کیا ۔

۳ ۔ ڈاکٹر مہدی علاّم صاحب نے Theory of Quran in reference to forgiveness. کے موضوع پر بڑی فاضلانہ تقریر فرمائی ۔ علامہ اپنی عربی تقریر کا ترجمہ خود ھی انگریزی میں کرتے جاتے تھے ۔ اس فاضلانہ اور تحقیقی مقالے سے حاضرین بے حد متاثر ھوئے ۔

۴ ۔ کل پاکستان انٹرکالجیٹ اردو مباحثہ بتاریخ ۲۳ ۔ جنوری ۵۸ء بوقت ۴ بجے شام مینارڈ ھال میں منعقد ھوا ۔ موضوع بحث تھا :

"مستقبل میں انسان کی فلاح و بہبود مذھب میں مضمر ھے"

مسٹر عابد علی بٹر نے قائد ایوان اور مسٹر نثار احمد ریاض نے قائد حزب اختلاف کی حیثیت سے قرارداد کی حمایت و مخالفت کی ۔ منصفین کے فرائض عالی جناب ڈاکٹر محمد صادق پروفیسر دیال سنگھ کالج، لاھور ۔ اختر اقبال کمالی صاحب پروفیسر اسلامیہ کالج لاھور اور

وقار عظیم صاحب پروفیسر اوریئنٹل کالج لاهور نے انجام دیئے ۔ اس مباحثه میں انعامات حاصل کرنے والے اصحاب مندرجه ذیل هیں :-

پہلا انعام	مسٹر ارشاد کاظمی ۔ لا کالج۔لاهور
دوسرا انعام	مسٹر محمد تقی. سندھ مسلم آرٹ کالج ۔ کراچی
تیسرا انعام	مسٹر ریاض اختر ۔ لا کالج۔لاهور
انعام طالبات	مس سلیم اختر ضیاء اسلامیه کالج فارویمن
سپیشل انعام (کمسن مقرر)	مسٹر درار رضوی ۔ دیال سنگھ کالج ۔ لاهور

۵ - ۱۳ مارچ ۹ بجے صبح مضمون نویسی کا مقابله هوا جس میں طلبه و طالبات نے حصه لیا ۔ مسٹر محمد طارق اول اور ظهیر احمددوم رهے۔

۶ - کالج کی طرف سے مقامی کالجوں کے مباحثوں میں مسٹر نثار احمد ریاض نمائندگی کرتے رهے۔ چنانچه انهوں نے اسلامیه کالج لاهور اور انجینیرنگ کالج لاهور میں منعقد هونے والے مباحثوں میں بالترتیب انعام دلجمعی اور اول انعام حاصل کیا ۔ مسٹر نثار احمد ریاض نے یونیورسٹی یونین کی بھی نمائندگی کی اور ایم ۔ اے ۔ او ۔ کالج لاهور میں منعقد هونے والے مباحثه میں یونین کے لئے ٹرافی جیتی ۔

۷ - مسٹر عابد علی بٹر نے گورنمنٹ کالج لاهور میں ینگ سپیکرز یونین کے زیر اهتمام هونیوالے انگریزی مباحثه میں دوم انعام حاصل کیا ۔

۸ - ان تقریبات کے علاوه کالج کی وه تقریبات خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر هیں جن میں بعض ملکی اور غیر ملکی اکابر علم و ادب کو

مدعو کیا گیا ۔ اور طلبه و طالبات نے ان کے خیالات سے استفادہ کیا ۔ جو معزز مہمان علیحدہ علیحدہ ان تقاریب میں تشریف لائے ان کے اسمائے گرامی یه هیں :-

۱ - پروفیسر رگھو پتی سہائے فراق
۲ ـ ڈاکٹر الگیزنڈر بوسانی (اٹلی)
۳ ـ ڈاکٹر خلیفه عبدالحکیم
۴ ـ ڈاکٹر مہدی علام (مصر)
۵ ـ ڈاکٹر فروزانفر (ایران)
۶ ـ سر هملٹن گب (جرمنی)

سپورٹس

اورینٹل کالج ایک خالص علمی درسگاہ ھے ۔ اسمیں داخل ہونے والے طلبه عموماً عمر کے ساتھ علم کے بھی پخته مراحل میں داخل هو چکے ہوتے هیں، کالج کی دو ساله زندگی میں ان کی علمی مصروفیت اس قدر غالب اور ان کا علمی انہاک اس قدر شدید ہوتا ھے که وہ کھیلوں اور اسی نوع کی دوسری تفریحات کے لئے بہت کم وقت نکال سکتے هیں ، لیکن با ایں همه مقام مسرت ھے که وہ زندگی کے ان خوشگوار اور دلچسپ پہلوؤں سے یکسر غافل اور بے خبر بھی نہیں هیں ـ علمی مصروفیات انہیں جسقدر اجازت دیتی هیں اتنا هی وہ ان مشاغل میں شوق کا اظہار کرتے رهتے هیں۔ چنانچه انہوں نے کالج میں والی بال، بیڈمنٹن اور کشتی رانی کے مختلف کلب قائم کر رکھے هیں جنمیں وقتاً فوقتاً حصه لیتے رهتے هیں، کشتی رانی کے لئے دریائے راوی میں کالج کی اپنی پانچ کشتیاں موجود هیں، والی بال

اور بیڈمنٹن کے لئے کالج کے سامنے کا لان موجود ھے، طالبات نے اپنا الگ بیڈمنٹن کلب قائم کر رکھا ھے جس کے تحت وہ کالج کے مغربی لان میں با پردہ کھیل سکتی ھیں، ھر سال کے اختتام پر یونیورسٹی گراؤنڈ میں کالج کے طلبہ کے مجموعی مقابلے ھوتے ھیں چنانچہ اب کے برس بھی تمام طلبہ اور اساتذہ یونیورسٹی گراؤنڈ میں جمع ھوئے اور طلبہ نے پورے ذوق و شوق اور گرمجوشی سے مختلف مقابلوں میں حصہ لیا، کشتی رانی کے مقابلوں کے موقعہ پر کافی چہل پہل اور رونق رھی، کالج کے اکثر اساتذہ بھی اس موقعہ پر موجود تھے اور اپنی شرکت سے کافی حد تک طلبہ کی حوصلہ افزائی کی، یہاں غالباً اس بات کا ذکر و اظہار بھی غیر مناسب نہ ھوگا کہ یہ تمام تفریحات ان طلبہ کے اپنے شوق کا نتیجہ ھیں ورنہ کھیلوں کے نگران اور ان کے مشق کرانے کیلئے بد قسمتی سے کالج کے پاس کوئی فزیکل انسٹرکٹر موجود نہیں ھے۔

کالج ھوسٹل

اوریئنٹل کالج کا دارالاقامہ جو ولنر ھوسٹل کہلاتا ھے کالج کے تقریباً متصل جانب شرق واقع ھے اسمیں چالیس طلبہ کے قیام و طعام کے علاوہ اور بھی ھر طرح کی سہولتیں اور آسائشیں انہیں میسر ھیں، دارالاقامہ میں صفائی کی حالت گذشتہ تمام برسوں کی نسبت اب کے زیادہ بہتر ھے، سامنے کے مختصر سے تکونی لان میں ایک خوبصورت پھلواری لگا دی گئی ھے جسکی وجہ سے منظر نہایت خوش نما اور دل کش ھو گیا ھے۔

دارالاقامہ کو محض ایک سرائے کی حیثیت سے نہیں دیکھا جاتا جسمیں ھر ماہ کچھ فیس لیکر ان کی رھائش اور دوسری رعایات کا

انتظام کر دیا جاتا ہو بلکہ اس کے بر عکس اسے ایک عمدہ تربیت گاہ کے نقطہ نظر سے دیکھا جاتا ہے جہاں طلبہ کے اخلاق اور کردار کی پوری پوری نگرانی کی جاتی ہے اور صوم و صلوٰۃ وغیرہ عبادات کی پابندی پر خاص زور دیا جاتا ہے، مقام شکر ہے کہ طلبہ اپنے طور پر بھی ان فرائض کو بخوبی سمجھتے اور ان کا پورا پورا پاس و لحاظ رکھتے ہیں چنانچہ یہی وجہ ہے کہ وہ قدم قدم پر سپرنٹنڈنٹ کے ساتھ کامل تعاون کرتے اور باہم نہایت اخوت اور بھائی چارے سے رہتے ہیں -

دارالاقامہ میں ایک کامن روم بھی موجود ہے جس میں طلبہ فرصت اور تفریح کے اوقات میں ٹیبل ٹینس، کیرم بورڈ اور اس قسم کی دوسری ہلکی ہلکی کھیلوں سے جہاں اپنا جی بہلاتے ہیں وہاں کچھ دیر تک آپسمیں مل بیٹھ کر ایک طرح کی یک جہتی، اتحاد اور یگانگت کا از خود سبق بھی لیتے ہیں، سال کے آخر میں ان کھیلوں کے باہم مقابلے ہوتے ہیں جن میں اچھے کھیلنے والوں کو انعامات دے کر ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے -

کالج لائبریری

لائبریری کے لئے جو جگہ بنائی گئی ہے وہ روز بروز تنگ ہوتی جا رہی ہے کیونکہ کتب اور فرنیچر میں اضافہ ہو رہا ہے - اس لئے انتظامات کئے جا رہے ہیں کہ لائبریری کو وسیع کیا جائے - اس سال بھی لائبریری میں بطور پیش کش کچھ کتب موصول ہوئیں- اس وقت کالج لائبریری میں ۴۲۹۶ کتب موجود ہیں -

تعداد طلبہ

(جو سال ۱۹۵۷-۵۸ء میں داخل ہوئے)

باقاعدہ

۱ - ایم - اے عربی سال پنجم	8
۲ - ایم - اے - عربی سال ششم	15
۳ - ایم - اے - فارسی سال پنجم	27
۴ - ایم - اے - فارسی سال ششم	39
۵ - ایم - اے - اردو سال پنجم	24
۶ - ایم - اے - اردو سال ششم	25
۷ - ایم - اے - اسلامک سٹڈیز سال پنجم	17
۸ - ایم - اے - اسلامک سٹڈیز سال ششم	35
کل تعداد	190
۹ - منشی فاضل	13
۱۰ - ادیب فاضل	26
۱۱ - مولوی فاضل	6
۱۲ - عربی شام کی کلاس	21
۱۳ - سپوکن ایرانین کلاس	8
کل تعداد	74

یونیورسٹی ریسرچ سکالر

عربی -	خالی ہے
فارسی -	ایضاً
اردو -	مسٹر غلام حسین ذوالفقار

تفصیل اھم تصنیفی کام جو مستقل طور پر کالج کے اساتذہ کے پیش نظر ھے :-

ڈاکٹر سید عبداللہ

۱ - تفصیل میر (ایک مبسوط کتاب زیر ترتیب ھے) -
۲ - مسائل اقبال (ایک مستقل کتاب زیر ترتیب ھے) -
۳ - تنقید قدیم و جدید - (ایک مستقل کتاب زیر ترتیب ھے)

ڈاکٹر محمد باقر

اس وقت ڈاکٹر محمد باقر کے پیش نظر مندرجہ ذیل کام ھیں جن کو وہ انجام دے رھے ھیں :-

۱ - چند اساتذہ کی مدد سے ''قاموس فارسی'' مرتب کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ھے جس کے لئے پاکستان کے تمام فارسی کے اساتذہ کو دعوت دی گئی ھے کہ وہ اس کام میں شرکت کریں - اب تک ۱۶ اصحاب نے اس کام کو کرنے کے لئے ذمہ داری قبول کی ھے اور انہیں کام تفویض کر دیا گیا ھے -

۲ - شیخ اللہ داد فیضی سرھندی نے فارسی کا ایک لغت ۱۰۰۱ ھجری قمری میں ترتیب دیا تھا - اس کے کل نو نسخے دنیا کے مختلف ممالک میں موجود ھیں - یہ تمام نسخے یا ان کے مائیکرو فلم اور روٹوگراف فراھم کر لئے گئے ھیں اور ان کے تقابل سے 'مدارالافاضل' کو تصحیح اور

حواشی کے ساتھ شائع کیا جا رہا ہے ۔ خیال ہے کہ یہ کتاب، ایکہزار سے زائد صفحات پر مشتمل ہوگی ۔

ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ

معمولی درس و تدریس اور دیگر قسم کی ریسرچ کے علاوہ شعبہ عربی نے ایک جامع مگر مختصر ''دائرۃ المعارف عربیہ،، یعنی عربی سائیکلوپیڈیا کا منصوبہ تیار کیا ہے ۔ جو ایک جلد میں مکمل ہوگا ۔ اس کی ضخامت قریب ایک ہزار صفحات پر مشتمل ہوگی ۔ جسکا دائرہ صرف عربی زبان اور عربی ادبیات تک محدود ہوگا ۔ اس میں صرف عربی زبان کے ادیبوں شاعروں اور مصنفوں سے امتاع کیا جائیگا ۔ اس سائیکلوپیڈیا کی ترتیب و تالیف سے مقصود یہ ہے کہ عربی کے طلبہ اور اساتذہ کے لئے ایک کم قیمت اور مختصر Book of Reference تیار کر دی جائے جسکی طرف وہ آسانی سے رجوع کر سکیں ۔ اور بوقت ضرورت یہ دریافت کر سکیں کہ فلاں مصنف کس زمانے اور کس ملک کا آدمی تھا ۔ اس کا خاص دائرہ عمل کیا تھا ۔ اس کا اپنے فن میں کیا مرتبہ ہے اور اسکی مشہور اور متداول کتابیں کون کون سی ہیں ۔ اسکے بارے میں مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہے ۔

چند رفقائے کار کی معیت میں اس اہم کام کی ابتدا کر دی گئی ہے امید ہے کہ انشاءاللہ دو سال کے اندر اندر یہ کام اتمام کو پہنچ جائے گا ۔

ڈاکٹر عبادت بریلوی

۱ ۔ بعض ادیبوں کے ساتھ مل کر اردو کی ایک مفصل تاریخ ادب ترتیب دی جا رہی ہے یہ تاریخ تین جلدوں میں شائع ہوگی ۔ (ناشر شیخ غلام علی اینڈ سنز تاجر کتب کشمیری بازار لاہور ۔)

۳ - اردو ادب کا نیا دور کے موضوع پر ڈاکٹر عبادت بریلوی تین سال سے کام کر رہے ہیں - اس موضوع پر خاصا کام ہو چکا ہے۔ یہ کتاب ۱۸۵۷ء سے ۱۹۵۷ء تک کے ادب کا ایک مکمل تحقیقی و تنقیدی جائزہ ہے - اس میں اصناف ادب پر مفصل بحث ہے -

۴ - مندرجہ ذیل کام زیر ترتیب ہیں :-

۱ - کلیات حالی - (ترتیب و تدوین مع ایک مفصل خلاصہ)
۲ - معراج العاشقین (,,)
۳ - اردو کے اسالیب نثر
۴ - مومن (ایک تحقیقی و تنقیدی مطالعہ)
۵ - ولی (ایک تحقیقی و تنقیدی مطالعہ)
۶ - نظیر (,,)
۷ - اردو تذکروں کا تحقیقی و تنقیدی مطالعہ انشاءاللہ جون تک چھپ جائے گا -

۸ - ڈاکٹر عبادت صاحب کی مندرجہ ذیل کتابوں کے ایڈیشن ختم ہو چکے ہیں - ان کی دوبارہ اشاعت کے لئے وہ ان پر نظر ثانی کر رہے ہیں :

۱ - تنقیدی زاویے (مکتبہ اردو)
۲ - اردو تنقید کا ارتقا (انجمن ترقی اردو پاکستان)

سید وقار عظیم

۱ - سید وقار عظیم بعض ادیبوں اور نقادوں کے اشتراک میں ایک مبسوط تاریخ ادب اردو لکھنے کے کام میں مصروف ہیں -

۳ - بعض پرانی کتابوں کی از سر نو ترتیب و تدوین کا ایک پروگرام پیش نظر ھے - اس پروگرام کے تحت مندرجہ ذیل کتابوں کی ترتیب عمل میں آ چکی ھے - ان کی کتابت ھو رھی ھے -

۱ - نو طرز مرصع - زرس -
۲ - فسانہ عجائب - رجب علی بیگ سرور -
۳ - بیتال پچیسی -
۴ - رانی کیتکی کی کہانی -

۴ - مندرجہ ذیل تصانیف کے نئے ایڈیشن مرتب کئے جا رھے ھیں :-

۱ - فن افسانہ نگاری -
۲ - ھمارے افسانے -

سید وزیرالحسن عابدی

عابدی صاحب حسب ذیل موضوعات پر ۱۹۵۲ء سے تحقیقی کام کر رھے ھیں :-

۱ - ایرانی صوتیات (مسلمان عالموں کی صوتیاتی تحقیق اور جدید علم صوتیات کی روشنی میں) -

۲ - دور جدید کا ایرانی محاورہ (ایرانی محاورے کے دور بدور تحول کے پس منظر کے ساتھ) -

ان دونو موضوعات پر زیر تدوین کتابوں کے ابتدائی صفحات چھپ بھی چکے ھیں -

خطبۂ صدارت

جلسہ

تقسیم انعامات یونیورسٹی اوریئنٹل کالج، لاہور

منعقدہ ۳۰ اپریل ۱۹۵۸ء

از

ڈاکٹر عبدالوحید

سابق رکن سنڈیکیٹ

پنجاب یونیورسٹی

لاہور

★

خواتین و حضرات !

جب مجھے میرے محترم جناب ڈاکٹر سید عبداللہ صاحب کا دعوت نامہ بلکہ "تہدید نامہ" موصول ہوا کہ اس جلسے کی صدارت مجھے ہی کرنا ہوگی تو سب سے پہلا رد عمل جو میرے دل و دماغ میں پیدا ہوا وہ یہ تھا کہ :

مجھ تک کب ان کی بزم میں آتا تھا دور جام
ساقی نے کچھ ملا نہ دیا ہو شراب میں

آخر کیا وجہ ہے کہ شہر کے لائق تر اور اس اعزاز کے مستحق تر صدر نشینوں سے قطع نظر کرکے مجھے یہ ذمہ داری سونپی جا رہی ہے۔ لیکن جب میں نے معاملے کی تہ تک پہنچنے کی کوشش کی تو اس کی حکمت بہت جلد میری سمجھ میں آ گئی یہ در اصل محترم سید صاحب کو ان کی سرکاری حیثیت اور عہدے کے ادب آداب اس بات پر مجبور کرتے ہیں کہ وہ کھل کر اپنے ما فی الضمیر کا اظہار نہ کریں ۔ اور دل میں جو بات ہے اسے دل تک ہی محدود رہنے دیں ۔ ادھر انہیں میری جرأت رندانہ اور اس جبلی عادت کا بھی پورا علم ہے کہ خدا لگتی کہنے سے کبھی نہیں چوکتا ۔ کیونکہ میرا شیوہ ہی یہ رہا ہے کہ : ع

فاش می گویم و از گفتہ خود دل شادم

کیونکہ ع

آنچہ بر دل گزرد وقف زباں دارد شمع

اس کے علاوہ علوم شرقیہ کے سلسلے میں میرے عقائد اور ان علوم سے میری محبت بھی ان کے علم میں تھی۔ غالباً یہی وہ داعیہ تھا جس نے سید صاحب

کو اکسایا کہ وہ مجھے اس جلسے کی صدارت پر مجبور فرمائیں ۔ مجھے بھی مروت اور وضع داری کی وجہ سے مجال انکار نہ رہی اور باوجودیکہ میں اس کرسی پر بیٹھنے کا پورا استحقاق نہیں رکھتا پھر بھی خدمت علوم اور پھر سید صاحب کے حکم سے مجبور ہوکر از راہ امتثال امر یہاں حاضر ہوگیا ہوں اور اس کو اپنے لئے موجب عزت تصور کرتے ہوئے نہایت مختصر طور پر اپنے خیالات کا اظہار کرتا ہوں ۔

حضرات مجھے کوئی نئی اور انوکھی بات نہیں کہنی ۔ بلکہ محترم سید صاحب اور حاضرین جلسہ ھی کے ان خیالات کی ھمنوائی و تائید مقصود ہے جو وہ اپنی قومی زبان و دیگر علوم شرقیہ کے باب میں رکھتے ھیں ۔ گویا :

آ عندلیب مل کے کریں آہ و زاریاں
تو ھائے گل پکار ، میں چلاؤں ھائے دل

لب و لہجہ قدرے تند ہے لیکن اس سے مفر نہیں ۔ کیونکہ جلے دل سے دھؤاں ھی اٹھتا ہے ۔ شیریں و سرد پانی کے سوتے نہیں پھوٹتے ۔

کسی قوم کا علمی ، ادبی اور ثقافتی سرمایہ اس کی زندگی اور عظمت کا آئینہ دار ھوتا ہے ۔ اس سرمایہ سے اس کے ذھنی رجحانات اور فکری ارتقاء کی عکاسی ھوتی ہے ۔ ماضی کی عکاسی ھوتی ہے ۔ ماضی کی شوکت رفتہ ، حال کے گوناگوں مسائل و تحریکات اور مستقبل کے ولولہ انگیز عزائم ، سب قومی ادب میں جلوہ نما ھوتے ھیں ۔ جن سے اس قوم کی تہذیب و تمدن اور اخلاق اقدار کی نشاندھی ھوتی ہے ۔

قیام پاکستان کے تہذیبی نتائج کو (جن میں ادب و آرٹ محض ضمنی مظاھر ھیں) ھمارے ارباب اقتدار نے دور غلامی میں پرورش پائے ہوئے

اذہان کے مغربی تصورات کی بھینٹ چڑھا کر اس فکر و نظر کا منہ چڑایا ہے جس کی اساس پر قوم کی متنوع صلاحیتوں اور قوتوں کی عمارت کو کھڑا کرنا تھا ۔ پاکستان جس نظریہ اور مقصد کے تحت وجود میں آیا ، اس کا تقاضا تھا کہ ادب اور آرٹ بلکہ خود سائنس ، مشرقی و مغربی علوم کی تفریق سے بالا تر ہو کر اس نظریہ کی ہمہ گیری سے متاثر ہوتے ۔ مگر افسوس ہے کہ یہ اہم مسئلہ ارباب حل و عقد کی فکری ژولیدگی ، ذہنی انتشار اور متذبذب حکمت عملی کا شکار ہو گیا ۔ قومی زبان اُردو سے بالخصوص اور دیگر السنۂ شرقیہ سے بالعموم بے اعتنائی ہمارے قومی رہنماؤں کی ذہنی پستی اور تنگ نظری کی دلیل ہے اور ہمارے قومی نظریات کے قطعی منافی ۔

متضاد مقاصد اور دور غلامی کے غیر صحت مند تصورات کی وجہ سے ہم قیام پاکستان کے حقیقی مقصد کو اپنی نگاہوں سے اوجھل کر چکے ہیں ۔ زبان کا مسئلہ قومی اہمیت کا نازک ترین مسئلہ ہے ۔ صرف ملک و ملت کے عمومی مفادات کے حامل نقطہ ہائے نگاہ کی بنا پر ہی اس سے عہدہ برائی ممکن ہے ۔ ہمیں اپنے دل و دماغ کو غلامی کی قیود سے آزاد کر کے اپنی قومی زبان اور دیگر علوم شرقیہ کے احیاء و تحفظ کے لئے مسلسل جد و جہد جاری رکھنی پڑے گی تا آنکہ وہ اپنا جائز و صحیح مقام حاصل کر لیں ۔

یہ امر مسلمہ ہے کہ ہماری صلاحیتیں اس وقت تک معراج کمال پر نہیں پہنچ سکتیں جب تک کہ غیر ملکی زبان اظہار خیال کا ذریعہ ہے ۔ اگر ہمارے ملک کے بہترین دماغ دور غلامی کی طرح آج بھی غیر ملکی زبان کو ترجیح دیں اور اپنی قومی زبان کو ثانوی درجہ پر رکھیں تو لا بدی طور پر ہمارا ادبی اور ثقافتی سرمایہ ان بنیادی خصوصیات سے عاری اور کورا رہے گا جن کے بغیر جذبات میں گہرائی ، تصورات میں رفعت اور

احساسات میں شگفتگی پیدا نہیں ہو سکتی - اگر قومی اور ملی احساس آج تیزی سے مائل بہ تنزل ہے اور معاشرے کی اصلاح دشوار سے دشوار تر ہوتی جارہی ہے تو اس کی بڑی وجہ یہی ہے کہ ہمارے قومی ادبی سرمایہ نے ابھی اس نصب العین کی حدود کو چھوا تک بھی نہیں جس کے تصور سے پاکستان کا قیام عمل میں آیا -

علوم شرقیہ کی ترویج اور قومی زبان کی نشو و نما کے لئے اورینٹل کالج کی حیثیت مسلم اور مستند ہے - اس ادارے کی گزشتہ پوری صدی کی نمایاں خدمات اور شان دار روایات کے پیش نظر اسے اتنا استحقاق ضرور تھا کہ جب یونیورسٹی کے دیگر شعبوں کی وسعت و ترقی کے لئے دولت کی گنگا بہہ رہی ہے تو اس کالج کی بھی دل کھول کر سرپرستی کی جاتی - تاکہ اس درسگاہ کو امن و سکون اور فارغ البالی کی ایسی فضا میسر آتی کہ وہ مشرقی علوم و فنون میں لت نئی تحقیقات کی قابل رشک روایات قائم کرتی - مگر ع

اے بسا آرزو کہ خاک شدہ

بجائے اس کے کہ انہی لاکھوں روپے کی امداد سے یونیورسٹی کے اس مہتم بالشان دانش کدہ کو، کہ جس کا فیضان علم برصغیر و پاکستان کے علاوہ بیرونی ممالک پر بھی حاوی ہے - علمی، ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں کا مرکز بنایا جاتا، ارباب اقتدار نے شاید کسی سوچے سمجھے ہوئے منصوبے کے ماتحت اس بات کا پورا اہتمام کیا ہے کہ کوئی ایسی بات نہ ہونے پائے جس سے اورینٹل کالج کو کسی طرح کی ترقی نصیب ہو - مختلف علمی ادبی ثقافتی کاموں کے لئے ڈیڑھ اینٹ کی الگ الگ مسجد بنانے کی پالیسی پر عمل کرنے کا اس کے سوا اور کیا مطلب ہو سکتا ہے کہ اس مرکزی

تنظیم کو کمزور کر دیا جائے - یہی وجہ ہے کہ ان کاوشوں میں نہ جوش ہے نہ جذبہ ، نہ توانائی ہے نہ کارکردگی ، نہ وسعت ہے اور نہ ہمہ گیری -

یقین جانیے کہ ارباب بست و کشاد کے یہ رجحانات ملی تعمیری کاموں کے لئے سخت مہلک ہیں۔ ملت پاکستان کی علمی، ادبی، تہذیبی اور ثقافتی توقعات آپ کے اس عظیم و قدیم ادارے سے وابستہ ہیں اور ہر صحیح الخیال بہی خواہ ملت اس قومی ادارے کی توسیع اور اس کے دائرہ عمل کو وسیع تر بنانے کا متمنی ہے - قیام پاکستان کے بعد غلامانہ دور کی بساط الٹ چکی ہے - اور بلاشبہ اب نئی طرز کی صحت مند اخلاق اقدار کو جنم لینا چاہئے - مگر ان میں پائنداری اس طرح پیدا ہو سکتی ہے کہ آزادی سے پیدا شدہ جذبہ نے افکار و اذہان میں جو بیداری و انقلاب کا سیل بے کراں پیدا کیا ہے وہ دیگر شعبہ ہائے زندگی کے علاوہ ادب و ثقافت پر بھی محیط ہوجائے۔ ادب و ثقافت اپنی حرارت و بلند آہنگی سے خلوص و جوش کے ذریعہ ملی زندگی کے اس عہد آفریں دور میں ایک نئی لہر دوڑادے جس سے قوم عظمت و وقار سے ہمکنار ہو - اساسی عقائد کی صحیح الخیالی ہی ایسی ادبی و ثقافتی زندگی کی ترقی کی ضامن ہو سکتی ہے -

مگر افسوس ہے کہ ہمارے ادب و ثقافت پر اجنبی تسلط کے مضر اثرات نہ صرف اب تک موجود ہیں بلکہ صاحب اثر حلقوں کی انفرادی مخاصمتوں اور گروہی رقابتوں نے ملی نصب العین کے حصول کی تمام شعوری کوششوں کو بے اثر کر رکھا ہے - مگر فکر کی بیداری، خیال کی آزادی اور نظریہ قیام پاکستان کی معجز نما تخلیقی قوت ضرور اس محدود علم بردار حلقے کی مساعی کو بار آور کرے گی - جو قومی زبان اور ادب و ثقافت کو ان کا صحیح مقام دلانے میں پیہم مصروف عمل ہے -

حضرات—قومی زبان کا سوال، عربی زبان کی ترویج عام اور علوم مشرقیہ کے تحفظ کی ضرورت کوئی ایسا مسئلہ نہیں جس کی اہمیت طویل استدلال کی محتاج ہو۔ یہ سب امور قوم کی بنیادی ضرورت کا درجہ رکھتے ھیں۔ اس لئے آج سوال یہ نہیں کہ ان امور کے تحفظ کی ضرورت ہے یا نہیں بلکہ بڑا سوال یہ ہے کہ ان کے تحفظ کے لئے کیا اقدام کیا جائے۔

میں دیکھتا ھوں کہ کئی برس سے ان مسائل کی بحث جاری ہے اور اس پلیٹ فارم سے داد رسی کی آواز مسلسل اٹھ رھی ہے مگر نتیجہ کچھ نہیں نکلتا! میری پختہ رائے ہے کہ اب جد و جہد کی عملی صورت کو بدلنا پڑے گا۔ اور حکومت اور یونیورسٹی سے اپنا مطالبہ منوانے کے لئے رائے عامہ کو کسی اور انداز سے منظم کرنا پڑے گا۔ کیونکہ محض ریزولیشن یا محض خطبے کوئی کام نہیں کر سکتے۔


---

(١) الظاهر أن النسبة إلى قاشان -

(٢) هو على بن محمد التغلبى المتوفى سنة ٦٣١ ﻫ ، صاحب كتاب الإحكام وغيره (انظرالوفيات ١ : ٣٢٩ و بروكلمن ١ : ٣٩٣) -

(٣) فى النسخة المطبوعة من شذرات الذهب (٥ : ١٧٢) ما نصه : و فيها (سنة ٦٣٥ ﻫ) حكيم الفاضل سديدالدين أبوالثناء محمود بن عمرالحابولى عرف بابن دقيقة الشيبانى صنف كتاب قانون الحكماء و فردوس الندماء وكتاب الغرض المطلوب فى تدبير المأكول و المشروب و غير ذلك و له ديوان شعر و ذكر من أبياته المتعلقة بالطب اثنى عشر بيتا -

كان أوحد زمانه فى علم الهندسة و الهيئة، و له اليد الطولى فى أشياء مستغربة كان يبتدعها ، و له تصانيف فى الطب منها كتاب لطف المسائل و لحف السائل أرجوزة تزيد على ثمانمائة الف بيت (كذا) و نظم أرجوزة أخرى هي مسائل حنين تزيد على ألفي بيت ، نزل دمشق و تقدم عند ملوكها و من شعره يمدح الملك الأشرف من قصيدة أولها :-

دعاك داعى الصبا فافتح له أذنا　　فبالعكوف على اللذات قدأذنا

منها :-

و سقنيها و سق القوم مغتنماً　　عذا فان غريم الهم لازمنا

و هى طويلة و له أشعار أخرى وتوفى بدمشق فى جمادى الآخرة سنة خمس و ثلاثين [و ستمائة]،

(٧٩٧) عزالدين أبو نصر محمود بن محمد بن طاهر الطوسى الكاتب

كان كاتبا عالما بطريقة الكتاب، وله مختصر فى ذلك ،

(٧٩٨) عزالدين أبوالفتح محمود بن محمد بن محمد (؟) خطيران الهمذانى الرئيس

قرأت فى تاريخ شيخنا تاج الدين أبى طالب الخازن قصيدة كتبها العدل العالم الأديب الخطيب شمس‌الدين أبوالمناقب(١) بن أبى الفضائل الهاشمي الواعظ الحافظ المدرس ، قال : و عملت تعزيته بالمستنصرية يوم الأحد العشرين من جمادى الأولى سنة ست و ستين و ستمائة ، و أول القصيدة :-

حديث المنى إفك فعد عن الإفك　　ولا تطعنن فى لبةالحق بالشك

منها :-

و عن مثل عزالدين لم يبق صرفها　　فهل هذه إلاالحقيقة بالترك

و هى طويلة ،

---

(١) هو محمد بن عبيدالله الكوفى المتوفى سنة ٦٨٥ هـ ولى التدريس بالمدرسة التتشية و خطب بجامع السلطان و وعظ بباب بدر ، الحوادث الجامعة (ص ٣٣٣) وانظر أيضاً تاريخ العراق (١ : ٢٨٥) -

صرف سرورق
پنجاب یونیورسٹی پریس لاہور میں چھپا
۲۳۸—۴,۰۰۰—۱۸-۸-۵۵

۵

اورینٹل کالج میگزین

اورینٹل کالج

میگزین

نومبر ۱۹۵۸ء

جلد ۳۵ عدد ۱ عدد مسلسل ۱۳۵

ایڈیٹر :-

ڈاکٹر سید عبداللہ

✶

باہتمام مسٹر احسان الحق، ہیڈ کلرک، یونیورسٹی اورینٹل کالج، لاہور
پرنٹر و پبلشر اورینٹل کالج میگزین، پنجاب یونیورسٹی پریس، لاہور
میں طبع ہو کر اورینٹل کالج لاہور سے شائع ہوا۔

سالانہ چندہ چار روپے

ترتیب

پی - ۳۸۸ پنجاب یونیورسٹی پریس—۳۰۰—۵۸-۱۰-۳۰

ڈاکٹر نذیر احمد

گیارھویں صدی ھجری کی ابتدا کا ایک گمنام مگر اھم مؤرخ

یعنی

فزونی استر آبادی

جوں جوں تلاش و تحقیق کا قدم آگے بڑھتا جاے گا گمنام شخصیتوں پر سے پردے ھٹیں گے اور نئے نئے مأخذ سامنے آتے جائیں گے آج کی صحبت میں ایک ایسی ھی گمنام شخصیت یعنی فزونی استر آبادی کا تعارف کرایا جا رھا ھے۔ فزونی کی زندگی کی تفصیل نہیں ملتی۔ اس کے ماخذ نہایت ھی محدود ھیں ۔ بڑے درجے کا شاعر نہونے کی بنا پر شعرا کے تذکروں میں اس کے متعلق ضروری باتیں نہیں ملتیں ۔ جو باتیں درج بھی ھیں وہ اتنی ناکافی ھیں کہ ان سے اس مصنف کی زندگی کی تمام کڑیاں جوڑی نہیں جا سکتیں۔ صرف عبد النبی فخر الزمانی کے تذکرۂ میخانہ (۱۰۲۶ھ) میں اسکے متعلق بعض باتیں درج ھیں ۔ عبد النبی کو فزونی سے ملنے کا بھی اتفاق ھوا تھا اس لئے جو کچھ میخانہ میں درج ھے وہ نہایت ھی مستند ھے اگر یہ تذکرہ سامنے نہ ھوتا تو عجب نہیں کہ یہ اھم مصنّف گمنامی کے پردے سے باھر نہ نکلتا ۔ فزونی ویسے تو مؤرخ کہلانے کا مستحق ھے لیکن اس کی تصانیف اس درجہ کمیاب ھیں کہ اسکو مؤرخین کی صف میں جگہ نہ مل سکی ۔ بہر حال داخلی و خارجی ذرایع سے جو کچھ معلومات

فراہم ہوسکی ہیں ان کو اس مضمون کی شکل میں ذیل کے اوراق میں پیش کیا جا رہا ہے عجب نہیں کہ مولف مذکور کی زندگی اور تصانیف سے بعض اہم تاریخی ضرورتیں پوری ہو سکیں -

میخانہ میں(۱) فزونی کا اصلی نام ہاشم بیگ اور عرفات عاشقین(۲) میں میر محمد ہاشم بتایا گیا ہے اور اس کی تصدیق کم و بیش دوسرے بیان(۳) سے بھی ہو جاتی ہے- مؤلف عرفات نے باپ کا نام جلال الدین(۴) نقاش لکھا ہے - وہ استرآباد(۵) کا رہنے والا تھا چنانچہ وہ برابر اسی

---

(۱) مطبوعہ ص ۴۴۴ -

(۲) عرفات عاشقین نسخۂ خطی بانکی پور ورق ۵۶۶ اس نسخے کے مطالب پروفیسر سید حسن صاحب پٹنہ کالج نے بھیجے تھے ، راقم ان کا بہت ممنون ہے -

(۳) ملاحظہ ہو ریاض الشعراء جلد ۲ ص ۹۱ اور مخزن الغرایب (بحوالۂ میخانہ ص ۴۴۳) - دونوں جگہ نام میر ہاشم ملتا ہے -

(۴) مگر ریاض الشعراء ص ۹۱ میں صرف جلال نقاش درج ہے -

(۵) موجودہ ایران کے استان دوم میں بحر خزر کے کنارے ایک چھوٹا سا شہر ہے - اس کے شمال میں رود اترک ، جنوب میں شاہ کوہ (جو شاہرود و بساط کو استرآباد سے الگ کرتا ہے) مشرق میں خراسان اور مغرب میں کوہ جریب کا سلسلہ واقع ہے جو استرآباد اور مازندران کے درمیان حد فاصل کا کام دیتا ہے - استرآباد قرلق کوہ کے شمال میں ۱۱۹ میٹر کی بلندی پر واقع ہے اس کا قدیمی نام استرک تھا - صفویوں کے زمانے میں یہ کئی بار لٹا - (مثلاً ملاحظہ ہو تاریخ عالم آرائے عباسی چاپ جدید ص ۵۸۴) - نادر شاہ کے عہد سلطنت میں اس کے گرد دیوار کھینچی گئی - دور قاچاریہ کی ابتدا میں ایک مستحکم قلعہ بن گیا - عہد صفوی کے آثار اب تک باقی ہیں آبادی تقریباً ۱۵ ہزار افراد پر مشتمل ہوگی - قدیم زمانے میں بڑا شہر اور تجارت کی بڑی منڈی تھی - اس کی دو بندرگاہیں گز اور بندر شاہ کے نام سے موسوم ہیں - یہ دونوں تہران اور خرم شہر سے بذریعہ ریل ملے ہیں (لغت نامۂ دھخدا (جزو اژدھا - اسحاق) ص ۲۱۴۳---۲۱۴۴ ملخصاً) -

نسبت سے یاد کیا جاتا ھے ۔ اس نے اپنی کتاب ''بحیرہ،،(۱) میں اس شہر کو اپنا وطن لکھا ھے :

در نسخۂ از شیخ محی‌الدین مغربی نقل میکند که در شرق استر آباد کوهی است که آنرا کوه سلیمان نامند ۔ اگر نجاست در آن موضع واقع شود چندان باران ببارد که آن کوه پاك شود ۔ راقم این حروف دعوای صدق این حدیث میکند چه ازان ملک است ۔

فزونی کی ابتدائی زندگی کے حالات نہیں ملتے صرف اتنا معلوم ھے کہ وہ اپنے وطن ھی میں رشد و تمیز کو پہنچا اور وھں اسکی شاعری کی ابتدا ھوئی ۔ میخانہ(۲) میں لکھا ھے کہ وطن ھی میں فزونی تخلص اختیار کیا اور جوانی کی ابتدا میں جو اسکے نشو و نما کا زمانہ تھا تجارت کے ارادہ سے وطن سے نکل کھڑا ھوا اور ایران کے مختلف حصوں میں پھرتا رھا ۔ ایران و عراق کے جن شہروں میں فزونی رہ چکا ھے ان میں سے بعض کا نام اپنی دوسری تصنیف ''فتوحات عادلشاھی،، میں اس طرح لایا(۳) ھے :

این داعی بتاریخ ۱۰۰۵ھ به تماشای این مصر جامع (نورسپور متصل بیجاپور دکن) رسید و نسبت به آبادانی

(۱) صفحہ ۱۷۳ ۔ فزونی تخلص کے کئی اور شاعر گذرے ھیں ایک اس کا ھم وطن ھی تھا اور اس کا نام محمود تھا ۔ دوسرا فزونی سبزواری تھا جو فزونی استرآبادی کا ھم عصر بھی تھا ۔ اس کا حال '' نظم گزیدہ '' مولفہ ناظم تبریزی ورق ۱۷۱—۱۷۲ پر درج ھے ۔

(۲) ص ۴۴۴ ۔

(۳) نسخہ سر جادو ناتھ سرکار ص ۱۵۷ ۔

قدیم خراب یافت ـ سبب پرسید فرمودند امثال این خرابیها در این کشور بسیار است گاه از عبور لشکر تخت نشین دهلی و گاه از عبور سلاطین دکن ـ این داعی را . . . مدت اوقات بیشتر بسیر و سیاحت گذشته و شهرهاے خراب مثل مداین ، استخر ، نیشاپور ، جرجان، آمل ، طوس ، قم دیده قسم براستی که این بلاد خراب هیچ یک به نورسپور نرسند ـ

اس بیان سے صاف ظاهر ہے کہ فزونی نے ایران کے مشرق ، شمالی اور جنوبی حصے کی بخوبی سیر کی تھی ـ شمالی ایران کے شہروں میں جرجان (= گرگان(۱)) اور آمل(۲) ہیں ـ مشرق ایران میں طوس اور نیشاپور ہیں جو صوبۂ خراسان کے اهم مراکز تھے ـ قم تہران کے مغرب میں واقع ہے ـ استخر جو تخت جمشید کے نام سے مشہور ہے جنوبی ایران کا اهم مقام اور جو ھخامنشی خاندان (۵۵۰ ق م - ۳۳۰ ق م) کے آخری بادشاھوں(۳) کا دار الخلافه رہ چکا تھا جسکی عظمت و شان و شوکت کی صداے بازگشت وھاں کے کھنڈروں میں آج تک گونجی ہوئی ہے ـ تخت جمشید کے سیاح سے بعید ہے کہ وہ شیراز کی سیر نہ کرے جو یہاں سے چند میل دکھن میں اسلامی تمدن کی روایت کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے ـ قم اور شیراز کے مسافر کے لئے

---

(۱) گرگان ولایت استر آباد کا ایک شہر ہے - قدیم زمانے میں اسکی اهمیت بہت زیادہ تھی - آجکل یہ شہر رود گرگان کے دونو کناروں پر آباد ہے ـ مقبرہ قابوس وشمگیر اس شہر سے تین کلو میٹر کے فاصلے پر گبند قابوس (گبند کاؤوس) نامی مقام پر واقع ہے جو آل زیار کی یادگار ہے ـ

(۲) طبرستان (مازندران) کا بڑا شہر تھا پرانے زمانے میں اسکی بڑی اهمیت تھی - موجودہ شہر کی آبادی تقریباً دس ہزار ہوگی (لغت نامه دهخدا ص ۱۷۸) -

(۳) داریوش بزرگ (۵۱۷ ق م) سے داریوش سوم تک ـ

سفر کاشان و اصفہان بالکل قرین قیاس ہے - صفویوں کے دور میں خصوصاً شاہ عباس کی تبدیلی(۱) دار الخلافہ کے بعد اصفہان کی رونق کا کوئی ٹھکانا ہی نہ تھا - شاہ عباس کے دور کے سیاح کے لئے اصفہان کی سیر نہ کرنا قرین قیاس نہیں ہو سکتا - ممکن ہے صفویوں کے پہلے دار الخلافہ قزوین کو بھی دیکھنے کا اتفاق ہوا ہو - مغربی ایران کے کسی شہر کا ذکر فزونی نے نہیں کیا مگر وہ مداین گیا تھا اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ جو شخص ساسانیوں کی اس عظمت گاہ کا نظارہ کرے گا وہ بغداد کو ضرور دیکھے گا یہ مداین سے چند ہی میل کے فاصلے پر ہے - مداین کے خرابات نے خاقانی شروانی سے پر درد مرثیہ لکھوایا تو ہلاکو کے ہاتھوں بغداد کی تباہی نے سعدی شیراز کو خون کے آنسو رلایا - اس لئے بالکل قرین قیاس یہی ہے کہ فزونی نے اس عظیم ترین اسلامی مرکز کی سیاحت ضرور کی ہوگی - ممکن ہے عراق کے شہروں کا سیاح عتبات عالیہ کی زیارت بھی کر چکا ہو - کاظمین تو بغداد ہی کا ایک جزو ہے - کربلا، نجف اور کوفہ تینوں چند میل کے فاصلہ پر واقع ہیں - بغداد ہی کے قریب قدیم تمدن کا گہوارہ بابل بھی تھا - کیا یہ عجیب نہوگا کہ بابل کے تاریخی کھنڈر اور بخت نصر کے عظیم الشان(۲) محل کے آثار اس علاقے کے سیاح کے مرکز توجہ نہیں بنے -

---

(۱) ۱۰۰۶ ہجری میں اصفہان دار الخلافہ ہوا تھا (تاریخ عالم آرائے عباسی ص ۵۴۴) مگر اس سنہ میں فزونی خراسان میں رہا ہوگا - اس لئے اصفہان کی ترقی و رونق دیکھنے کا اسے اتفاق نہیں ہوا ہوگا -

(۲) نیشاپور - جرجان - طوس - بغداد - تخت جمشید - مداین وغیرہ پر نورسپور کی ترجیح سوائے مبالغہ کے اور کسی چیز پر محمول نہیں کی جا سکتی -

بحیرہ سے بھی اسکی طویل سیاحت کا پتہ چلتا ہے مگر سفر ایران کی ضروری تفصیل اس میں درج نہیں صرف دو جگہ ضمنی ذکر آ گیا ہے۔ ایک بار(۱) یزید بن مہلب کے اس سخت قسم کے بیان کے دوران میں جس کی رو سے اس نے اہل گرگان کو اتنی تعداد میں قتل کیا کہ ان کے خون سے چکی چلی اور اسکے ذریعے پسے ہوے آٹے کی روٹی کھائی:

آن آسیا را در آن ملک الحال آسیای خونی میگویند قریب بگنبد قابوس واقع است در کنار جرجان و محرر این سطور آن موضع را دیدہ۔

گنبد قابوس جو بگڑ کر گنبد کاؤوس ہو گیا ہے فزونی کے وطن استر آباد سے بالکل ھی نزدیک تھا اس لئے وھاں مؤلف کی برابر آمد و رفت رھتی ھی ہوگی۔

امور بدیعہ کے ضمن میں ایک(۲) جگہ اس طرح آیا ہے:-

۱۰۰۷ ھجری میں بادشاہ ایران (شاہ عباس) نے جب خراسان(۳) فتح کیا اس وقت تون کے سادات میں سے ایک جوان یزد کے سفر سے آیا تھا۔ ابھی وہ بالکل نوجوان ھی تھا

---

(۱) ص ۱۰۳ -

(۲) ص ۵۰۲ -

(۳) فزونی کے ساقی نامے کی یہ بیت ملاحظہ ہو۔

خدنگش رگ جان خصمان گرفت

بیک حملہ تیغش خراسان گرفت

فتح خراسان کی تفصیل عالم آرای عباسی جلد دوم کتاب اول پر ۵۶۳ تا ۵۷۳ پر ملے گی۔ قزلباشی اور اوزبکی لشکروں کا مقابلہ ۵ محرم ۱۰۰۷ھ کو ہوا تھا۔ اس جنگ میں دین محمد بادشاہ ازبک قتل ہوا اور اسکے بعد اوزبکوں کا زور گھٹ گیا۔

مگر شہر میں داخل ہونے کے دوسرے ہی روز فوت ہو گیا - اس ملک میں کوئی حاذق طبیب نہ تھا - غسل کے دوران میں اسکے چہرے کی رگ میں جنبش پیدا ہوئی لیکن تھوڑی دیر میں ختم ہو گئی پھر اسکو قبر میں رکھ دیا گیا، جب قبر کو تختے سے بند کرنے لگے تو اس نے اپنا پیر سمیٹا - اس حالت کو دیکھ کر حاضرین کو سخت حیرت ہوئی اور ایک شور برپا ہو گیا - فوراً فصاد بلایا گیا اس نے پیشانی پر فصد لگائی تو اس سے سیاہ خون نکلا - تھوڑی دیر میں جوان کو چھینک آئی وہ اٹھ کھڑا ہوا اور اپنے پاؤں گھر چلا آیا - راقم حروف اس بیان کی صداقت کا شاہد ہے -

آخری جملے سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ ۱۰۰۷ ہجری میں فزونی خراسان کے شہر تون میں موجود تھا اور اس سنہ کے بعد وہ ہندوستان آیا ہوگا -

فزونی کا ورود ہند: ہم کو معلوم نہیں کہ فزونی کب اور کس طرح ہندوستان آیا - اوپر ذکر ہو چکا ہے کہ میخانہ میں تجارت کے عنوان سے وطن سے نکلنے کا بیان ہے لیکن ظاہر ہے اس سے ہندوستان کا سفر مراد نہیں ہو سکتا بلکہ اسکے ایران کے سفر کی طرف اشارہ مقصود ہوگا - میخانہ کے الفاظ (۱) یہ ہیں -

در بہار جوانی و ایام نشو و نمائے زندگانی از وطن بعزم تجارت بر آمدہ پارۂ سیر سفر کردہ آنچہ داشتہ در سیاری صرف

---

(۱) ص ۳۳۳ -

مردم اهل نموده در لباس فخر فقر در آمده در آن لباس عالم را گشته ۔

آخری جملے سے ظاہر ہے کہ جب ہندوستان آیا ہوگا تو املاك دنیوی میں سے اسکے پاس کچھ نہ رہا ہوگا ۔

فزونی کے ورود ہند کے ضمن میں بحیرہ میں سے چند واقعات درج کئے جاتے ہیں :

(۱) امور بدیعه کے سلسله کا ۱۰۰۷ ہجری کا واقعہ جو تون میں رونما ہوا تھا اور جس وقت فزونی وہاں موجود تھا ۔ اس سنہ کے بعد ہی وہ ہندوستان آیا ہوگا ۔ اس کے قبل کسی صورت میں ممکن نہیں ۔

ایک دوسرا(۱) واقعہ اس طرح بیان ہوا ہے :۔

۱۰۰۸ ہجری میں خواجه عبد الصمد(۲) نقاش نے جو اپنے فن میں یگانۂ دہر ہے، ایک صندوق بنا کر ممالک ہندوستان

---

(۱) ص ۵۴۸ ۔

(۲) عہد اکبری کا ممتاز مصور تھا جسکو بادشاہ نے شیریں قلم کا خطاب دیا تھا ۔ وہ شیراز کا باشندہ تھا ۔ اس کا باپ خواجه نظام الدین شاہ شجاع کا وزیر رہ چکا تھا ۔ جب ہمایوں تبریز میں تھا تو عبد الصمد اسکی خدمت میں حاضر ہوا تھا ۔ اور اس وقت بھی اسکی مصوری و خطاطی کا بڑا چرچا تھا ۔ ہمایوں اسے اپنے ساتھ لانا چاہتا تھا مگر اس وقت وہ نہ آسکا ۔ پھر ۹۵۶ھ میں کابل میں ہمایوں سے آملا ۔ اکبر کے زمانے میں ۴۰۰ کا منصبدار تھا ۹۸۵ھ میں فتحپور دار الضرب کا محافظ اور ۹۹۴ ہجری میں ملتان کا دیوان مقرر ہو گیا ۔ اس نے سورۂ اخلاص تخم خشخاس پر لکھ ڈالا تھا ۔ اس کا بیٹا شریف جہانگیر کے زمانے میں امیر الامرا اور پنج ہزار منصبدار ہو گیا تھا ۔ باپ کی طرح نقاشی میں کافی ممتاز تھا اور شاعری میں فارسی تخلص کرتا ۔ خواجه عبد الصمد کے حالات کے لئے ملاخطه ہو آئین اکبری ص ۸۳ ، ترجمه آئین اکبری بیورج جلد دوم ص ۱۱۴ ، ۵۵۴ نمبر ۲۶۶ ، ص ۵۸۲ نمبر ۳۵۱ ، توزک جہانگیری ص ۶ ـ ۷ ۔

کے فرماں روا شنہنشاہ اکبر کی خدمت میں پیش کیا ۔
اس صندوق کے چاروں طرف آینہ بندی کر دی تھی اور اسکے سامنے کی طرف ایک لعل جڑ دیا تھا اگر کوئی اس لعل میں نظر کرتا تو میلوں تک لعل ھی بکھرے ہوئے دکھائی دیتے ۔ جب دوسرے دروازے کو کھولتے تو طرح طرح کے میوے نظر آنے لگتے اور جب تیسرا دروازہ کھولا جاتا تو لوگ بہار اور نگار کا نظارہ کرتے ۔ اسطرح اس کے چاروں طرف عجیب عجیب کیفیت مشاھدہ میں آتی کہ شاید ھی کسی نے دیکھا ہو ۔

لیکن اس بیان سے یہ نتیجہ نہیں نکالا جا سکتا کہ ۱۰۰۸ ھجری میں فزونی اکبر بادشاہ کے دربار میں باریاب تھا ۔

ایک تیسرا واقعہ اسطرح(۱) شروع ہوتا ھے :-

۱۰۱۰ ھجری میں ایک معتبر آدمی نے بیان کیا کہ میں خوارزم میں تھا تو اھل روس نے اھل خوارزم پر حملہ کر کے انکو دریاے خوارزم سے آگے بھگا دیا .....

اس بیان سے بھی پتہ نہیں چلتا کہ فزونی ۱۰۱۰ ھجری میں ھندوستان میں ھے یا ایران میں ۔

ایک اور (۲) واقعہ کے ضمن میں یہ تاریخ آ گئی ھے مگر اس سے بھی خاطر خواہ نتیجہ نہیں نکالا جا سکتا ھے :-

۹۱۳ ھجری(۳) میں بادشاہ پرتگال نے ھرمز پر قبضہ کر کے

---

(۱) ص ۵۴۳ ۔
(۲) ص ۵۸۶ ۔
(۳) عالم آرائے عباسی ص ۶۱۳ پر ۹۱۲ ھجری عربی میں درج ھے ۔

وهاں کے بادشاہ سلقر شاہ(۱) بن توران شاہ کو مطیع کر لیا -
فرنگی مسلمانوں پر ظلم کرتے تھے یہاں تک کہ ۱۰۱۰
ھجری(۲) میں شاہ عباس کے حکم سے اللہ ویردی خان حاکم
فارس نے ھرمز کو فرنگیوں سے چھین لیا اور ۱۰۳۷ ھجری
تک لشکر قزلباش اس پر قابض ھے -

۱۰۱۳ ھجری کا ایک واقعہ بحیرہ میں اسطرح(۳) بیان ھوا ھے :

اس سند میں اڑیسہ کے راجا نے جو ھندوستان کے بڑے
راجاؤں میں ھے بادشاہ جم جاہ فریدون بارگاہ جہانگیر
پادشاہ کی خدمت میں ایک ھیرا بھیجا جس کا وزن ۲۷
تولہ تھا - ھیرا نہایت نفیس تھا مگر سڈول نہ تھا - اسکو
سڈول کرنے کے لئے فرنگی بندروں سے بڑے ماھر استاد
طلب کئے گئے - انھوں نے کافی ھیرے کے ریزے کی مدد
سے اسکو سڈول کیا تو اسکی قیمت پہلے سے دو چند ھو گئی -

اگرچہ بظاھر یہ واقعہ کسی سے سن کر نقل ھوا اس لئے اس
بیان سے اسکا قیام ھند قطعی طور پر ثابت نہیں ھو سکتا لیکن قرین
قیاس یہی ھے کہ اسوقت وہ ھندوستان میں پہنچ چکا ھوگا کیونکہ
۱۰۱۷ ھجری کے کچھ قبل ھی وہ بنگال کے مشرق حصے میں موجود

---

(۱) عالم آرا میں اس کا نام سلغر شاہ بن توران شاہ ثانی دیا ھے (ایضاً)-

(۲) شاہ عباس کے پندرھویں سال جلوس میں بحرین اور ھرموز کی مہم در پیش ھوئی - بحرین کی فتوحات کے سلسلے میں اللہ ویردی کو مسلمانوں سے بھی جنگ کرنا پڑی تھی -

(۳) ص ۳۷۸ - جہانگیر کی تخت نشینی روز پنجشنبہ ۸ جمادی الثانی ۱۰۱۴ ھجری میں عمل میں آئی تھی (توزک جہانگیری ص ۱) -

تھا جیسا کہ اس عبارت سے(۱) صاف طور پر معلوم ھوتا ھے:

اس کتاب کے مولف (یعنی فزونی) نے جو عجائبات دیکھے ان میں ایک یہ ھے کہ ھندوستان کے انتہائی مشرق حصے میں ایک قصبہ عثمان پور میں ۱۰۱۷ ھجری میں ایک سانپ رات کو درخت پر بولتا اور چار مرتبہ حق حق کہتا تھا۔ تقریبا چھ ماہ راقم اس قصبہ میں رھا تھا مگر ایک رات بھی اس سانپ نے اپنا ذکر ترک نہ کیا۔ خدا گواہ ھے کہ کلمۂ حق کو اتنی فصاحت و صفائی سے ادا کرتا کہ اس کی اور آدمی کی آواز میں کسی قسم کا تفاوت نہ ھوتا۔

جب ۱۰۱۷ ھجری میں ھندوستان کے طویل سفر کے بعد رکتے رکاتے انتہائی شرق حصے میں پہنچ جاتا ھے اور وھاں کے صرف ایک قصبے میں ۶ ماہ تک قیام کرتا ھے تو اس کا ورود ھند کم از کم دو اڑھائی سال قبل ضرور تسلیم کیا جا سکتا ھے اس لئے ۱۰۱۴ ھجری کے قریب اس کا ھندوستان میں ھونا تقریباً یقینی سا معلوم ھوتا ھے۔ امکان اس کا ضرور باقی رھتا ھے کہ اس کے قبل بھی آسکتا ھے مگر اس تاریخ کے(۲) بعد آنے کا امکان نہیں۔

---

(۱) ص ۴۸۳۔

(۲) عرفات عاشقین ورق ۵۶۶ ب پر ھے کہ "مدتے است کہ بہند آمدہ چند گاہ با صفدر خان بود" عرفات ۱۰۲۲ ھجری میں مرتب ھو رھی تھی اس اعتبار سے اس سال کے کافی قبل فزونی ھندوستان آ چکا تھا۔

اسی سلسلے میں ایک واقعہ کی تحقیق بہت ضروری ھے - بحیرہ میں جزیرہ(۱) پیگو کے بیان کے دوران میں ایک جملہ اس طرح کا آیا ھے :-

پنج سال شد کہ در آن سر زمین زراعت نہ شد ـ الحال کہ ہزار و شش است خبر رسید کہ روے بآبادانی نہاد -

میرے خیال میں جو تاریخ (یعنی ۱۰۰۶ ھ) اس عبارت میں آئی ھے وہ بحیرہ اور فزونی سے متعلق نہیں ھے - اس کے قرائن حسب ذیل ھیں :-

(۱) جزیرۂ پیگو کا ذکر ۳۴ویں باب میں ھے جس کے متعلق فزونی(۲) نے ابتدا میں صراحت کی ھے :-

بحیرہ لکھتے وقت خواجہ باقر انصاری کی ایک کتاب راقم حروف کے مطالعہ میں آئی - خواجہ باقر بادشاہ مغفرت پناہ اکبر بادشاہ کے دور میں ۲۲ سال تک صوبہ بنگال کے حاکم کا کروری تھا ـ اس نے چین ، ماچین ، پیگو اور خطا کے تمام جزیروں کے حالات کی تحقیق کی تھی - مؤلف کی غرض یہ ھے کہ مجھے جزائر ہند کے بیان کے صدق و کذب سے معذور رکھا جاے -

اس سے صاف ظاہر ھے کہ فزونی نے باقر انصاری کی کتاب کے واقعات من و عن درج کر دئیے ھیں - جزائر پیگو کی تفصیلات بھی

---

(۱) ص ۵۶۱ -
(۲) ص ۵۵۸ -

باقر ھی کی کتاب سے ماخوذ ھیں اس لئے تاریخ مذکور یعنی ۱۰۰۶ ھجری کا تعلق فزونی کے بجائے باقر انصاری سے ھے -

(۱) چند سطر بعد جزیرۂ آچین کے ضمن میں اسطرح کے جملے ملے ھیں :-

اما مؤلف این صحیفه مشاهده نموده که در ایام خان جهان از آچین چوبی که کافور از آن حاصل میشود با کافور فرستاده بودند -

ظاھر ھے کہ مؤلف این صحیفہ سے جو شخص مراد ھے وہ خان جہان کا ھمعصر ھے اس لئے خان جہان کی شخصیت کے تعین کے بعد ھی مؤلف کا تعین ھو سکتا ھے - غالباً خان جہان سے مراد(۲) حسین قلی بیگ ھے جو عہد اکبری کے ۱۹ ویں سال یعنی ۹۸۲ ھجری میں خان جہان کے خطاب سے سرفراز ھو کر ۹۸۳ ھجری میں بنگال کا حاکم مقرر ھوا تھا اور ۹۸۶ ھجری تک اپنے اسی عہدے پر مامور رھا - میرے خیال کی تائید حسب ذیل قرائن سے ھوتی ھے :

(۱) بظاھر جزیرۂ آچین اور بنگال یعنی انتہائی شرق حدود سلطنت مغلیہ کا حاکم ایک ھی شخص ھوا کرتا تھا - اور اگرچہ ماثر الامراء میں خان جہان کے خطاب یافتہ چار اور امرا کا حال درج ھے لیکن

---

(۱) ص ۵۶۱ -

(۲) وہ بیرم خان کا بھانجا اور عبد الرحیم خان خانان کا بھنوئی تھا - اسکے اور اسکے والد ولی بیگ ذو القدر کے حالات کے لئے ملاحظہ ھو ماثر الامراء ج اول ص ۶۳۵—۶۵۳ -

ان میں سے کوئی بنگال کا حاکم نہ تھا - تین بجیرہ لکھتے وقت اس خطاب سے سرفراز ھی نہ تھے - اول خان جہان(۱) بارھہ جو شاھجہان کی تخت نشینی (۱۰۳۷ھ) کے قبل شاھزادہ کے ساتھ بنگال میں رہ چکا تھا اور ۱۰۴۰ھ میں اس خطاب سے سرفراز ھوا - دوم خان جہان بہادر ظفر جنگ (۲) کوکاتاش میر ملک حسین کو اورنگ زیب کے دربار سے یہ خطاب ملا تھا - سوم خان جہان بہادر(۳) جنگ علی مراد جسکو جہاندار شاہ کی تخت نشینی کے بعد یہ خطاب عنایت ھوا - البتہ خان جہان لودھی فزونی کا معاصر تھا - لیکن اول تو وہ کبھی کا صوبہ دار نہ تھا دوسرے اسکی شہرت جہانگیری عہد میں ۱۰۱۸ ھجری کے بعد ھوئی - تیسرے اس کا بنگال یا شرقی حصے سے کسی قسم کا تعلق نہ تھا - اس لئے اسکا حاکم آچین ھونا مستبعد معلوم ھوتا ھے -

(ب) جس خان جہان کا ذکر فزونی نے کیا ھے وہ ۹۹۹ ھجری سے قبل کا ھے اس لئے کہ بجیرہ سے(۴) معلوم ھوتا ھے کہ اس کے زمانہ حکومت میں آچین کا حاکم ایک نجفی سید تھا - اسکی وفات کے بعد اسی کے خاندان کے ۶ افراد وھاں کے سردار مقرر ھوتے رھے - ان سب کی حکومت ۹۹۹ ھجری سے قبل ھی ختم ھو گئی - چونکہ چاروں خان جہانوں میں سے کوئی بھی اس خطاب سے بہرہ ور نہ تھا

---

(۱) ماثرالامراء ج اول ص ۷۵۸—۷۶۶ -
(۲) ایضاً ص ۷۹۸—۸۱۳ -
(۳) ایضاً ص ۸۱۹ -
(۱

اس لئے خان جہان سے مراد سوائے حسین قلی کے اور کوئی دوسرا شخص نہیں ہو سکتا -

خان جہان کی شخصیت کے متعین ہو جانے کے بعد یہ طے ہو گیا کہ مولف ایں صحیفہ سے مراد خواجہ باقر انصاری ہے جو ۲۲ سال تک حاکم بنگال کا کروری تھا اور جس کی کتاب سے فزونی نے سارے مطالب حاصل کر لئے تھے - خان جہان ۹۸۶ ھجری تک بنگال کا حاکم تھا اس سے قیاس ہو سکتا ہے کہ شاید خواجہ انصاری نے خان جہان کا زمانہ دیکھا ہو -

اس تفصیل سے اس شبہ کو رفع کرنا مقصود تھا کہ ایسا نہو کوئی صاحب ۱۰۰۶ ھجری کو فزونی کی طرف منسوب کر کے اس کے ورود ہند کی تاریخ اس سنہ کے قبل متعین کر دیں -

فزونی کی سیاحت ہند: قراین سے معلوم ہوتا ہے کہ فزونی خشکی کی راہ سے ہندوستان آیا اور اس ملک کے مغربی حصے سے اسکی سیاحت کا سلسلہ شروع ہوا - لیکن وہ جن جن مقامات پر گیا اور جو تاریخیں اس نے 'بحیرہ، میں درج کی ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسکی سیاحت کسی باضابطہ نظم و ترتیب کے ماتحت عمل میں نہیں آئی - ایک وقت انتہائی مشرق ہند میں ملتا ہے تو پھر دوسرے وقت ہندوستان کے باھر ھرات کی تاریخی عمارتوں کی سیر میں مصروف نظر آتا ہے - تیسری بار کشمیر کی وادیوں میں، پھر وھاں کے حاکم صفدر خان کے ساتھ لاھور آتا ہے اور وھیں سے دکن روانہ ہو جاتا ہے - آخر میں حج کے ارادہ سے جاتا ہے - اور وھاں سے وطن لوٹنا چاھتا ہے مگر حالات

ناسازگار ہونے کی بنا پر دکن واپس آکر بیجاپور میں محمد عادلشاہ (۱۰۳۷ - ۱۰۶۷) کے دربار سے منسلک ہو جاتا ہے - اب سلسلے کی تفصیل ملاحظہ ہو :-

(۱) ۱۰۱۷ ہجری (۱) میں مشرقی بنگال کے ایک قصبہ عثمان پور میں ۶ ماہ قیام کیا اور وہاں پر سانپ کے حق حق کہنے والے واقعے کو بیان کیا جسکو نقل کیا جا چکا ہے -

(۲) داؤد خان افغان(۲) کی حکومت کے زمانے میں ڈھاکے اور سارگام(۳) کے قریب ایک بہت بڑا اژدھا مارا گیا اسکی کھال اتنی مضبوط اور بڑی تھی کہ اس میں سے بارہ سو ایسی ڈھالیں بنیں کہ ان پر کوئی اوزار اثر نہیں کرتا تھا - فزونی نے ان میں سے ایک ڈھال دیکھی تھی وہ لکھتا ہے کہ کھال اتنی نرم تھی کہ اگر اسپر تیر لگتا تو اسکی نوک مڑ جاتی اور توپ بھی اس پر کار گر نہ ہوتی -

یہ واقعہ (ڈھال دیکھنے کا) ۱۰۱۷ ہجری کے قریب کا ہوگا - چونکہ وہ اژدھا ڈھاکے کے قریب مارا گیا تھا اس سے قیاس ہوتا ہے کہ فزونی نے ڈھاکے ہی کے نواح میں وہ ڈھال دیکھی ہوگی -

---

(۱) ص ۴۸۳ -

(۲) ص ۴۸۲ - داؤد خان بن سلیمان اپنے باپ کا سب سے چھوٹا لڑکا تھا وہ ۹۸۱ ہجری میں تخت نشین ہوا اور بنگال کے سارے حصے پر قبضہ کرکے اپنی طاقت مضبوط کر لی - اکبر نے اسکے خلاف فوج بھیجی لیکن ابتدا میں کامیابی نہیں ہوئی آخر دو سال کی مسلسل کوشش کے بعد داؤد لڑائی میں مارا گیا اور اسی پر اسکے خاندان کا خاتمہ ہو گیا (فرشتہ ۲ ص ۵۸۹) -

(۳) بظاہر چٹاگام -

(۳) ۱۰۱۸ هجری(۱) میں اسلام خان(۲) کو بنگال کی صوبے داری ملی - اس نے ایک معتبر قاصد کے توسط سے اسی سال جہانگیر کے دربار میں یہ پیغام بھیجا کہ ایک شخص چند سال پہلے تک عورت تھا - رفتہ رفتہ اس میں تبدیلی پیدا ہوئی اور وہ مرد ہو گیا - پھر اس نے شادی کی اور اس سے اولاد ہوئی اسکو اسکے پچھلے شوہر اور بعد والی بیوی اور بچوں کے ساتھ بادشاہ کی خدمت میں بھیج دیا گیا - اس وقت فزونی بعض موانع کی وجہ سے آگرہ موجود نہ تھا لیکن اسی طرح کا ایک واقعہ اس کے قیامِ بنگال کے دوران میں پیش آیا تھا ممکن ہے کہ اسلام خان نے اسی واقعہ کی خبر شاہی دربار میں بھیجی ہو -

چونکہ ۱۰۱۸ هجری میں فزونی کا قیام بنگال بہ صیغۂ ماضی بیان ہوا ہے اس سے صاف ظاہر ہے کہ ۱۰۱۷ھ کے فوراً بعد وہ بنگال سے واپس آ در هندوستان کے دوسرے حصوں کی سیاحت میں مصروف

---

(۱) ص ۵۱۷—۵۱۸ -

(۲) اسلام خاں شیخ علاء الدین چشتی فاروقی شیخ مبارک کا داماد تھا جہانگیر کی تخت نشینی پر اسلام خان کے خطاب اور دو هزاری کے منصب سے سر فراز ہوکر بہار کا صوبیدار مقرر ہوا - سال سوم میں جہانگیر قلی کے انتقال پر صوبۂ بنگال کی حکومت اسے مل گئی - وهاں اس نے کار نمایاں انجام دئے جس کے بدلے میں اس کے منصب میں ایک ہزار کا اضافہ ہوا - ایک سال بعد اسکا انتقال ہو گیا اور لاش فتحپور سیکری لائی گئی (توزک جہانگیری علی گڑھ ۱۸۶۴—ص ۱۳ اور مآثر الامرا ج اول ص ۱۱۸—۱۲۰) - مآثر الامرا (ج ۱ ص ۱۶۲—۱۶۷) میں ایک دوسرے اسلام خان میر عبد السلام مخاطب بہ اختصاص خاں کا حال درج ہے - وہ عہد جہانگیر میں معزز عہدے پر فایز تھا مگر اسلام خاں کا خطاب شاہ جہاں کی تخت نشینی پر ملا - ۱۰۴۵ میں بنگال کا ناظم مقرر ہوا - مگر بحیرہ کے اسلام خاں سے یہ الگ شخص ہے - تیسرا اسلام خاں میر ضیاء الدین حسین بدخشی ۱۰۶۸ھ کے بعد اس خطاب سے سر فراز ہوا تھا (مآثر الامرا ج ۱ ص ۲۱۷—۲۲۰) -

رہا ہوگا ۔ فزونی آگرہ آنا چاہتا تھا ممکن ہے اس سے قبل وہ بھی چکا ہو ۔ خیال یہی ہے کہ آگرے ہی کے اطراف میں رہا ہوگا ۔

(۴) ۱۰۱۸ ہجری(۱) میں راقم حروف (=فزونی) جب ہندوستان کے "پر خطر" سفر میں مشغول تھا تو اس کی ایک جگہ مشہدی سید سے ملاقات ہوئی جس کے یہاں ایک اتنا چھوٹا لڑکا پیدا ہوا تھا کہ وہ ماں کی چھاتی اپنے منہ میں نہیں لے سکتا تھا لیکن دوسرے سال اس نے اتنی ترقی کی کہ دو سال کا بچہ معلوم ہونے لگا ۔ اس کے باپ سے راقم نے سبب دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ اس کی پیشانی پر چربی کی لیپ چڑھانے سے اتنی بالیدگی پیدا ہو گئی ۔ یہ واقعہ بنگال کے باہر کا ہے ۔

(۵) کتوں کی وفاداری کے سلسلے میں فزونی نے حاجی پور کا ایک واقعہ بیان کیا ہے جو(۲) اسطرح شروع ہوتا ہے :-

در حینی کہ مؤلف در سفر پر خطر ہند بود بوالعجب قضیہ واقع شد در یکی از قصبات ہند موسوم بحاجی پور شخصی از افاغنۂ آن ملک در قصبۂ مذکور کد خدا شد الخ ۔

حاجی پور نام کا ایک قصبہ بہار میں اب تک موجود ہے اور بہار میں افغانوں کا زور تھا چونکہ ۱۰۱۸ ہجری کے سفر کو کچھ پہلے پر خطر سفر کہہ چکا ہے اور چونکہ ان دنوں فزونی مشرق

(۱) ص ۵۲۰ ۔
(۲) ص ۵۳۳ ۔

ہندوستان میں پھر رہا تھا اس لئے مذکورہ بالا قصبہ سے مراد بہار کے مظفر پور ضلع کا قصبہ حاجی پور ہے جہاں کے کیلے اپنی نفاست کے لئے مشہور ہیں -

(۶) فزونی اپنی اہم تصنیف بحیرہ میں مصروف ہے اور سفر کا طویل سلسلہ جاری ہے - ۱۰۲۱ ہجری(۱) میں تلبیس زنان کا باب لکھ رہا ہے -

سالک وادی آزادی فزونی استر آبادی دلیری میکند "که از ابتدا‌ے خروج ابو البشر از جنة العلیا تا حال "که از هجرت خیر المرسلین یک هزار و بیست و یک سال گذشته آنچه از قضایای عظیمه و قباحات کبیره واقع شد ...... نوشته میشود -

(۷) ۱۰۲۲ھ(۲) میں ہندوستان کے پر خطر سفر میں مصروف ہے -

در حین تحریر این حروف "که سال بر هزار و بیست و دو بود از هجرت و این مخلص در سفر پر خطر هندوستان بود آوازهٔ رفتن(۳) شاه بود بفتح بخارا و خبر آمدن هند نیز بود تا کلک تقدیر بر چه رفته باشد -

---

(۱) ص ۱۷۱ -
(۲) ص ۱۳۷ -
(۳) لیکن عالم آرا‌ے عباسی سے اس بیان کی تصدیق نہیں ہوتی - شاہ عباس کی حکومت کا ۲۶ واں سال ۱۶ محرم ۱۰۲۱ ہجری سے شروع ہوکر ۲۶ محرم ۱۰۲۲ کر ختم ہوتا ہے - اس سال بادشاہ نے مشہد مقدس کا سفر کیا تھا اور روضہ مقدس کی توسیع کرائی - ۲۷ ویں سال میں بھی شاہ کا بخارا جانا ثابت نہیں (ملاحظہ ہو ص ۸۵۳—۸۷۲) -

(۸) ایسا معلوم ہوتا ہے کہ فزونی افغانستان کی طرف بڑھ رہا ہے کیونکہ ۱۰۲۳ھ میں وہ ہرات کے مدرسہ کا چشم دید بیان (۱) اسطرح پیش کرتا ہے۔

اس وقت جبکہ تاریخ ہجری کے ۱۰۲۳ سال گذر چکے ہیں کل ایران و توران میں مدرسہ ہرات(۲) کی طرح کوئی عمارت موجود نہیں - اس کے اندر بیشتر سنگ مرمر کا استعمال ہوا ہے - راقم حروف نے اس عمارت کے سارے دقایق بچشم خود دیکھے ہیں -

(۹) ہرات سے فزونی ہندوستان واپس چلا آتا ہے ۱۰۲۴ ہجری میں مالوے، کی ایک عمارت کا ذکر(۳) اسطرح کرتا ہے :-

ولایت ہندوستان سلطان التمش کے قبضہ میں آئی تو اُچہ اور دیول کی فتح کے(۴) قبل جب مالوے کی تسخیر

---

(۱) ص ۶۰۵ -

(۲) اس مدرسے کی بنیاد سلطان حسین غازی نے ڈالی تھی - اسکی تعمیر میں کئی لاکھ روپے صرف ہوئے - سنگ مرمر تبریز سے آیا تھا -

(۳) ص ۶۰۳ -

(۴) طبقات اکبری ج اول ص ۵۸ پر اُچہ کی فتح کا سال ۶۱۴ ہجری اور مالوے کی فتح ۶۳۱ ہجری میں بتائی گئی ہے - فزونی کا بیان طبقات سے بالکل مشابہ ہے در سنہ ۶۳۱ ولایت مالوہ یورش نمودہ قلعہ بھیلسا را مسخر ساخت - شہر اجین را گرفت و بت خانۂ مہا کال را کہ تا مدت سیصد سال تعمیر یافتہ بود و در غایت متانت و حصانت بود خراب ساختہ از بنیاد برانداخت و از اجین تمثال بکرماجیت را کہ ہنود تاریخ ازومینویسند ....آوردہ پیش در جامع مسجد در زمین فرو برد (ص ۶۱) -

کا ارادہ کیا تو بھیلسا(۱) کے قلعے پر پہلے قبضہ کر لیا اور وھاں کے بت خانے کو جو تین سو سال میں بن کر تیار ہوا تھا اورجو تین سو گز سے زیادہ اونچا تھا توڑ ڈالا بکرماجیت کی مورت بھی اس زد میں آ گئی - ہندوستانی سال (سمبت) کا شمار اس کے عہد سے ہوتا ھے - اس کے زمانے سے اس وقت تک جبکہ ۱۰۲۴ ھجری ھے ایک ھزار سات سو سینتیس سال گذرے ھیں .....

اگرچہ اس بیان سے صراحةً یہ معلوم نہیں ھوتا کہ فزونی بذات خود مالوے میں موجود تھا یا کسی سے سن کر یہ واقعہ نقل کیا ھے مگر حسب ذیل(۲) بیان سے اس کا قیام اوجین بخوبی ثابت ھے اسلئے اس کا سفر مالوہ قرین قیاس ھے -

راقم حروف نے اس طرح کی ایک عورت اجین(۳) کے قریب ایک گاؤں کالیادہ(۴) میں دیکھی تھی ایک رات ایک جگہ اترے

---

(۱) بحیرہ میں بلیان غلط نام درج ھے - اس کتاب میں ھندوستان کے نام عموماً غلط چھپ گئے ھیں -

(۲) ص ۵۲۰ -

(۳) امکان اس کا بھی ھے کہ لاھور کی واپسی پر دکن جاتے وقت یہاں سے گذرا ھو -

(۴) اجمیر سے ماندو جاتے ھوئے جہانگیر نے ۲۸ بہمن مطابق ۹ صفر ۱۰۲۶ ھجری کو اس مقام پر قیام کیا تھا اور اسکے متعلق یہ باتیں تحریر کی تھیں - "منزل کالیادہ محل نزول گشت - کالیادہ عماراتی ست از بناهای ناصر الدین بن سلطان غیاث الدین بن سلطان محمود خلجی کہ حاکم مالوہ بود در ایام حکومت خود در حوالی اوجین کہ از شہرهای مشہور و معروف صوبۂ مالوہ است ، ساختہ میگویند حرارت بر طبیعت او غالب گشتہ بود چنانچہ در آب بسر میبرد - این عمارت را درمیان رود خانہ بر آوردہ و آب این رود را تقسیم نمودہ جوی‌ها ترتیب دادہ است - و در اطراف و جوانب و بیرون و اندرون این عمارت آب مذکور درآوردہ وحوضهای خرد و کلان مناسب جاو مقام سر انجام نمودہ بسیار دلنشین و فرح انگیز جای است -" (توزک ص ۱۶۳ -- ۱۶۵) -

جہاں گنے کے کھیت تھے صبح تک ایک شخص ہمارے
خیمے کے دروازے پر اپنے کھیت کی رکھوالی کرتا رہا
جب صبح ہوئی تو لوگوں نے اسکو عورت بتایا مگر اسکی
داڑھی لمبی اور صورت مردانہ تھی لیکن بعد میں یقین
ہو گیا کہ وہ عورت ہی ہے -

فزونی کا قیام کشمیر و لاہور : فزونی کے قیام کشمیر کو اس لحاظ سے خاص اہمیت ہے کہ اس سفر کا حال نہ صرف اس نے خود بیان کیا ہے بلکہ تذکرۂ میخانہ میں بھی موجود ہے یہیں اسکی ملاقات میخانہ کے مؤلف سے ہوئی جس نے فزونی کی مشہور کتاب بحیرہ کا ذکر کیا - غالباً یہیں فزونی کی ملاقات صفدر خان سے بھی ہوئی - بحیرہ(۱) میں مؤلف نے اپنے سفر کا ذکر ضمنی طور پر اس طرح کیا ہے :-

و مثل این موضع در کشمیر است در موضعی که مشهور است
به پیر پنچال و محرر این سطور بوقت تحریر این کلمات در کشمیر
بود از اعزه آن ملک این قضیه را تحقیق نمود جمله بر این
معنی شهادت دادند -

البتہ میخانہ(۲) میں بعض ضروری باتیں درج ہیں -

جس زمانے میں فزونی کشمیر میں آیا اس کا حاکم صفدر خان
تھا - اس نے بڑے تکلف سے فزونی کو اپنی خدمت (۳) میں

---

(۱) ص ۴۷۰ - (۲) ص ۴۴۴ -

(۳) بہر حال میخانہ کے بیان سے واضح ہے کہ فزونی کی ملاقات صفدر خان سے کشمیر میں ہوئی لیکن عرفات عاشقین ورق ۵۷۶ب سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ صفدر خان کی خدمت میں کچھ دنوں رہ چکنے کے بعد کشمیر گیا - جب عرفات کا مولف ۱۰۲۴ ہجری کے قریب فزونی کا حال لکھ رہا تھا تو اس کی جائے قیام سے واقف نہ تھا -

رکھا اور اس کی تربیت میں بڑی توجہ کی - جب ۱۰۲۵ ہجری کے شروع میں اس ملک کی حکومت جہانگیری فرمان کے مطابق صفدر خان کے بجائے احمد بیگ کابلی کو ملی تو معزول شدہ خان کے ساتھ فزونی کشمیر سے ہندوستان چلا آیا مگر لاہور میں اس سے پھر جدا ہو گیا -

اور اس بیان(۱) سے قبل بھی ایک جملہ موجود ہے -

چنانچہ جب یہ خاکسار (مؤلف میخانہ) دار العیش کشمیر گیا تو فزونی وہاں مقیم تھا - فزونی کے کشمیر جانے اور واپس آنے کے سلسلے میں چند تاریخوں کا تعین ضروری ہے -

(ا) مولف میخانہ کے کشمیر پہنچنے کی
(ب) صفدر خان(۲) کے حاکم کشمیر ہونے اور پھر معزول ہونے کی

خود مولف میخانہ نے اپنے کشمیر جانے کے متعلق کئی جگہ لکھا ہے -

---

(۱) ص ۴۴۳ -

(۲) مرزا یوسف خان مشہدی کا بڑا لڑکا تھا مرزا ۹۹۵ ہجری میں حاکم کشمیر ہوا ۹۹۹ ہجری میں اپنے عہدے سے مستعفی ہو گیا - تھوڑے دنوں بعد اپنے عہدے پر بحال ہو گیا ۱۰۰۳ ہجری میں داروغۂ توپخانہ مقرر ہوا (بلاکمین ص ۳۴۶ بعد) باپ کی وفات پر بیر کا تھانے دار مقرر ہو گیا - جہانگر نے صفدر خان کا خطاب عنایت کر کے بہار کا حاکم بنایا - پھر منصب میں اضافہ کر کے کشمیر کا حاکم مقرر کر دیا - ۲ سال بعد اس عہدے سے معزول ہوا - شاہ جہان نے صف شکن خان کا خطاب عطا کیا ۱۰۵۵ھ میں وفات پائی (مآثر الامرا ج ۲ ص ۲۳۶ے—۲۳۸ے) -

(۱) چون(۱) در سنۂ خمس و عشرین و الف (۱۰۲۵) بلاهور رسیدم طاعون گرم شده بود ـ از بیمه بلا توقف ازاں بلده بدار العیش کشمیر روانه شدم

(۲) این ضعیف(۲) از ایشاں وداع شده بدار العیش کشمیر رفت ـ ازاں تاریخ که آخر خمس و عشرین و الف بود تا لغایة الخ

پروفیسر شفیع لکھتے ہیں (۳) :

ابتدائے ۱۰۲۵ ہجری میں وہ لاہور پہنچا ـ لاہور میں ان دنوں طاعون کا زور تھا اس لئے وہ فوراً کشمیر کو روانه ہوا ـ

بہر حال ، میخانه کے مطابق فزونی اواخر ۱۰۲۵ میں اور پروفیسر شفیع کے مطابق (میخانه ہی کے ماخذ سے) ۱۰۲۵ ہجری کے وسط میں کشمیر پہنچا ہوگا ـ

اب صفدر خاں کی تاریخ تقرر ملاحظه ہو :

توزک جہانگیری(۴) میں ہے که ششم دے (وسط ذی قعده ـ اواخر دسمبر) ۱۰۲۲ ھ کو صفدر خاں کشمیر کی حکومت کے لئے روانه ہوا ـ اور میخانه(۵) میں ہے :

---

(۱) ص ۵۰۹ ـ
(۲) ص ۵٦٦ ـ
(۳) دیباچۂ میخانه ص "د" ـ
(۴) ص ۱۲۵ ـ
(۵) ص ۴۷۸ ـ

چوں در سنه ثلث عشرین و الف بندگان حضرت خلافت پناهی حکومت دار العیش کشمیر را به تقریب تقصیر خدمت تبت از هاشم خاں(۱) تغییر نموده به ولد ارشد میرزا یوسف خاں صفدر خاں مقرر فرمود

ماثر الامرا(۲) میں هاشم خاں کی معزولی اور صفدر خاں کی تقرری کی تاریخ ششم سال(۳) جلوس جهانگیری دی هے جو ۱۰۲۰ کے مطابق هے جو نه جانے کس غلط فهمی کا نتیجه هے۔ کیونکه توزک میں سنه کے ساتھ ساتھ یه واقعه ''جشن هشتمیں نوروز،، کے ذیل میں بیان هوا هے۔ سیخانه میں بهی یه سقم هے که اواخر ۱۰۲۲ هجری کے بجاے ۱۰۲۳ هجری درج هوگیا هے۔ بظاهر معلوم هوتا هے که صفدر خاں اوائل ۱۰۲۳ هجری میں کشمیر پهنچا هوگا۔

صفدر خاں کی معزولی کی تاریخ قابل غور هے :

توزک میں ''جشن دهمیں نوروز،، کے ذیل(۴) میں آیا هے :

در پنجم ماه آذر خنجر مرصع بداراب خاں عنایت شد۔ چوں از صفدر خاں حاکم کشمیر بعض مقدمات مسموع گشت او را از حکومت آن جا معزول ساخته احمد بیگ خاں را....

---

(۱) هاشم خاں قاسم خاں میر بحر کا بیٹا تها - هاشم اوڑیسه کا مرزبان تها - اسکے کشمیر پهنچنے تک اسکا چچا خواجگی محمد حسین اس کا قائم مقام تها تفصیلی حالات کے لئے ملاخطه هو ماثر الامرا ج ۳ ص ۶۴۰—۶۴۱ مگر تاریخ تقرر ۱۰۲۰ کے بجائے ۱۰۲۲ هونا چاهئے - قاسم خاں میر بحر کے لئے ماثر الامرا ج ۳ ص ۶۲—۶۶ اور خواجگی کے لئے جلد اول ص ۶۷۱ ملاخطه کیجئے -

(۲) ج ۲ ص ۷۳۶ -

(۳) مگر ج ۱ ص ۶۷۱ پر هاشم خاں کا تقرر سال پنجم میں بتایا هے وه تین سال حاکم کشمیر رها اس لئے معزولی آٹهویں سال هونا چاهئے -

(۴) ص ۱۳۹ -

نواختہ بصاحب صوبگی ولایت کشمیر سرفرازی بخشیدم
و منصب او را کہ دو ہزار و پانصدی ذات و ہزار و پانصد
سوار بود برقرار داشتہ....رخصت شد....در پانزدهم ماه
مذکور الخ -

ہ آذر ۲٦ نومبر اور وسط ذی قعدہ ۱۰۲۴ کے مطابق ہے،
اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اواخر ۱۰۲۴ ھ میں احمد بیگ کشمیر
پہنچ گیا ہوگا۔ مگر میخانہ(۱) میں ہے :-

در ابتداء سنہ خمس و عشرین و الف حکومت آن دیار
بفرمان جہانگیر شاہی از تغییر صفدر خان بہ احمد بیگ خان(۲)
کابلی مقرر شد۔

دوسری(۳) جگہ اور آیا ہے۔

القصّہ آن عزیز در سنہ خمس و عشرین و الف از کشمیر
برآمد و ہمراہ صفدر خان بلاہور رفت۔

مآثر الامرا (۴) میں احمد بیگ کا تقرر بغیر تعین تاریخ دیا ہے
لیکن صفدر خاں کی معزولی جلوس جہانگیری کے آٹھویں سال بیان ہوئی
ہے جو اسکے تقرر کی تاریخ کی طرح غلط ہے یعنی اس میں دو سال کی

(۱) ص ۴۴۴ -

(۲) ۱۰۰۲ ہجری میں جب کشمیر مختلف جاگیرداروں میں تقسیم ہو گیا تو ان کا سرگروہ احمد بیگ ہی تھا - آصف جاہ کی بہن سے شادی ہو جانے پر اور بھی معزز ہو گیا - ۱۰۲۸ میں معزول ہوا اور چند دنوں بعد انتقال ہو گیا (مآثر الامرا ج ۱ ص ۱۲٦) -

(۳) ص ۴۷۹ -

(۴) جلد اول ص ۱۲٦ -

کمی ہے اور میخانہ میں جس طرح تاریخ تقرر میں سقم ہے اسی طرح تاریخ معزولی اواخر ۱۰۲۴ ہجری کے بجائے اوائل ۱۰۲۵ ہے۔ بہر حال یہ بات بعید از قیاس نہ ہوگی کہ ذی قعدہ ۱۰۲۴ ہجری کا معزول حاکم کشمیر سے ۱۰۲۵ ہجری کی ابتدا میں روانہ ہوا ہو ممکن ہے کشمیر کی سرحد پار کرتے وقت تک سال ختم ہوگیا ہو۔ لیکن بہر حال یہ قباحت باقی رہ جاتی ہے کہ ایک طرف خود مولف میخانہ اپنا ورود کشمیر اواخر[1] ۱۰۲۵ھ اور فزونی سے وہیں اپنی[2] ملاقات بتاتا ہے اور دوسری طرف[3] اوائل ۱۰۲۵ ھ میں صفدر خان کی معزولی اور اسکے ساتھ فزونی کی کشمیر سے واپسی بیان کرتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ عسکری کاشانی کے ضمن[4] میں لکھتا ہے کہ وہ ۱۰۲۲ ھ میں ہاشم خاں کی معزولی کے بعد ۲ سال تک کشمیر میں رہا اور وہاں سے ۱۰۲۵ ہجری میں صفدر خاں کے ساتھ لاہور آیا اور قیام کشمیر میں اسکی اور عسکری کی خوب صحبت[5] رہی۔ اگر میخانہ کے دونوں بیانات کو کیھنچ تان کے ملایا جائے تو بھی مولف میخانہ کی ملاقات عسکری و فزونی سے بالکل سرسری اور نہایت چند روز کی متصور ہوگی۔ لیکن توزک کے بیان کے رو سے تو یہ ملاقات ثابت ھی نہو سکے گی کیونکہ صفدر خاں نے ھر حال میں ابتدائے ۱۰۲۵ ہجری میں کشمیر چھوڑ ھی دیا ہوگا دیکھئے بعض جزوی و فروعی لغزشوں سے کتنی الجھن بڑھ جاتی ہے۔

---

(۱) ص ۵۶۶ ھ۔
(۲) ص ۴۴۳ ۔
(۳) ص ۴۴۴ ۔
(۴) ۴۷۸—۴۷۹ ۔
(۵) ص ۴۷۹ ۔

ایک بات یہ بھی قابل توجہ ہے کہ فزونی نے صفدر خاں کا ذکر اپنے قیام لاہور کے دوران میں کیا ہے۔ اگرچہ اس نے اپنے قیام کشمیر کا بھی ذکر کیا ہے، مگر وہاں خان مذکور کا نام تک نہیں لیتا۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس سے قبل دونوں میں کوئی ربط ضبط تھا ہی نہیں۔ ملاحظہ(۱) ہو:-

در سلطان پور کہ یکی از قصبات(۲) لاہور است در حینی کہ چند روز حسب التقدیر در خدمت صاحب واجب الاحترام سر آمد خوانین کرام خلاصہ دودمان مصطفوی بر گزیدۂ سلسلہ مرتضوی خان بلند ہمت عالیشان المخاطب بخطاب شاہنشاہی مرزا لشکری صفدر خاں میبود۔

اگر فزونی کی صفدر خاں سے ملاقات کشمیر کے بجائے لاہور فرض کر لی جائے تو یہ بات تو ٹھیک ہوجائے گی کہ فزونی ۱۰۲۴ میں مالوے سے چل کر ۱۰۲۵ کے اوائل میں لاہور پہنچا ہوگا لیکن پھر مزید یہ نقص پیدا ہوجائے گا کہ اسکی اور صاحب میخانہ کی ملاقات کشمیر ثابت ہی نہوسکے گی حالانکہ صاحب میخانہ نے صاف طور پر تحریر کردیا ہے کہ اسکے ورود کشمیر کے قبل فزونی کشمیر میں موجود تھا۔ بہر حال واقعات جو کچھ بھی ہوں اور غلطی جہاں بھی ہو یہ بات بالکل مسلم ہے کہ فزونی اور صاحب میخانہ کی اور فزونی اور

---

(۱) ص ۵۱۹—۵۲۰۔

(۲) لاہور میں فزونی کچھ دنوں مقیم رہا ہوگا اس لئے کہ لاہور کی عمارتوں کی خوبیوں کے پیش نظر ان کا مقابلہ نورسپور کی عمارتوں سے کرتا ہے (ملاحظہ ہو فتوحات عادلشاہی ص ۱۵۷)۔

صفدر خاں کی ملاقات کشمیر میں ہوئی لیکن یہ ملاقات بالکل سرسری اور کم وقتی ہے - اور یہ بھی مسلم ہی ہے کہ صفدر خاں ہی کے ساتھ فزونی لاہور واپس ہوا لیکن میخانہ کی مقرر کی ہوئی تاریخیں مشکوک ضرور ہیں -

تفصیل بالا سے فزونی کے سفر کشمیر، لاہور اور سلطان پور کا حال معلوم ہوگیا اور یہ بھی طے ہوگیا کہ اواخر ۱۰۲۴ سے ۱۰۲۶ ہجری تک یہ سفر ہوا ہوگا۔ بحیرہ میں ۱۰۲۵ اور ۱۰۲۶ ہجری کی قید کے ساتھ تین واقعے بیان ہوئے ہیں :-

(۱) ۱۰۲۵ ہجری (۱) میں ہندوستان کے ایک شہر حمیر(۲) میں ایک عورت کے پیٹ سے ایک وقت میں کچھوا اور اونٹ کا بچہ پیدا ہوا - دونوں کو جہانگیر پادشاہ کے پاس لے گئے - شاہی حکم ہوا کہ اس واقعہ کو جہانگیر نامہ(۳) میں شامل کر لیا جائے

(۲) ۱۰۲۶ ہجری(۴) میں عراق کے چند تاجروں نے بیان کیا کہ ماوراالنہر کے فضلاء میں ایک شخص مولانا فتح اللہ نامی

---

(۱) ص ۵۲۳ -

(۲) بظاہر اجمیر ہونا چاہئے - جہانگیر ۱۰۲۲ سے ۱۰۲۵ تک اجمیر کے اطراف میں مقیم رہ چکا تھا - ممکن ہے انہیں ایام میں یہ واقعہ اجمیر ہی میں رونما ہوا ہو - ہندوستانی شہروں کے نام عموماً غلط چھپ گئے ہیں -

(۳) لیکن توزک جہانگیری میں مجھے یہ واقعہ نہیں ملا - ۱۰۲۵ ہجری جشن دھمیں نوروز کے آخری دو ماہ اور جشن یازدھمیں کے ابتدائی دس ماہ کے مطابق ہے - ان واقعات کے درمیان مذکور الصدر واقعہ درج نہیں ہے (ملاحظہ ہو ص ۱۵۲—۱۷۱) -

(۴) ص ۳۸۰ -

چالیس سال سے جزایر زیرباد میں مقیم ہے اس نے ان جزایر کی خوب سیر کر لی ہے اور وہاں کے عجایب ضبط تحریر کر لئے ہیں ۔ راجا کے یہاں مولانا کی بڑی قدر و منزلت ہوتی ہے ۔ وہ تاجر مولانا کی دو کتابیں لائے ایک کا نام عین العیان اور دوسری کا کوئی دوسرا نام تھا ۔ اس میں اپنے دوستوں کا بیان کیا ہوا واقعہ نقل کیا ہے جسکو فزونی نے بحیرہ میں بھی درج کر لیا ہے ۔

(۳) شہنشاہ اکبر کی(۱) سخاوت ، شاہزادہ سلیم کی پیدایش ۔ عرفی کی استادی اور صباح عید الخ قصیدہ کا ذکر اور حسین مروی کے ایک قصیدہ کے صلے میں دو لاکھ تنکے کے انعام کا ذکر کرکے لکھتا ہے :

امروز کہ سال تاریخ ہجری بعقد ۱۰۲۶ھ رسیدہ چہار گوشہ ہندوستان طبیعت باغ جناں گرفتہ است و میش با گرگ در یک آبشخور میجوشند و ہیچ شکستہ نیست کہ از انعام عام ایشان بہرہ مند نگشتہ باشند

فزونی نے فتوحات عادلشاہی میں جہاں اپنے سفر ایران و ہند میں دیکھی ہوئی عمارتوں کا ذکر کیا ہے ان میں الہ‌آباد ، آگرہ، دہلی اور لاہور کی عمارتوں(۲) کا بھی ذکر شامل ہے ۔

ایں ذرۂ احقر بناہای کہ اکبر پادشاہ در الہ‌آباد ساختہ بنظر در آوردہ و بناہاے آگرہ دہلی و لاہور را دیدہ ۔

---

(۱) ص ۲۳۷ ۔
(۲) ص ۱۵۷ ۔

اس سے صاف ظاہر ہے کہ لاہور کے علاوہ الہ‌آباد۔ آگرہ اور دہلی کی بھی بخوبی سیر کر لی تھی لیکن اس کی تفصیل سے فی الحال ہم قاصر ہیں۔ یہ بھی نہیں بتایا جاسکتا کہ وہ کن تاریخوں میں شمالی ہند کے ان شہروں میں موجود تھا۔

فزونی کی سیاحت دکن: میخانہ کے(۱) مطابق فزونی لاہور میں صفدر خاں سے الگ ہوکر دکن کی طرف روانہ ہوگیا۔ ممکن ہے کہ اجین کے راستہ سے گیا ہو اور اجین والا واقعہ اسی سفر میں در پیش ہوا ہو۔ بہر حال اس نے دکن کی کافی سیر کی۔ بحیرہ میں بدایع جبال کے باب میں یہ جملہ ملتا ہے(۲): محرر ایں سطور معدن الماس را در بعضی کوهای جنوبی هند دیده

فتوحات عادلشاهی سے معلوم ہوا کہ فزونی نے (۳) احمد نگر کی عمارتیں بھی دیکھی ہیں۔ ممکن ہے کچھ دنوں وہاں رہ بھی چکا ہو اس وقت نظام شاہی سلطنت تقریباً ختم ہو چکی تھی اس لئے دربار سے وابستگی کا سوال نہیں پیدا ہوتا۔

فزونی نے بحر ہند کے بعض جزیروں کو بھی دیکھا تھا جیسا کہ بحیرہ کی حسب ذیل(۴) عبارت سے بخوبی ظاہر ہوتا ہے۔

درخت عود در جزایر بحر هند می باشد و محرر این سطور مشاهده آن درخت نموده در غایت بلندی و رفعت میشود اهل هند او را اگر نامند۔

---

(۱) ص ۴۴۴ -
(۲) ص ۳٦٦ -
(۳) ص ۱۸۷ -
(۴) ص ۳۸۷ -

فزونی کا سفر حج: دکن و جزایر بحر ہند کے علاوہ بحیرہ سے اور کوئی معلومات حاصل نہیں ہوتی۔ بعد کے واقعات کے لئے اسی مصنف کی دوسری کتاب فتوحات عادلشاہی کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے لیکن قبل اس کے کہ اس آخری کتاب سے فزونی کی شخصیت کے تعین میں مدد لی جائے یہ طے کرنا ہے کہ بحیرہ اور فتوحات عادلشاہی دونوں ایک ہی مولف کی تخلیق ہیں۔ بحیرہ میں مولف نے اپنا تخلص فزونی اور اپنا وطن استرآباد بتایا ہے اور بار بار اپنے کو فزونی استرآبادی لکھتا ہے۔ اس کتاب سے اسکے طویل سفر کا حال معلوم ہوتا ہے۔ اس لئے حسب ذیل قراین کی بنیاد پر کہا جا سکتا ہے کہ دونوں کتابوں کا مولف ایک ہی تھا۔

۱۔ دونوں کا تخلص ایک ہی ہے۔

۲۔ دونوں کا وطن ایک ہی ہے۔

۳۔ دونوں ہم عصر ہیں۔

۴۔ دونوں سیاح تھے۔

۵۔ دونوں نے عراق، ایران و ہندوستان کی خوب سیاحت کی تھی۔

۶۔ دونوں مورخ تھے۔

۷۔ بعض لوگوں نے دونوں کو ایک قرار دیا ہے مثلا سٹوری مؤلف[۱] پرشین لٹریچر۔ پروفیسر محمد شفیع صاحب قیاس کرتے ہوئے اس دشواری کا احساس[۲] کرتے ہیں کہ فہرست موزۂ برطانیہ[۳] میں فزونی کے حالات میخانہ سے کسی قدر مختلف ہیں۔ فتوحات کے دیباچے

---

(۱) پرشین لٹریچر جزو ۲، ص ۷۴۳ نمبر ۱۰۱۵ -

(۲) ص ۴۴۴—۴۴۵ (حاشیہ)۔

(۳) جلد اول ص ۳۱۷ -

سے معلوم ہوتا ہے کہ حج کرنے کے بعد وہ اپنے وطن کی واپسی کا ارادہ رکھتا تھا مگر وطن کی راہ پر امن نہونے کی بنا پر وطن کو واپس نہو سکا بلکہ ہندوستان کی طرف چل کھڑا ہوا۔ واپسی کا یہ سفر بہت تکلیف دہ تھا اور چند دنوں مشقت سفر برداشت کرنے کے بعد مالابار کے ساحل پر اس کا جہاز لنگر انداز ہوا۔ وہاں سے فزونی بیجاپور آیا۔ اس وقت محمد عادلشاہ سلطنت بیجاپور پر متمکن تھا۔ اس کے وزیر مصطفے خاں (۱) نے بڑی خاطر تواضع کی اور بادشاہ کے دربار میں رسائی کی صورت پیدا کردی۔ فزونی کے ساتھ بظاہر بہت عمدہ سلوک ہوا کیونکہ اس نے تقریبا چار سال کی محنت سے سلطان محمد عادلشاہ کے لئے فتوحات عادلشاہی نام سے عادلشاہیوں کی ایک تاریخ لکھی جس میں اول چار بادشاہوں کے حالات مختصر اور ابراہیم عادلشاہ ثانی اور محمد عادلشاہ کے حالات بڑی تفصیل سے پائے جاتے ہیں۔ یہ تاریخ ۱۰۵۰ (۲) اور ۱۰۵۵ (۳) کے درمیان مکمل ہوئی۔

---

(۱) اس کا نام محمد امین تھا جو ملا محمد لاری ملقب به ملا بابا وکیل السلطنت ابراہیم عادل شاہ ثانی (مقتول ۱۰۳۴ھ) کا داماد تھا۔ اس نے سلطان محمد کو تخت نشین کرانے میں نمایاں خدمت انجام دی تھی۔ سلطان محمد کی تخت نشینی (۱۰۳۷ھ) پر اسکو مصطفلی خان کا خطاب ملا اور ساتھ ھی اسکا وزیر مقرر ھوا وہ شعرا و فضلا کا بڑا مربی تھا۔ آتشی کے متعدد قصیدے اس کی مدح میں پائے جاتے ھیں اسکا لقب خان بابا ہے۔ ملاحظہ ھو بساتین السلاطین ص ۳۱۱—۳۱۳ اور محمد نامہ ص ۲۶۹۔

(۲) ورق ۶ ا ب۔

(۳) ریو نے فتوحات کے حوالے سے لکھا ہے کہ محمد عادلشاہ نے ۱۰۵۴ میں گیسو دراز کے مزار پر حاضری دی۔ (کٹیلاگ ج ۱ ص ۳۱۷) لیکن ظہور نے محمد نامہ میں ایک مرتبہ ۱۰۳۷ ھجری میں بادشاہ کے تشریف لے جانے کا ذکر کیا ہے (ص ۱۵۰—۱۵۱) اور دوسری بار ۱۰۳۷ ھجری میں ص ۳۵۰—۳۵۱) ظاہر ہے کہ یہ تاریخ غلط ہے۔ ڈاکٹر جادو ناتھ نے حاشیہ پر تصحیح کر دی ہے کہ ۱۰۵۷ ہونا چاہئے مگر فتوحات کے اعتبار سے ۱۰۵۴ صحیح ھوگا۔ مقیم استر آبادی اور ملا ظہور کے قصائد فتوحات اور محمد نامے میں درج ھیں۔ فتوحات ص ۳۸۶—۳۸۹ محمد نامہ ص ۳۵۴ بعد۔

بحیرہ کا سال اختتام ۱۰۴۷ھ ہے قرین قیاس یہی ہے کہ ۱۰۴۰ اور ۱۰۵۰ کے درمیان سفر حج پر گیا ہوگا۔

فزونی کی تصانیف: فزونی کی دو کتابوں کا پتہ چلا ہے۔ ایک بحیرہ۔ دوسری فتوحات عادلشاھی۔

(۱) **بحیرہ**۔ یہ کتاب اسم با مسمی ہے۔ اس میں دنیا بھر کی معلومات اکھٹا کر دی گئی ھیں۔ اس سے مولف کی وسعت معلومات، بڑے تجربے، طول طویل سیاحت، وسیع مطالعے اور تاریخی و تنقیدی صلاحیت کا پتہ چلتا ہے۔ ۱۰۲۵ ھجری کے قریب جب بحیرہ اختتام کی منزلیں طے کر رھی ہے مؤلف میخانہ نے فزونی کی تاریخی و انتقادی صلاحیتوں اور بحیرہ کی امتیازی خصوصیت کا ذکر ان(۱) الفاظ میں کیا تھا۔

> فاما تتبع نظم و نثر بسیار کردہ بہ تخصیص تواریخ و دران فن مہارت تمام دارد چنانچہ در وقتی کہ این ضعیف بدار العیش کشمیر رفت فزونی در آنجا رحل اقامت انداختہ بود و بتالیف کتابی اشتغال داشت۔ در آن بلدۂ دل پذیر آن تصنیف بی نظیر را باتمام رسانید و نام آن نسخہ را بحیرہ گردانید۔ الحق کہ آن تاریخ را بسیار خوب نوشتہ و در تحقیق اخبار آنچہ لازمہ مؤرخ است و تعلق بسیاق تاریخ دارد دقیقہ فروگذاشت نکردہ است۔

بحیرہ کی ابتدا ۱۰۱۷ ھجری کے قریب ہوئی اور ۱۰۲۵ ھجری میں مؤلف میخانہ کی ملاقات کے وقت تقریباً مکمل ہوگئی تھی لیکن

(۱)

نظر ثانی کا کام مدتوں جاری رہا۔ یوں تو ۱۰۲٦ هجری تک کے واقعات اس میں شامل هیں لیکن ایک(۱) جگه ضمنا یه جمله آ گیا هے : ''بتاریخ هزار و چهل و هفت که راقم حروف بکار نوشتن بحیره بود،،۔

اگر یه تاریخ (۱۰۴۷ھ) هندسوں میں هوتی تو اسکو کتابت کی غلطی پر محمول کر کے ۱۰۲۷ هجری صحیح تاریخ فرض کر لی جاتی مگر لفظوں میں هونے کی وجه سے دشواری هوگئی هے۔ ممکن هے اصل نسخه میں ۱۰۲۷ھ هی هو طباعت کے وقت اسکو غلطی سے ۱۰۴۷ پڑھکر لفظوں میں لکھدیا هو یا اصل نسخه هی میں ۱۰۴۷ هجری کتابت کی غلطی کی بنا پر درج هو گئی هو۔ مگر بحالت موجوده اس کا سنه تالیف ۱۰۴۷ هجری هی ماننا پڑے گا۔

بحیره کے نسخے اس قدر کمیاب(۲) هیں که آج تک کسی کتابخانے میں اسکے نسخے کا پته نہیں چلا تھا۔ خوش قسمتی سے ایران میں احمد شاه قاچار کے دور میں ۱۳۲۸ هجری میں آقا شیخ عبد الکریم مؤسس مدرسهٔ مقدسهٔ معارف اسلامیه کے حسب امر استاد میرزا امان الله کے مطبع(۳) میں چھپی۔

---

(۱) ص ۵۸٦۔

(۲) آقاے عبد الکریم نے دیباچے میں نسخه کی قلت کا ذکر کرتے هوئے یه فقره لکھا هے ۔ '' بانحصار نسخه ای '' اس سے خیال هوتا هے که ان کے پیش نظر ایک هی نسخه تھا اس وجه سے اس میں غلطیاں بھی زیاده هیں خصوصاً شهروں اور ملکوں کے ناموں میں ۔

(۳) اس کا سائیز ۳"۰۸ × ۳"۰۱۳ اور لکھی هوئی سطح ٦"۰۵ × ٦"۰۱۰ هے حجم ٦۵٦ صفحات ۔ هر صفحے میں ۲۲ سطریں ۔ خط نستعلیق نسبتاً خفي ۔

یہ کتاب ۴۴ باب میں منقسم ہے ۔ ابواب کے تنوع اور موضوع کی اہمیت کے پیش نظر ان کی تفصیل درج ذیل کی جاتی ہے ۔

باب اول　فصل اول　مکارم اخلاق

فصل دوم　عدالت و انصاف سلاطین

باب دوم　کرامت و خوارق عادات

باب سوم　حسن تدابیر سلاطین و وزراء وغیرہ

باب چہارم　غفلت ملوک

باب پنجم　شجاعت شجاعان روزگار

باب ششم　ترکتاز ملوک وغیرہ

باب ہفتم　آثار قتارون

باب ہشتم　فصل اول　انقلاب حال سلاطین و وزراء

فصل دوم　حالاتِ بے طالعان

باب نہم　حال فرومایگان کم بضاعت

باب دہم　جنگہاے عظیم

باب ۱۱　عبرت ملوک

باب ۱۲　سفراے کبار

باب ۱۳　فصل اول　استقلال ملوک

فصل دوم　جشنہاے بزرگ

باب ۱۴　مکر زنان

باب ۱۵　خوبی ہاے زنان

باب ۱۶　فصل اول　جود برامکہ

فصل دوم　سخاوت قاآن

باب ۴۱ طلسمات وغیرہ

باب ۴۲ غرایب طیور

باب ۴۳ غرایب جزایر

فصل اول جزایر اڑیسہ

فصل دوم جزایر عالم

فصل سوم نوادر جزایر

فصل چہارم نوادر جزایر مغرب

باب ۴۴ فصل اول عمارات عالیہ

فصل دوم وجہ تسمیۂ بلدان

فصل سوم وجہ تسیمہ خطابات و القابات

خاتمہ معموری بلاد

فتوحات عادلشاہی : عادلشاہیوں پر سب سے زیادہ ضخیم کتاب ہے جو ۴ سال کے وقفے میں لکھی گئی۔ اتفاق سے یہ کتاب بھی بحیرہ کی طرح کمیاب ہے۔ اس کے صرف دو نسخے برٹش میوزم میں موجود ہیں انکی تفصیل ریو کے فارسی مخطوطات کے کٹیلاگ جلد اول ص ۳۱۷، ۳۱۸ پر درج ہے۔ ایک نسخے کے اوراق کی تعداد ۴۰۵۔ سایز ۹¼″×۵¼″ ہے ہر صفحہ میں ۱۶ سطریں ہیں۔ ڈاکٹر جادو ناتھ سرکار کے پاس اس نسخے کی ایک نقل (روٹو گراف) موجود ہے۔

فتوحات کے ابواب کی تقسیم اس طرح پر ہے :-

باب اول یوسف عادل شاہ

باب دوم اسماعیل عادل شاہ

باب سوم ابراہیم عادل شاہ

باب چہارم علی عادل شاہ

باب پنجم ابراهیم عادل شاہ ثانی

باب ششم محمد عادل شاہ

فزونی کی شاعری: فزونی کی شاعری کا نمونہ بہت کم موجود ہے۔ عرفات(۱) عاشقین میں ایک غزل کے تین شعر ملتے ہیں جن میں مطلع ریاض الشعراء اور مخزن الغرایب میں بھی نقل ہوا ہے۔ میخانہ میں ۸۹ بیت کا ایک ساقی نامہ دیا ہے اور اسکی شاعری کے متعلق یہ لکھا(۲) ہے۔ :

بعضی از اشعار او خالی از حالتی و رتبہ نیست، منظومات کم دارد

یہ ساقی نامہ شاہ عباس کی مدح میں ہے۔ ممکن ہے قیام(۳) ایران کی یادگار

---

(۱) ورق ۵٦٦ ب :

پروانہ صفت دشمن بال و پر خویشم پیوستہ طپان بر سر خاکستر خویشم

کے بر سرم ہوا داغست کہ چون تیغ (کذا) سرتا قدم آراستہ چون جوهر خویشم

.... یک لحظہ کہ در تربیت اختر خویشم

(دوسری اور تیسری بیت کے پہلے مصرعے پڑھے نہیں جا سکے) ۔

(۲) ص ۳۴۳ ۔

(۳) ایسا معلوم ہوتا ہے کہ فتح خراسان کے موقع پر لکھا گیا۔ اس فتح پر وہ کافی خوش تھا چنانچہ اس کا ذکر بحیرہ میں کیا ہے (ص ۵۰۲) اس قیاس کی صحت میں یہ ساقی نامہ ۱۰۰۷ هجری کے بعد کی یادگار ہوگا کیونکہ خراسان اسی سال فتح ہوا (ملاحظہ ہو بحیرہ ص ۵۰۲ ، عالم آرائے عباسی ص ۵٦۴ بیعد) لیکن ایک بات ضرور ہے کہ ایک بیت میں اپنی پیری کا ذکر کیا ہے (چو من شیشہ را پیر الخ) حالانکہ ۱۰۰۷ هجری میں وہ بالکل جوان رہا ہوگا کیونکہ اس سنہ کے ۵۰ سال بعد تک وہ تصنیف و تالیف میں مصروف رہا ۔ دوسری بات یہ ہے کہ حسب ذیل بیت سے قیاس ہو سکتا ہے کہ ممکن ہے وہ ہندوستان کی یادگار ہو۔

اگر برهمن یابدش در وجود

دگر بت کند برهمن را سجود

فزونی کو اپنے وطن سے جو محبت اور ایرانی بادشاہ سے جو عقیدت تھی اس کا اندازہ بحیرہ کی ص ۱۳۷ کی عبارت سے ہو سکتا ہے - یہ عبارت قبلاً نقل ہو چکی ہے ۔

مو۔ اس نظم میں بعض جگہ طنز کے اچھے نمونے مل جاتے ہیں، ۔ چند بیات درج (۱) ذیل ہیں :—

در این فصل کز فیض باد شمال
نسیم ارم را دهد گوشمال

جهان بس که سر تا بسر خرم است
تو گوئی جهان خاطر بیغم است

چرا من بیاد مئے لاله گون
پیاپی کشم آه سرد از درون

بیا ساقی آن زادهٔ روح را
ز طوفان خلاصی ده نوح را

بمن ده که یک لحظه دل خوش کنم
از این دیده طوفان آتش کنم

ازان می که در شیشه چون جا کند
چو من شیشه را پیر شیدا کند

ازان می که چون آرمش در خیال
شود مست اندیشه چون اهل حال

ازان می که عکسش دهد چون ضیا
بظلمت شناسند خورشید را

ازان می که چون بگزرد بر زبان
زبان شعله ریزد بداماں جان

---

(۱) مطبوعه ص ۴۴۵ ببعد و قلمی ورق ۳۱۲ ب ببعد ۔ مطبوعه
.ر قلمی نسخے میں فزونی کے واقعات زندگی میں کسی قسم کا اختلاف
ہیں البتہ ساقی نامے میں مطبوعه نسخے میں ۸۴ اور قلمی میں ۸۹
بات ہیں ۔

ازان می که بادش وزد چون به تاک
شود مست و بیهوش افتد بخاک
اگر جرعهٔ بر زمین زان چکد
فلک سان زمین را بچرخ آورد

بیا ساقی آن آب آتش اثر
که هر قطرهٔ او بود چون شرر
بمن ده که آتش پرستی کنم
چو مردان ره ترک هستی کنم
که از جور این نه خم نیلگون
چنانم که عاقل بدست جنون
من آن خرمی دیده‌ام از جهان
که پروانه از شمع و دل از سنان
من آن مردمی دیده‌ام از فلک
که بیند تن از نیش زخم از نمک
من آن مرحمت دیدم از روزگار
که بیند دل عاشق از هجر یار
ز بس کو نخواهد دل شادمان
نخواهد که شادی بود در جهان

بده ساقی آن جام پر آتشم
که بر یاد جم جاه عادل کشم
خداوند شمشیر و جام سریر
چو آبا و اجداد آفاق گیر

خدنگش رگ جان خصمان گرفت
بیک حملہ تیغش خراسان گرفت
سر افراز شاہان شہ دین پناہ
شہ عالی اندیش عباس شاہ

ماخذ

اس مقالے کی تیاری میں حسب ذیل قلمی و مطبوعہ کتابوں سے مدد لی گئی ہے۔

۱ - آئین اکبری تصحیح سر سید احمد خان مطبع اسماعیلی دھلی

۲ - آئین اکبری ترجمہ بیوریج (انگریزی) جلد دوم

۳ - بحیرہ مولف فزونی استرآبادی تہران ۱۳۲۸ ھجری قمری

۴ - بساتین السلاطین۔ مولفہ ابراھیم زبیری۔ سیدی پریس حیدرآباد

۵ - پرشین لٹریچر۔ سٹوری۔ جزو تاریخ ہند۔ (انگریزی)

۶ - تاریخ عالم آرائے عباسی - دو جلد امیر کبیر تہران و کتاب فروشی تایید اصفہان۔ ۱۳۳۵ ھجری خورشیدی

۷ - توزک جہانگیری تصحیح سید احمد خاں۔ غازی‌پور ۱۸۹۳، علی گڑھ ۱۸۹۴

۸ - ریاض الشعراء نمبر ۱۳۷—۱۳۸ (تاریخ) لٹن لائبریری مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

۹ - طبقات اکبری - بی - ڈے رائل ایشیاٹک سوسائیٹی بنگال کلکتہ ۱۹۱۷

۱۰ - عرفات عاشقین نسخہ خطی بانکی‌پور

۱۱ - فتوحات عادلشاهی نسخه خطی برٹش میوزم (ریو جلد اول ص ۳۱۷—۳۱۸) اسی کا ایک روٹو گراف ڈاکٹر جادو ناتھ سرکار کے پاس ہے وہ میرے زیر مطالعہ رہا۔

۱۲ - گلشن ابراهیمی یا تاریخ فرشته بمبئی ۱۸۳۲ -

۱۳ - لغت نامه دهخدا ۱۳۲۰ - ۱۳۳۶ خورشیدی چاپخانه مجلس تهران۔ جزو متعلقه ۱۳۳۰ خورشیدی

۱۴ - مآثر الامرا مولفه شاه نواز خاں صمصام الدوله۔ رایل اشیاٹک سوسائیٹی بنگال۔ کلکته جلد اول ۱۸۸۸، جلد دوم ۱۸۹۰، جلد سوم ۱۸۹۱

۱۵ - محمد نامه قلمی مولفه ملا ظهور بن ظهوری - نسخه مملوکهٔ ڈاکٹر جادو ناتھ سرکار۔ کاتب فصیح احمد گیاوی ۱۹۱۹ - اصل نسخه مملوکهٔ کتاب خانهٔ کپورتھله۔ مسلم یونیورسٹی میں بھی ایک نسخه موجود ہے - مگر مقالے میں نسخه اول کا حواله ہے -

۱۶ - میخانه (قلمی) مسلم یونیورسٹی کتاب خانه سنه کتابت ۱۰۳۶

۱۷ - میخانه (مطبوعه) باعتنا پروفیسر شفیع - لاهور ۱۹۲۶ء

۱۸ - نظم گزیده مولفه ناظم تبریزی - نسخه مسلم یونیورسٹی سبحان الله کلکشن سیرت و تذکره، نمبر ۳۳—۳۴ - بظاهر اس کا کوئی اور نسخه کسی کتاب خانے میں موجود نهیں تالیف ۱۰۳۶—۱۰۳۷ھ کتابت ۱۱۹۳ ھ

۱۹ - برٹش میوزیم کیٹلاگ مرتبه ریو۔ ج اول - لندن ۱۸۷۹ء

عبدالصمد صارم

اسلام کھنڈ

یو۔پی کے قصبات و دیہات میں جب دیہاتی لوگ رات کے وقت چوپال میں جمع ہوتے ہیں تو عموماً اسلام کھنڈ بڑے ذوق و شوق سے سنتے ہیں، عوام میں جس قدر مقبولیت اس کتاب کو حاصل ہوئی شاید کسی دوسری کتاب کو میسر نہیں آ سکی۔ اسلام کھنڈ در اصل اسلام کا شاھنامہ ہے جو اودھ و روھیلکھنڈ کی دیہاتی زبان میں لکھا گیا یہ کتاب ۱۳۰۴ ھ کی تصنیف ہے چنانچہ مصنف خود کہتا ہے۔

جھونٹ برابر پاپ نہیں ہے سانچ برابر ناھیں تاپ
یہی کہاوت بہتیری ہے اسکو جانت ھیں سب آپ
جھونٹ نہیں بولا ہے میں نے سانچی سانچی کہی سنائے
اصل کتاب میں جیسی کچھ تھی تیسی میں نے لکھی بنائے
نانوں(۱) اسکا اسلام کھنڈ ہے دین دھرم کی ہے تلوار
سن کا حال جو کوئی پوچھے سن ھجری تیرہ سو چار

اس کتاب میں فتوح الشام کی روایات کو بطرز آلہا اودل(۲) نظم کیا گیا ہے اور اسکو آلہا اودل ھی کے طرز میں گایا جاتا ہے مصنف سبب تصنیف اس طرح بیان کرتا ہے :

تارے چاند سرگ(۳) پر سوھیں(۴) دھرتی پر سوھیں انسان
فوجیں سوھیں رن کھتین(۵) میں، سوز ہے فوجن بیچ نشان

---

(۱) نام۔ (۲) ھندؤں کی ایک مشہور نظم
(۳) آسمان۔ (۴) زینت دیں۔
(۵) میدان جنگ۔

تالن(۱) بیچ مچھریا سوھے اور دل میں سوھے سردار
کاری (۲) بدریا کوندا سوھے، مردن (۳) پر سوھے تلوار
پھول کو سوھت ھے بگیا(۴) میں اور جگنو اندھریا رات
محفل مجلس اور سبھا میں سوھے خدا نبی کی بات
کاھے(۵) میں نے جج (۶) بکھا نی کاھے ایسی لکھی بنائے
سو میں عرض کرت ھوں تم سے سنیو یارو کان لگائے
پہلے عربی بولن میں تھی اچھی نینکی(۷) بھلی کتاب
باتیں سدھ (۸) لکھیں سب اسمیں جس کا جگ میں نہیں جواب
سانچے(۹) موتی بکھرماں اسمیں جن کی سوبھا نبرتی جائے
پھول گلاب اور بیلا چمبیلی مانو باغن دئے کھلائے
واقدی اسکے لکھنے ھارے (۱۰) دین دھرم کے سانچے امام
لکھن لڑائی سانچی سانچی جس کا نام فتوح الشام
ھوا ترجمہ پھر اردو میں اردو والن کے من بھائے
سمجھ والن سب اسکو سمجھیں لوگن عام نہ سمجھے جائے
عام مسلماں ھمرے بھائی جائیں آلہا میں شامل ھوئیں
آلہا کھنڈ جو ھندو گائیں تس(۱۱) میں جائے وہ داخل ھوئیں

---

(۱) تالاب -
(۲) کالی بدلی -
(۳) مردوں :
(۴) باغ -
(۵) کس لئے -
(۶) لڑائی کا بیان کیا -
(۷) عمدہ -
(۸) صحیح -
(۹) اس میں سچے موتی بھکیر دئے ھیں جن کی خوبی بیان نہیں ھو سکتی
(۱۰) مصنف -
(۱۱) آس -

آلہا اودل ملکے سلکے (۱) جن کے ساکے (۲) کہیں بنائے
بڑے چاؤ سے سنیں سناویں بیٹھیں مل سبھا جائے
جیسی پاویں ویسی گاویں جھوٹ سانچ کا نہیں بچار
سر اور پاؤں کچھ نا جانیں اٹکل پچو مارا مار
تاسی میرے من میں آئی اور ہردے (۳) میں گئی سمائے
سانچے جج مسلمانن کے اسی بولی میں لکھوں بنائے
دوست مرے اک لڑکائیں کے ساتھ پڑھی اک مکتب کیار
غلام مصطفے نانوں ہے انکا پیت کرپّا میت ہمار (۴)
بھاری پڑگا کھبّا ان کا راکھا اس میدان میں پاؤں
قلم اٹھائیکے لکھنے لاگا لیکے سرجن ھار (۵) کا ناؤں
موتی بکھرماں واقدی والے سو لڑی میں لئے پروئے
پھول، گلاب اور بیلا چمبیلی سو دھاگے میں دئے پروئے
بولی اردو ھندی ملمان جو سب کے ہردے سمیائے
سمجھ میں آوے سب کا ھو (٦) کے اور سنویّں کے من بھائے
سانچے حال لکھے ھیں میں نے جھونٹ کا اس میں نہیں اکار (۷)
جھونٹے موتی پر کار یجھے سانچے موتیں ھوئے بہار
مصنف کا نام مقیم الدین احمد بن ملاّ حیدر ھے چنانچہ لکھتا ھے
ڈھول مجیرن پر نا گاویں جیسے آلہا گائی جائے
ادب نبی کے اصحابن کا سوماین سب ھمرے (۸) بھائی

---

(۱) ملکھا نے اور سلکھا نے آلہا اودل کے دو رشتیدار -
(۲) معرکے - (۳) دل -
(۴) محبت کرنے والا ھمارا دوست - (۵) خدا -
(٦) کسی - (۷) نشان -
(۸) ھمارے -

اس دعا کی میں راکھت ہوں سوؤ راکھیں خیر ہمار
بھول چوک کی کریں معافی اور غلطی کو دئیں سمہار (۱)
کوئی کوئی شبدن کی غلطی پر نا کچھ کریں بچار
ہندی بولی محاورہ موافق بدلی صورت شبدن (۲) کیار
نام مقیم الدین ہے میرا ملاّ حیدر باپ کو نام
اس کے پڑھیاً اور سنویاً (۳) اے رب سکھ سے رہیں مدام
امن چین (۴) سے بسیں جگت میں رچا رہے دین اور ایمان

مصنف قصبہ بھیڑی ضلع بانس بریلی کا ساکن ہے اپنے پیر بھائی کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے ۔

بہت لاڈلے پیر اپنے کے دیا پیر نے انہیں رچائے
انہوں میں آیا گن پارس کا لوہا چھوات (۵) سون ہو جائے
چھائیں کرم کی نت راکھت ہیں نگری بھیڑی پر دن رات
سوجھ قسمت ہم لوگن (۶) کی اور ہے اچھے بھاگ کی بات
کوڑا ہات میں لیے شریعت کا دیا سو چاروں اور (۷) گھمائے
ساتھا ٹیک نہیں جن جانا تنہیں نمازیں دئیں سکھائے
مسجد آپ پکی اینٹن (۸) کی دئی بھیڑی میں بنوائے
چاہیں جس محل جنت میں تیسے ان کو دے خدائے

---

(۱) سنبھال ۔
(۲) لفظ کی ۔
(۳) پڑھنے اور سننے والے ۔
(۴) ہر بیان کے آخر میں ایسا ایک مصرعہ ہوتا ہے ۔
(۵) لوہا ہو تو سونا ہوجائے ۔
(۶) لوگوں کی
(۷) طرف ۔
(۸) اینٹوں کی ۔

مقیم الدین نے گو دیہاتی زبان میں اسلام کھنڈ کو نظم کیا ھے لیکن وہ پڑھا لکھا آدمی معلوم ھوتا ھے۔ سرورق پر نام کے ساتھ قاضی حکیم مقیم‌الدین لکھا ھے، اپنے استاد محمد دیدار خان کی تعریف میں لکھتا ھے

بھائی(۱) من استاد کے میرے جب میں انھیں دکھا جائے
خوشی بھئے اور بولے مجھ سے تو نے اچھی لکھی بنائے
ادب منانے کے ناؤں اب انکا سو میں تم کو دیون(۲) بتائے
پہلے محمد اور پھر دیدار اور پھر خان کو دیو ملائے
علم(۳) پڑھایا موھے چھوٹے بدھ کی باتیں دئیں بتائے
جس اور گن ان کا جگ‌ھیں دور دور پھونچا جائے
انھیں کے ادنی شاگردون میں آت سوھو(۴) کو کرو شمار
نپٹ کرم مو پر راکھت ھیں سکھی انھیں راکھے کرتار

مصنف مشہور صاحب باطن بزرگ شاہ محمد شیر صاحب پیلی بھیت والے کا مرید تھا ان کی تعریف میں لکھتا ھے :

سمرن(۵) اب میں پیر اپنے کو اپنے مرشد کے بل جاؤں
گیان سرستی گر کی باتیں اون کے سمرن کے گر پاؤں

---

(۱) یہ کتاب میں نے اُستاد کو دکھائی تو انھیں پسند آئی۔
(۲) بتادوں۔
(۳) مجھے چھوٹے سے کو علم پڑھایا اور عقل کی باتیں بتائیں ان کا احسان دور دور ھے۔
(۴) سوھو، مجھے، موپر، مجھ پر۔
(۵) یاد۔

شاہ محمد شیر قادری ان کے ناؤں کے میں بلہار(۱)
چاندنی اون کے ست دھرم کی چھائے رہی ہے جگ سنسار
بڑے پیر بغداد والے جو سب پیروں کے سردار
تنکے لڑی کے وے موتی ہیں سوبھا (۲) سگری موتین کیار
واہی(۳) گھرانے کے دیپک ہیں جس کی جوت جگت اوجیار
پھول انہی کی پھلواری کے جس سے سوھے جگ پھلوار
آج(۴)دنا ان کے چرنن سے جگ مگ ھنست ھے پیلی بھیت
جھکت اکاس جوھیں پچھ جاتا جہاں بست ھے پیری بھیت
مانو پیری بھیت نگر میں دیپک بار دھرا کرتار
جوت دئی وہ جوت سے اپنے جو پچھ لاگ چلا سنسار

اس کے بعد گیارہ شعر اور پیر کی تعریف میں ھیں اور ان سے مدد کا طالب ھے -

ھاتھ جوڑ میں عرج(۵) کرت ھوں دیکھو میری اور چنائے
تمھرے در کا کہلاوت ھوں دوجے(۶) کس سے مانگو جائے
مانجھ دھار(۷) میں نیّا تا کہ تم ھو کھیون ھار
اپنے مریدن اور داسن کا بیڑا تمھی لگیّو پار

---

(۱) قربان -
(۲) انیٹ -
(۳) وھی گھر کے چراغ ھیں جن کی روشنی سے دنیا روشن ھے -
(۴) چرنن ، قدم-آکاس سمان ، بست بستی -
(۵) عرض کرتا ھوں -
(۶) دوسرے -
(۷) منجدھار -

مقیم اپنے پیر بھائی حافظ شاہ عبیداللہ قادری چھتاوری کا بہت معتقد معلوم ہوتا ہے لکھتا ہے

گر بھائی(۱) حافظ جی صاحب تن کے نذر گزاری جائے
بہت خوشی بھئے اور اٹھ بولے نیکا بدلہ دئے خدائے
شاہ عبیداللہ قادری اونچا ناؤں ہے پاس اور دور
اور حافظ جی چھتاوری والے اور ہیں مجددی مشہور
خاص خلیفہ ہیں مرشد کے سب گربھین (۲) کے سردار
چھاجے(۳) ان کو چتر خلافت اور وے رہے چتر کو چھاج

اپنے چچا پیر کی تعریف میں لکھتا ہے۔

سمرن اپنے چچا پیر کو حاجی میاں شاہ دیدار
جن کی صورت کے درشن سے آنکھیں سیتل(۴) من اجیار
گھری(۵) کیسوئی اون کے چرنن سو ہے آج دنا گلزار
پھیلی سباسا سگرے جگ میں سگرا مہک رہا سنسار
رچے پریم کے رنگ میں ایسے جیسے پھول رچے رس لائے
پائے سباس فرشتے دھائے(۶) جگت بھنور ہوئے رہا لبھائے
آنکھیں رچیں پریم کے رس میں جن کا گن برنانا(۷) جائے
دیکھیں ایک نظر بھر جس کو تسکو ترتی دئیں رچائے

---

(۱) پیر بھائی۔
(۲) پیر بھائیوں کے۔
(۳) زینت دے۔
(۴) ٹھنڈی۔
(۵) لیسوئی کانوں ، دنادن ، سباسا خوشبو ، سگرا سارا۔
(۶) بھاگے۔
(۷) جن کی خوبی بیان نہیں کی جاسکتی۔

اس کے بعد شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی تعریف ھے اور اس کے بعد اصل کتاب شروع ھوتی ھے -

اسلام کھنڈ کے دو حصے ھیں آگے مصنف لکھنے نہیں پایا کہ اس کا انتقال ھوگیا پہلا کھنڈ بڑی تقطیع میں (۲۰۲) صفحات پر مشتمل ھے جس میں کم و بیش چار ہزار شعر اسی بحر اور زبان میں ھیں اس حصہ میں صرف محاربات صدیق کا ذکر ھے جہاں سے کتاب کی ابتداء ھے تاریخ واقدی کی پہلی جلد بھی محاربات صدیق پر مشتمل ھے، واقدی کی دوسری جلد محاربات عمر سے شروع ھوتی ھے اسی طرح اسلام کھنڈ کا دوسرا حصہ بھی محاربات عمر سے شروع ھوتا ھے -

پہلے کھنڈ کی ابتدا حمد، نعت اور ببر کی تعریف سے ھوتی ھے یہ تینوں بیانات ڈھائی ورق پر مشتمل ھیں اس کے بعد سبب تالیف ھے اور اس کے بعد مندرجہ ذیل عنوانات ھیں۔ پہلی جنگ تبوک، حضرت خالد کی چڑھائی، بصرہ کی لڑائی، دمشق کی پہلی لڑائی، بیت لہیا کی لڑائی حضرت خالد کا دھاوا، اور اس بیان پر حصہ اول ختم ھے -

شروع پہلی لڑائی جو مقام تبوک پر ھوئی

جس کے نور کو سب سے پہلے سرجن ھار دیا سر(۱) جائے
دھرتی اکاس چندرمان جس کے کارن دئے بنائے
لکھا ملائے عرش کے اوپر اپنے ناؤں سے جس کا ناؤں
جس کی امت کا دو و(۲) جگ میں اچھی امت راکھا ناؤں

(۱) سجا دیا -
(۲) دونوں -

نیکا سندر باغ جگت کا جس کے کارن دیا رچائے
تمبو اکاس بنا کھمبن کا جس کے کارن دیا بنائے

اس طویل تمہید کے دوصفحے بعد رومی سلطنت کا بیان ہے :

گزری جائے خبر ہرقل تو روم شام میں جس کا راج
کب تک راج سلامی اس کے تب تک اس کو دئیں(۱) خراج
سونا چاندی رتن جواہر اس کے خزانے میں الگدر(۲)
فوجن کی کچھ گنتی ناھیں اور لشکر کا نہیں شمار
گڈھ انطاکیہ شام ملک میں راج پاٹ کا نگر دوار
تہاں کچہری بادشاہ کی بھاری بہت لگے دربار

ایک صفحہ تک سلطنت روم کی عظمت و جلال کے بیان کے بعد لکھتا ہے :

ھیاں(۳) کی باتیں تو ھیاں چھوڑو اور پاچھے کی کہوں سنائے
کوچ کرائی یزید ربیعہ پھونچے شام دھورے پر آئے
اوترے تبو تب کے تب جنگل میں گھوڑن زین دئے اوترائے
پھینٹیں(۴) کھول دیں جوانن نے ذیڑھ تمبو لئے لگائے
تین(۵) دنا تو واھی جاگہ کرا مقام اپنا من لائے
بھو رھوت کہن چوتھے دنا کو آگے کوچ دیا کروائے
کوچ کرائے چلے ھیں تب ھی رومی بکٹ نظر پڑ جائے
آگے سوار بکٹ کے آویں پاچھے(۶) فوج چلپارائے

---

(۱) دیں -
(۲) بے شمار -
(۳) یہاں پاچھے پیچھے ، دھورے نز دیک -
(۴) جو انوں نے کمر کھول دی اور خمیے لگا لئے -
(۵) تین دن اسی جگہ مقام کیا -
(۶) پیچھے صیلبی فوج -

دیکھا(۱) جب غازی جوانن نے آوت لشکر رومن کیار
صفیں بنائیں ترتی اپنی اور لڑنے کو بھئے تیار
لیکے ربیعہ لشکر اپنا آڑ میں بیٹھے گھات لگائے
میر یزید نے اپنا لشکر سوامنے(۲) کو دیا بڑھائے
پھونچے سمو ھے کافر دل کے لے کر ایک ھزار سوار
ھوا(۳) مچھنا دو و فوجن میں آ گئے ڈرے جو کچھ کرتار
بولیں لڑ کے یزید بہادر اپنے لشکر تھیں پکار
تمہرے سمو ھے اب آئے پھونچے یاروجہ(۴) رومی کفار
پائیں(۵) آڑا دو راہ خدا میں ان سے ٹھن کرو تلوار
تم(۶) لوگن سے وے بڑھتے تا کانا کچھ کرو بچار
ڈرو نہ ان کے بھاری دل سے کرو لڑائی پائیں اڑائے
رب کے حکم سے تھوڑا لشکر بھاری دل کو دیت(۷) بھجائے
آڑے پاؤں جو رب کے کارن سو رب اس کو دئے جتائے
تھوڑا نہ جانو ان تھوڑن(۸) کو جن کا ساتھی ھوئے خدا
تلوارن کی چھاؤں نیچے نبی نے جنت دئی بتائے
جان دئی تلوار کے نیچے سو جنت میں پھونچا جائے

---

(۱) جب مسلمان جوانوں نے رومی لشکر آتے دیکھا -
(۲) سامنے -
(۳) دونوں فوجوں میں لڑائی ھوئی -
(۴) یہ -
(۵) قدم جمادو -
(۶) تم سے وہ زیادہ تعداد میں ھیں فکر نہ کرو -
(۷) بھگا دیتا ھے -
(۸) [illegible]

قدم نہ پاچھے ہٹے تمہارا جم کر کٹھن کرو تلوار
کرو لڑائی دین کے کارن تا سے پھیلے دین تمہار
ان ہی باتن کے عرصے میں سنیو اب تم سنیو بھائے
رومی فوج انطاکیہ والی سو سہرہ پر پہونچی آئے
تھوڑا(۱) دیکھ مسلمانن کو لاگ کہن رومی للکار
راج ہمارا چھینن آئے جبہہ ہیں چھینن ملک ہمار
چیوں(۲) اور سے گھیر گنہار کے لیلیو ان کو ھاتھن ھاتھ
مدد چلیپا کی تم مانگو ہوئے ہے چلیپا تمہرے ساتھ
اتنی کہہ اور ہلہ کرکے گرے مسلمانن پر آئے
کاوہ دے کے چیوندی(۲) گھیرا لیجو نکس نہ کوئی جائے
عربی مرد مسلمانن نے یارو جب کھینچی تلوار۔
نعرہ مار کے الا اللہ کا لڑیں لڑائی شیرن کیار
حملے کٹھن دریں چڑیں اورن(۲) سے تڑپ کے دل میں کودیں جائے
ڈریں نہ من میں کچھ مرنے سے سگرے گول پڑیں آر رائے
دل کافر جیسے گھن بادر(۳) ادھر ادھر سے جھک جھک آئے
غازی بہادر جیسے بجلی جائیں تڑپ ان میں سمیائے
بدئیں قدم چلادیں تیغا اور کریں برچھن کے وار
لاگے جائے سو جس کافر کے لاگت نکس(۴) جاوے واپار
ھاتھ پڑے تلوار کا جس پر تس کا موڑ الگ اڑ جائے
رنڈ(۵) رہے گھوڑے کے اوپر اور سر دھرتی پر کود کر آئے

---

(۱) مسلمانوں کو تھوڑی تعداد میں دیکھ کر رومی کہنے لگے یہ ھمارا راج چھیننے آئے ھیں -
(۲) چاروں طرف سے-
(۳) گھنے بادل -
(۴) لگتے ھی پار ھو جائے -
(۵) جسم -

لاشیں بچھ گئیں دھرتی پر اور بہ رہی رکت کے دھار
برچھے ڈھال رنگے لوہو(۱) میں لوہو بوڑ گئی تلوار
بڑی(۲) بڑی توپیں اشت دھات کی سوتھیں اون روزن میں نائے
گولا نہ جائے پانچ کوس لو اور نا سات کوس لو جائے
نا(۳) بندوقیں ان روزن میں گولی نہ آدھ کوس لو جائے
سانچی بات تھی سو کہہ دی جھوٹی ہم سے کہی نا جائے
تیر کی جس دھن آگ لڑائی اور بیتارن میں اندھیر
کودے گھات سے مبر ربیعہ تڑپ کے جیسے کودے شیر
کڑک کڑک کے اللہ اکبر ٹوٹے آئے ہزار سوار
کانپ اٹھی سب دھرتی رن کی اندھادھند چلی تلوار
نعرے(۴) سن غازی شیرن کے گئے کفار سناکا کھائے
ھل گئے جی اور ھنسے لاگے لشکر میں ھل جل پڑ جائے
ماریں چڑھ چڑھ غازی لڑیا بڑھت چلے جائیں قدم اگار(۵)
چوٹ کے اوپر چوٹیں چھوٹیں چلیں برابر وار پہ وار
چھیدیں سوارن کو برچھن سے نیچے دئیں گھوڑے سے ڈار(۶)
کندھے چھاتی اور کمر سے او ترت چلی جاوے تلوار
مارا مار پڑے سب دل میں رن میں بیت رہا گھنسام(۷)
کٹ کٹ موڑ گریں دھرتی پر جیسے ڈار ھلاوت آم

(۱) لہو-خون -
(۲) اُن دنوں ہشت دھات کی توپیں نہ تھیں -
(۳) یہ آلہا اودل کے شاعروں پر چوٹ ہے کیونکہ انھوں نے اپنی نظموں میں نئے آلات حرب کا ذکر کیا ہے -
(۴) غازیوں کے نعرے سن کر کفار ڈر گئے -
(۵) آگے -
(۶) ڈال -
(۷) گھمسان -

گھوڑے(۱) نہانگئے لوھو میں لوھو تلوارن چو چیات
نہریں بہ گئی ھیں لوھو کی تن میں موڑ بھریں اترات
بطالیق افسر کے اوپر پڑگئی نظر رییعہ کیار
پرکھ گئے دیکھ اس کا باناجہ رومن کا سردار
برچھا تان انہایا گھوڑا اس کے اور چلے سدھیائے(۲)
اے ھشیار سمجھ او کافر کال ترا اب پہونچا آئے
کر حملہ اور جونڑی پڑ کے کوکھ میں بھالا دیا چلائے
ھوئیگئی پارانی بھالے کی گرا زمیں پر نیچے آئے
افسر جو جت پرے ھوئیگے رومن چھوڑ دیا میدان
بھری(۳) پڑگئی ھے لشکر میں بھاجیں لے لے اپنی پران
مارے گئے اس جج میں رومی دو سو اوپر ایک ھزار
دو سو بیس مسلمانن کے سر جنت کو گئے سدھار
بھحت سپاھی جرجس دیکھے تب للکارا کہی پکار
کاھے نکس بھجے عربن سے برا رومیو ھوئے تمہار(۴)
آگے چلھیو(۵) کیا منہ لیکے لاج تمھیں کچھ آوت نائے
ماری گئی اتنی فوج ھماری جو لاش دھرتی بھر جائے
مارا گیا ھے بھیا میرا میں تو ھوں لوٹن کانائے
کے تو بدلا(٦) لیھوں واکا اور کاوا سے ملھوں جائے

---

(۱) گھوڑے لہو میں نہا گئے -
(۲) سید ھے -
(۳) فرار-بھا جیں بھا گیں -
(۴) تمہارا -
(۵) چلوگے -
(٦) یا تو بدلہ لوں یا اس سے جا ملوں -

باتیں سن ایسی جرجس کی لوٹے رومی باگ پھرائے

آئے لوٹ مقام پہ اپنے اور تمبوان(۱) میں ٹھیرے جائے

اتنی لڑائی بھئی(۲) پہلے دن سویا رون میں میں دی سنائے

(۳) دن بیتا رین براجی جگ میں رہے اندھیرا چھائے

سورج(۴) اپنے ڈیرے پہونچا تارے چھٹک رہے آسمان

یہ بیان واقدی کے بیان کے بالکل مطابق ہے البتہ ترتیب کچھ بدل گئی ہے واقدی اس جنگ کے بارے میں لکھتا ہے :

قال بلغنا ان اول من وصل الی تبوک کان یزید بن ابی سفیان و ذالک قبل وصول الروم بثلاثة ایام فلما کان فی الیوم الرابع و قدهم الصحابة بالرحیل اذ اقبل جیش الروم فلما رأی المسلمون غبرة المشرکین اخذوا علی انفسهم و کمن یزید بن ابی سفیان الالف و تظاهر القوم فی الف فارس و کذا کان المقدم علی المکمن ربیعة بن عامر و رتب یزید اصحابه الالف و وعظهم و ذکرهم آلاء الله و نعمه علیهم و قال اعلموا ان الله تعالی قد وعدکم النصر و ایدکم بالملائکة فی مواطن کثیرة و قال لکم فی کتابه کم من فئة قلیلة غلبت فئة کثیرة باذن الله و الله مع الصابرین و قال رسول الله صلی الله علیه و سلم الجنة تحت ظلال السیوف و انتم اول جند دخل الشام و توجه لقتال بنی الاصفر و کانکم بجیوش المسلمین قد لحقت بکم فکونوا عند ظن المسلمین بکم و ایاکم ان تطمعوا العدو فیکم

(۱) خیمے -

(۲) ہوئی -

(۳) دن ختم ہوا اور رات ہو گئی -

(۴) سورج ڈوب گیا -

(۵) فتوح الشام جلد اول صفحہ ۶ مطبوعہ نول کشور ۱۲۸۵ھ -

و انصروا الله ينصركم قال فبينما يزيد يعظ الناس و اذا بطلائع الروم قد اقبلت و جيوشهم قد اتت فلما رأوا قلة العرب طمعوا فيهم و ظنوا ان ليس ورائهم احد فبربر بعضهم على بعض بالرومية و قالوا دونكم من يريد بلادكم و هتك حريمكم و قتل سلوككم و استنصروا بالصليب فهو ينصركم ثم حملوا و التقتهم اصحاب رسول الله صلى الله عليه و سلم بهمم عالية و قلوب غير وانية و دام القتال بينهم و تكاثرت الروم عليهم فظنوا انهم فى قبضتهم و اذ خرج عليهم ربيعة بن عامر و قد اعلن هو و اصحابه بالتكبير و الصلوة على البشير النذير و السراج المنير محمد صلى الله عليه و سلم و حملوا على خيولهم العربية و اعلنوا بتوحيد رب البريه و عاينت الروم من خرج عليهم من الكمين فانكسرت هممهم و القى الله الرعب فى قلوبهم فتقهقروا الى ورائهم و نظر ربيعة بن عامر الى الباطليق و هو يزجر قومه و يحرصهم على القتال فعلم انه طاغية الروم فحمل عليه بقلب قوى و جنان جرى و طعنه طعنة صادقة فوقعت فى خاصرته طلعت من الناحية الاخرى و انجدل صريعا فلما نظرت الروم الى ذلك و لت الادبار و ركنوا الى الفرار و انزل الله النصر على اصحاب محمد المختار صلى الله عليه و سلم آناء الليل و اطراف النهار قال الواقدى رحمه الله حدثنى عمر بن رفاعة بن عثمان عن جده ابراهيم بن الحارث عن ابى عبدالله بن مسلم قال و لقينا الروم فى اطراف تبوك مع الباطليق و هزمهم الله عز و جل على ايدينا و كان جملة من قتل منهم الفان و مائتان و قتل منا مائة و عشرون رجلا اكثرهم من السكاسك و ان الروم لما انهزموا قال لهم جرجس ويحكم باى وجه نرجع الى الملك و مالقينا الا طليعة القوم و قد نتكوا فينا و قتلوا كبارنا و ملاؤا الارض من قتلا نا و ما كنت بالذى ارجع الا ان آخذ بثار اخى

او الحق به قال فلما سمع القوم منه و بخ بعضهم بعضاً و رجع بعضهم الی بعض بالملامة و عادوا الی القتال و ضربوا مضاربهم و خیامهم و اظهروا زینتهم و عولوا علی القتال و النزال -

همیں معلوم ہوا ہے کہ سب سے پہلے تبوک میں پہونچنے والے یزید بن ابی سفیان تھے وہ رومیوں سے تین دن پہلے اس مقام پر پہونچے چوتھے دن صحابہ نے کوچ کا ارادہ کیا ہی تھا کہ رومی لشکر آتا دکھائی دیا جب مسلمانوں نے مشرکین کے لشکر کی گرد دیکھی تو وہ ہوشیار ہوگئے یزید نے ایک ہزار سپاہی پوشیدہ مقام پر بٹھا دئے اور ربیعہ کو ان کا سالار مقرر کیا ایک ہزار مسلمان سوار رومیوں کے سامنے آئے یزید نے صف بندی شروع کی اور مسلمانوں کو تلقین کی کہ اللہ تعالی نے تم پر بڑے احسانات کئے ہیں اس نے کہا اللہ تعالی نے تم سے امداد کا وعدہ کیا ہے اور بہت سی لڑائیوں میں ملائکہ کے ذریعہ تمہاری مدد کی ہے اور کلام پاک میں فرمایا ہے کہ خدا کے حکم سے بسا اوقات چھوٹی سی جماعت بڑے گروہ پر غالب آجاتی ہے اور حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جنت تلواروں کے سائے کے نیچے ہے یہ سب سے پہلا اسلامی لشکر ہے جو ملک شام میں داخل ہوا ہے اور رومیوں سے لڑنے کے لئے آیا ہے اور بھی اسلامی لشکر تمہاری امداد کے لئے آنے والا ہے مسلمانوں کا تمہارے بارے میں جو خیال ہے اس کو سچا کر دکھاؤ خبر دار جو دشمن تمہارا حوصلہ کریں تم اللہ کی مدد کرو وہ تمہاری مدد کرے گا یزید مسلمانوں کو وعظ کر رہے تھے کہ رومی لشکر آن پہونچا جب انہوں نے دیکھا کہ عرب تھوڑی تعداد میں ہیں اور ان کے سوا اور عربی لشکر نہیں ہے

تو وہ ایک دوسرے کو باواز خشم گیں رومی زبان میں کہنے لگے دیکھو یہ جانے نہ پائیں یہ تمہارے شہروں کو لوٹنے، تمہاری بے عزتی کرنے اور تمہارے بادشاهوں کو قتل کرنے آئے هیں صلیب سے مدد طلب کرو وہ تمہاری مدد کرے گی پھر انھوں نے حمله کر دیا صحابہ نہایت پامردی اور بلند همتی کے ساتھ ان سے لڑے۔ لڑائی جاری رهی رومیوں نے ان پر غلبه و هجوم کرنا چاها وہ یہ سمجھتے تھے کہ یہ همارے قبضه میں آ گئے هیں اچانک ربیعه بن عامر کمین گاہ سے هزار سپاهی لے کر نکل آئے اور اس کے دوست باواز بلند تکبیر کہتے کلمه توحید اور درود پڑھتے عربی گھوڑوں پر سوار بڑھے رومی یہ دیکھ کر همت چھوڑ بیٹھے اور وہ مسلمانوں سے مرعوب ھوگئے لهذا پیچھے هٹے ربیعه نے رومیوں کے سردار باطلیق کو دیکھا کہ وہ اپنے ساتھیوں کو بھڑکا رها ھے اور ترغیب دے رها ھے تو وہ سمجھ گیا کہ یہ قوم کا سرغنه ھے لهذا اس نے باطلیق پر مضبوط دل کر کے حمله کر دیا اور ایک ایسا بھرپور نیزہ کا وار کیا کہ کوکھ کے آر پار ھوگیا اور وہ زمین پر آ رها جب رومیوں نے یہ دیکھا تو پشت پھیر کر بھاگ کھڑے ھوئے اور الله تعالی نے مسلمانوں کو فتح نصیب کی۔ واقدی کہتا ھے کہ مجھسے عمر بن رفاعه نے روایت کی ھے کہ همارا مقابله اهل روم سے تبوک میں هوا ان میں سے دوهزار دو سو آدمی قتل ھوئے اور هم میں سے ایک سو بیس قتل ھوئے جن میں بیشتر سکاسک تھے جب رومیوں کو هزیمت ھوئی تو جرجیس نے ان سے کہا بڑے افسوس کی بات ھے هم کس منه سے هرقل کے سامنے جائینگے حالانکه ابھی همارا مقابله ان کے هراول دسته سے هوا ھے

اور انہوں نے ہم میں سے بہت سے آدمی مار دئے ہمارے بڑے سرداروں کو قتل کیا اور زمین کو ہماری لاشوں سے بھر دیا میں تو بغیر بھائی کا بدلہ لئے واپس نہ جاؤنگا یا یہ کہ مارا جاؤں۔ راوی کہتا ہے جب رومیوں نے یہ سنا تو وہ ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے اور میدان جنگ کی طرف لوٹ آئے خیمے لگائے اور سامان جنگ سجایا اور قتل و قتال کے لئے تیار ہو گئے

ہمارا شاعر جیسا کہ خود کہتا ہے ''سانچے حال لکھے ہیں میں نے جھونٹ کا اس میں نہیں اکار،، واقدی کے قدم بقدم چلتا ہے اس نے اپنی طرف سے نمک مرچ لگانے کی کوشش نہیں کی سابقہ مقابلہ سے یہ بات بالکل واضح ہے لیکن پھر بھی بعض جگہ نہ معلوم کیوں وہ واقدی سے اختلاف کر گیا ہے حالانکہ کوئی شعری ضرورت اس کو ایسا کرنے پر مجبور نہ کرتی تھی چنانچہ اس پہلی جنگ کے بارے میں واقدی اور دیگر مورخین لکھتے ہیں کہ جنگ تبوك میں دو ہزار دو سو رومی سوار مارے گئے اور ایک سو بیس مسلمان شہید ہوئے لیکن صاحب اسلام کھنڈ لکھتا ہے

مارے گئے اس جج میں رومی دو سو اوپر ایک ہزار
دو سو بیس مسلمانن کے سر جنت کو گئے سدھار

پھر آگے چل کر اسی جنگ کے بارے میں لکھتا ہے

بھاجے بچا نہ کوئی رومی سانچی مانو بات ہمار
مارے گئے سب افسر پانچوں اور لشکر سب آٹھ ہزار

حالانکہ واقدی عیسائیوں کے پانچ افسر نہیں چار بتاتا ہے یعنی باطلیق، جرجیس، لوقا اور صلیا، یہاں بھی کوئی شعری مجبوری ایسی نہ تھی

جس کی بنا پر شاعر اصل کتاب سے اختلاف پر مجبور ہوتا نہ اس کے پاس کوئی ایسی تاریخی سند ہے جس سے پانچ سرداروں کا قتل ہونا ثابت ہو حوالۂ مذکورہ سے چار پانچ سطر پیشتر واقدی لکھتا ہے

و امر علیهم اربعة من بطارقه الباطلیق و اخوه جرجس و صاحب شرطته لوقا بن شمعان و الرابع صاحب غزة و عسقلان و هو صلیا و کانوا هولاء الاربعة تضرب بهم الامثال فی الشجاعة و البراعة

ہرقل نے اپنے لشکر پر چار پادریوں کو سردار مقرر کیا تھا ایک باطلیق دوسرے اس کا بھائی جرجس تیسرا حاکم پولیس لوقا بن شمعان اور چوتھا صاحب غزہ و عسقلان یعنی صلیا اور یہ چاروں شخص شجاعت اور زیرکی میں ضرب‌المثل تھے

مقیم الدین اس عبارت کا ترجمہ اس طرح کر گیا ہے اور یہی غلطی کا باعث بنا ہے

افسر پانچ بنائے ان پر چھٹے بھٹے نامی سردار
روم اور شام جنھیں سب جانیں بڑے جو دھن(۱) میں ہوئیں شمار
ایک بطالیق ان پانچوں میں دوجا جرجس اس کا بھائی
لوقا صلیب اور شرطیہ والا پانچوں افسر دئے بنائے

حصہ اول حضرت خالد کے دھاوے پر ختم ہوتا ہے آخری شعر یہ ہیں ان میں حضرت خالد کی معزولی اور حضرت ابوعبیدہ بن جراح کی قایم مقامی کا ذکر ہے خلیفۂ ثانی منتخب ہو جانے کے بعد حضرت

---

(۱) بہادر -

عمر نے ابو عبیدہ عامر بن عبد اللہ بن الجراح کو چٹھی لکھی تھی کہ میں نے خالد کو معزول کیا اور تجھے اس کا قایم مقام بنایا

بھیجا ھے خط لکھ میں نے بوبیدہ(۱) عامر کے نام
کام کریں وہ سرداری کا اور خالد نا کریں جھ کام

جانت نہیں میں کوئی کارن (۲) خط سب کو دیا سنائے
سوچے کا بوبیدہ عامر راکھی(۳) جو جھ بات چھپائے

اتن(۴) کہ تب چپکے ھو گئے اور باتی(۵) بانچن من لائے
دیکھ گئی سگری(۶) آخر لو اور من اپنے لئے بسائے

بھلا کھنڈ اسلام کھنڈ کا سو یارو ھوا تمام
پاک نبی اور اصحابن پر پھونچت(۷) رھے درود و سلام

جب لو(۸) چمکے چاند اور سورج جب لو رھے دھرتی اسمان

واقدی کی دوسری جلد حضرت عمر کی خلافت سے شروع ھوتی ھے اسلام کھنڈ کا دوسرا حصہ بھی خلافت عمر سے شروع ھوتا ھے یہ حصہ متوسط کتابی تقطیع پر (۳۲) صفحات پر مشتمل ھے اس میں (۵۸٦) اشعار ھیں اور صرف جنگ میلہ(۹) کا ذکر ھے آگے مصنف تصنیف نہیں کر سکا کیونکہ قبل از تکمیل اس کا انتقال ھو گیا تھا

---

(۱) ابو عبیدہ۔
(۲) کام۔
(۳) رکھی۔
(۴) اتنی۔
(۵) بات۔
(٦) ساری۔
(۷) پھونچتا۔
(۸) تک۔
(۹) جنگ میلہ سے مراد جنگ حصن ابی القدس ھے۔

۱۹۳۸ء میں یہ حصہ دوسری بار شائع ہوا اس پر مصنف کے نام کے ساتھ مرحوم لکھا ہوا ہے یہ ایڈیشن اس کے بیٹے حکیم ریاض‌الدین کی جانب سے قاسمی پریس سبحان نگر لکھنئو میں شائع ہوا اس لئے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف کا انتقال ۱۹۳۸ء سے پیشتر ہی ہو چکا تھا اس دوسرے حصے کی ابتداء حضرت عمر کی خلافت اوز میلہ کی لڑائی سے ہوتی ہے سب سے پہلے ایک سمرنی ہے

دنیا ہے اك اچرج میلہ جس کا ہوئے نہیں سکت بکھان(۱)
میلہ لگے ملے سب کوئے بچھڑنکا ناھیں کچھ دھیان
بچھڑ جائے جب بچھڑن والا ملے بھئے دیکھت رہ جائے
بس نہ پہنچے لوٹا رن کا اور رہ جاوت(۲) ھیں پچھتات
ایک بچھڑت ایک آئے ملت ہے اك جاوت اور دوجا آت
لگی رہی ہے یہی آوا جاهی(۳) میلہ جیون کا تیوں دکھرات
بنے رہت نت اس میلہ میں سب کہن بھانت بھانت(۴) کے لوگ
کوئی جوگی کوئی بھوگی کوئی بروگی کوئی نروگ
کوئی بادشاہ اور کوئی بھکاری کوئی غریب اور کوئی امیر
کوئی غلام اور کوئی مالک کوئی مرید اور کوئی پیر

چند اشعار کے بعد حضرت ابوبکر صدیق کی وفات اور حضرت عمر کی تخت نشینی کا بیان ہے

رحلت کر گئے دنیا سے جب ابو بکر صدیق جناب
بھئے خلیفہ تب نگری کے میر مؤمنین عمر خطاب

(۱) بیان نہیں ہو سکتا -
(۲) پچھتاتے رہ جاتے ھیں -
(۳) آنا جانا -
(۴) قسم قسم کے -

عمر تھی باون برس کی واکہن(۱) گئی جو باگ خلافت کیار
مسلمان سب تابع ہو گئے مانا انہیں حاکم سردار
جگ ان کو فاروق بکھانا پاک نبی کے دوجے یار
گدی بیٹھ جگت ان تھاما سانچا دین کرا اوجیار
دھرم کے پھل پھولن سے باغ دین کا کیا رچائے
ایسی بہار اس باغ میں آئی جو کبہوں آئے(۲) نائے
سانچا(۳) پنتھ اور سانچی بانیں دئیں لوگوں میں پھیلائے
بیر کپٹ کا ناؤں نا رہیا جھوٹ پاپ سب دیا مٹائے
نیاؤ(۴) کرا ایسا دھرتی پر جو دکھ ہو نر جانا نائے
دودھ کا دودھ الگ چھن میں پانی کا پانی رہ جائے
چھوند(۵) ایسی عدل پسارا جو دکھ پنیارا نائے
بھیڑ اور بھیڑیا باگھ اور بکری پانی پئیں اک گھاٹ پے آئے
ظلم کرے جو کوئی کسو پر کرنی لے سو بدلہ پائے
زبر بہیر کو کڑی نظر سے دیکھ سکے نا آنکھ ملائے

دو چار ورق تک حضرت عمر کی تعریف، حضرت خالد کی معزولی، ابن جراح کی قایم مقامی اور قاصد هرقل کے دربار خلافت میں حاضر هونے وغیرہ کے بیان کے بعد پھر جنگ میلہ شروع هوتی هے

(۱) اُس وقت ـ
(۲) جو کبھی نہیں آئی ـ
(۳) سانچا پنتھ سچا دین ـ بیر کپٹ دشمنی ـ
(۴) نیاؤ انصاف ـ چھن منٹ ـ
(۵) چھو ندا یسی چاروں طرف ـ

جنگ میله کا آخری سین

کہن (۱) لہروا سے پھر لاگے حضرت عبداللہ سردار
بات کہوں میں اب ایک تم سے سنو آزرو کے لال ضرار
حامی کار ہیں جو رومن کے حاکم راجہ اور سردار
اور رومی اسوار(۲) دلاور سو ہیں سب گرجا کے دوار
طرابلس کے بادشاہ کی بیٹی ہے جو گرجا ما آئیں(۳)
تاسے سب گھیرے ٹھاڑے ہیں آنے دئیں کسی کو نائیں
سو میں ازرو کے بیٹے تم سے پوچھت ہوں جو بات
حملہ کرنے میں اب ان پر نہ دے سکت ہو میرا ساتھ
پوچھیں تب وہ لوگ کہاں ہیں سو تو تم لوھو دیو بتائے
جواب دئیں حضرت عبداللہ کہ نہ انہیں ہو دیکھت نائے
اتنی سن تب میر لہروا دیکھیں اپنی نظر بڑھائے
دائیں اور(۴) میں سو گرجا کے جمگھٹ بھاری پڑی دکھائے
بادشاہ ہے طرابلس کا اور ہیں بڑے بڑے سردار
اور رومی اسوار دلاور باندھے بیٹے سگرے ہتھیار
گھیرے بیٹے ہیں سب گرجا کو اور بیٹی کو رہے رکھائے
آوے(۵) جو وا اسکو کوئی تسکو مار دئیں لوٹائے
آگ برت(۶) ہے جگہ جگہ تس کا پھیل رہا اوجیار
چمکیں صلیبیں اوجیارے میں جیسے لوہے کی دیوار

---

(۱) کہنے۔
(۲) سوار۔
(۳) گرجا میں آئی ہے۔
(۴) طرف۔
(۵) جو کوئی آتا ہے۔
(۶) آگ جلتی ہے۔

دیکھ اس جمگھٹ کو گرجا پر لاگے کہن میر ضرار
حملہ لیو کرو اب ان پر حملہ کروں میں ساتھ تمہار
حملہ کرا تب ایک اور سے حضرت رندولہ نے اوہ بار
ایک اور سے عبداللہ جعفر ایک اور سے میر ضرار
حملہ اور غازی لشکر نے ساتھ ھی ان کے کرا رگھائے
مانو تھوک چلے شیرن کے گھوڑے تڑ پڑ دئے اوٹھائے
گرے جھپٹ کفار کے دل پر جیسے شیر گرت ھیں جائے
نعرے مار کڑک للکارے دھرتی اکاس گئے تھرائے
دھر کے ڈپٹا اور رومن کو رومی سمھرے(۱) بھئے ھوشیار
اپنی جانیں بچاون کارن بھئے مقابل دئے ھتھیار
ٹھنی لڑائی تب گرجا پر لاگے چلن برچھے تلوار
گاجن(۲) لاگے جوان بہادر اور باجن لاگے ھتھیار
گرد اوڑانی آسمان کو تارے چھائے رھے اندھیار
چمک(۳) رھے تارے برچھن کے بجلی کوند رھی تلوار
کٹھن لڑیا سب سے بڑھ کر وادن(۴) رومن میں اے یار
بادشاہ تھا طرابلس کا رومن لشکر کا سردار
چلانکس(۵) سو لشکر سے باگ اپنے گھوڑے کی پھیر
جا ہوا تھا زمین کے اوپر گونج رھا جیسے نرشیر

---

(۱) سنبھلے ۔
(۲) شور مچانے لگے ۔
(۳) برچھے تاروں کی طرح چمک رہے تھے ۔
(۴) اُس روز ۔
(۵) نکل ۔

آیا میر ضرار پر سیدھا حملہ کٹھن اور کرا اگھائے
بھاری ڈیل ڈول دیکھ اس کا رہے ضرار اچنبا(۱) لائے
سمجھ گئے دیکھ حملہ اس کا اور ترتی(۲) ہوئیگئے ھشیار
پائیں اڑائے اس کے مہرہ پر بھئے مقابلہ کو تیار
رومی حاکم طرابلس کا اور اس کے ساتھی اسوار
لاگے کرن حملہ پر حملہ دئے تڑپ تب میر ضرار
آئے ھٹ ایسی جاگا پر سکیں جہاں گھوڑا دوڑائے
پھیل پھوٹ کر کھلی جگہ میں ٹھارے بھئے تب پائیں اڑائے(۳)
کاوہ (۴) دیا گھوڑے کو اپنے کریں جو حملہ داؤ لگائے
تولو رات کی اندھیاری میں گھوڑا گرا اوندھا ھو جائے
الگ زمین سے بھئے لہروا اور گھوڑے پر رھے رسائے
چاھا ھوئیں سوار پھر اس پر اور بیری(۵) سے لڑیں اگھائے
راہ نہیں پائی پر اس کی مہلت ملی سو اتنی نائے
پھونچ سکے گھوڑے لو ناھیں پیدل لاگے لڑن اگھائے
قائم رھے جگہ پہ اپنی ھاتھ میں تھی ڈھال اور تلوار
ڈٹ کر کرا مقابلہ ان کا پیدل کٹھن لڑے اودبار
پیدل دیکھ سوار ان کو وا کھن(٦) حوصلہ بڑھ بیری کا جائے
کر حملہ اور آیا ان پر وار گرز کا کرا اگھائے

---

(۱) تعجب۔
(۲) فوراً۔
(۳) قدم جمائے۔
(۴) پھیرا۔
(۵) دشمن۔
(٦) اس گھڑی۔

خالی وار دیا کافر کا گئے لہروا الگ بچائے
اور جھپٹے تلوار سے اس پر جیسے جھپٹے شیر اگھائے
تڑپا گھوڑا تب کافر کا اور بگڑا تیزی میں آئے
تھاڑا ھوا دوئے پائن(۱) کے بل اوندھا گرا زمین پر آئے
پھونچ نہ پائے ساتھ اس کے تڑپ لہروا پھونچے جائے
اور ماری تلوار اک اس پر سو کچھ ھو ھی کارگر نائے
چاھا انہ کے ٹھارا ھو جائے(۲) پکڑ لہروا لیا اٹھائے
مارا پھینک کے دھرتی پر مانو دیا پہاڑ گرائے
جیسے کیا لشکر میلہ پر جیسی بڑی لڑائی آئے
جیسے بھئی فتح میلہ کی جیسے لوٹ لئی کروائے
سگرا حال لکھا پاتی(۳) میں اور حضرت خالد کا حال
کئے حمک پر لے کر لشکر باندھ اپنی تلوار اور ڈھال
کٹھن لڑائی سانچے جی سے راہ خدا میں کرے اکہائے
کام کرا شاباشی لائق گن ان کا برنا نا جائے
باتیں کرے تھے جو چلتے دنن(۴) حضرت خالد نے من لائے
سؤو لکھیں پاتی میں سگری کچھ تعریف کری نا جائے
باتیں لکھ سب رندولہ کی کری یہ گدی سے ارداس
باتیں آپ مہربانی کی بھیجیں لکھ خالد کے پاس
بند کرے اتنی لکھ پاتی دئی مدینے کو بھجوائے
نگر بعلبک کو واھی دن کوچ فوج دیا کرائے
جج بھئی جیسی میلہ میں یارو میں نے دئی بکھان

---

(۱) دونوں پاؤں۔
(۲) کھڑا ھو جائے۔
(۳) بات۔
(۴) وقت۔

مقیم الدین نے یہ دونوں حصے ملی جلی ہندی اردو کھڑی بولی میں لکھے ہیں چنانچہ خود لکھتا ہے

بولی اردو ہندی ملماں(۱) جو سب کے ہر دے سمیائے(۲)
سمجھ میں آوے سب کھوکے اور سنوین کے من بھائے

اس نے آلہا اودل کے طرز و زبان کو نباھنے کی پوری کوشش کی ہے اور اس طرز پر دسترس کامل رکھتا ہے وہ رزمیہ شاعری پر پوری طرح قادر ہے سابقہ نمونۂ کلام سے یہ بات واضح ہے اس نے اپنی شاعری سے ایک مفید کام لیا ہے اور اس کی کتاب کی ایک بنیاد ہے، اس نے کوئی فرضی داستان نہیں لکھی بلکہ ایک تاریخ کو نظم کیا ہے جو قدیم تاریخ ہے اور جس کو سب تسلیم کرتے ہیں گو روایت و درایت کے اعتبار سے وہ بعض جگہ ناقص ہے

اسلام کھنڈ کی مقبولیت کو دیکھ کر بہت سے شعراء نے اسلام کھنڈ لکھے لیکن وہ سب نادرہ ہیں کیونکہ انہوں نے کسی تاریخ کو سامنے نہیں رکھا خواہ مخواہ گپیں ھانکی ہیں چنانچہ ۱۹۱۵ء میں مولا بخش شوقین ساکن دھام پور ضلع بجنور نے اسلام کھنڈ المعروف بہ اسلام کا درہ شائع کیا یہ متوسط تقطیع پر (۸۶) صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں کم و بیش ڈیڑھ ہزار اشعار ہیں یہ بھی آلہا اودل کے طرز پر ہے لیکن اس کی زبان مقیم الدین کے اسلام کھنڈ سے زیادہ صاف ہے کتاب کے عنوانات درج ذیل ہیں اور مروجہ اردو زبان میں ہیں

---

(۱) ملی جلی۔
(۲) سمائے۔

(۱) حمد خدائے تعالیٰ (۲) نعت سرور کائنات (۳) سبب تالیف کتاب (۴) آغاز داستان (۵) مدینہ منورہ والوں کا شہر بدر کو روانہ ہونا (۶) خسرو کا قاصد بن کر کافر کے دربار میں جانا (۷) جنائل کا میدان جنگ میں جانا (۸) مہرائل کا میدان جنگ میں آنا (۹) مہرائل اور جنائل کا مقابلہ (۱۰) وسطن کا میدان میں آنا (۱۱) جنائل اور وسطن کا مقابلہ (۱۲) کرطاش کا میدان جنگ میں آنا (۱۳) کرطاش اور جنائل کا مقابلہ (۱۴) اربل کا میدان جنگ میں آنا (۱۵) حضرت علی حیدر کا مقابلہ کے لئے جانا (۱۶) سہرائل کا میدان جنگ میں جانا (۱۷) جرجودھن کا رن کھیتوں میں جانا (۱۸) حضرت علی اور جرجودھن کا مقابلہ (۱۹) تین ہزار چوروں کا عربی دل میں چوری کرنا اور پکڑے جانا (۲۰) شہزادہ جنائل کا خواب دیکھ کر بیدار ہونا اور عربوں کو جگا دینا اور چوروں کا گرفتار ہونا (۲۱) خاقان کا میدان کارزار میں آنا (۲۲) شیر خدا کا مقابلہ کے واسطے جانا اور دشمن کو گرفتار کرنا (۲۳) زقوم رائے کا بارہ لاکھ فوج لے کر رن کھیتوں میں آنا (۲۴) علی مرتضیٰ کا مع سرداروں کے مقابلہ کے واسطے آنا

ان عنوانات سے کتاب کی لغویت واضح ہے شوقین نے بالکل آلھا کھنڈ والوں کی طرح بے پر کی اڑائی ہے جس کا نہ کوئی سر ہے نہ پاؤں، شروع کتاب یعنی حمد خدائے تعالیٰ کا نمونہ یہ ہے

حمد کروں پہلے اس رب کی جس نے پیدا کیا جہان
بلا سہارے کسی چیز کے دیکھو نگر کھڑا اسمان

دی عقل آدم کو ایسی برے بھلے کی ہو پچھیان(۱)
کفر دیا کاھو کے گھٹ میں(۲) کاھو کو دیا ایان
اك قطرۂ ناپاك سے اس نے دئے ھیں سب انسان بنائے
اك قطرہ ڈالا سیپی میں لعل جہاں پر اپجا(۳) جائے

سبب تالیف میں لکھتا ھے

دیکھا جو اسلام کھنڈ کو جس کا نام فتوح الشام
سنوایا سب منتر نینن کو اور آخر تک کیا تمام
لکھا طرز میں آلہا کے خوشی بھئے ھمرے من بھائے
سانچی بات اسلام کھنڈ میں سانچی سانچی لکھی بنائے

مگر اس نے تمام واقعات من گھڑت لکھے ھیں جنگ بدر کا بیان پڑھئے معلوم ھوتا ھے یہ وہ بدر نہیں جو عرب کا مشہور مقام ھے اور جہاں رسول اللہ اور کفار عرب میں جنگ ھوئی تھی بلکہ یہ بدر کوئی فرضی مقام ھے اور اسی طرح اس جنگ کے تمام کردار فرضی ھیں جن کا ذکر کسی جھوٹی تاریخ یا افسانے میں بھی نہیں ھے، مصنف نے عجائب پرست جہلاء کے دل بہلانے کے لئے یہ اسلام کھنڈ لکھا ھے۔

آغاز داستان.اس طرح کرتا ھے کہ ایک دن رسول اکرم اصحاب کی مجلس میں رونق افروز تھے کہ جبریل علیہ السلام آئے اور کہا کہ ایک مقام ھے جس کا نام بزرگ شہر ھے اور اس کو بدر بھی

(۱) پہچان -
(۲) کسی کے دل میں -
(۳) پیدا -

کہتے ہیں وہاں کے کافر بڑے سخت ہیں ان پر لشکر کشی کیجئے رسول اکرم نے لشکر مرتب کیا تین ہزار سوار و پیدل پر حضرت ابوبکر کو افسر بنایا، تین ہزار پر حضرت عمر کو، سات ہزار پر حضرت عثمان کو اور دس ہزار پر حضرت علی کو - جب یہ لشکر روانہ ہوا تو راستے میں ایک دریا آیا جس کا عبور کرنا ممکن نہ تھا سپاہی واپس آئے اور رسول کریم سے عرض کی آپ نے فرمایا چلو دریا پر جا کر دیکھیں، گئے، تو دو ہزار کشتیاں دریا پر پڑی تھیں ان پر سوار ہو کر لشکر اسلام نے دریا کو عبور کیا سات دن متواتر چلتے چلتے ایک ایسے میدان میں پہونچے جہاں سے بدر کا قلعہ سات کوس تھا یہاں پہونچ کر حضور نے فرمایا کون شخص ہے جو بادشاہ کو خط پہونچائے صحابہ میں سے ایک شخص خسرو نام نے کہا میں پہونچا دونگا خسرو خط لے کر بادشاہ کے دربار میں پہونچا بادشاہ کے پاس اس کا بیٹا سہرامل اور جرجودھن اور خاقان سردار بیٹھے تھے بادشاہ نے دربار عام کیا اور سب کو خط سنایا اور عربوں کو خوب برا بھلا کہا، سہرامل نے کہا آپ حکم دیں تو میں علی کو گرفتار کر لاؤں یا قتل کر دوں اس پر خسرو کو غصہ آ گیا اس نے شہزادہ کو للکارا اور حملہ کرکے مار گرایا -

حکم دیا گدی پت(۱) نے اور لشکر کو دیا بڑھائے
چل بھئی فوج مدینہ والی شہر بدر کی سرت(۲) لگائے
کوئی گھاوے گھوڑے کو اور کوئی آگے کو کود کات(۳)
کوئی اس کو دلکی ڈالے اور کوئی سرپٹ دوڑائے

---

(۱) نبی نے -
(۲) سمت -
(۳) کودائے -

کوئی گھاوے بھالے کو کاھو کی چمکے تلوار
لئے کمان کو ھاتھن(۱) میں کوئی ترکش کورھا سنبھار(۲)
گدی پت اور شیر خدا سو لشکر کے چلے پچھاڑ(۳)
کریں چوڑ چوپٹ ان میں جس کی ظلم(۴) کٹھن تلوار

الغرض یہ تمام خرافات کا مجموعہ ھے اور اس کا یہ کام ھر طرح فضول ھے جب واقدی کی کتاب موجود تھی تو اس کو بے اصل قصہ گھڑنے کی کیا ضرورت تھی اس شاعر نے مقیم الدین کی طرح اپنے آپ کو جاھل ظاھر کیا ھے کہتا ھے :—

جناب محمد کے صدقہ سے جنگ بدر سب ھوئی تمام
تھا شوقین ناخوانده جاھل پوری ھوئی خدا کے نام
سن انیس سو پندرہ عیسوی میں یہ جنگ ھوئی تیار
نا خوانده جاھل جو کچھ تھا سارا حال کرا اظہار

مگر یہ بھی غلط ھے مصنف ناخوانده نہیں کم خوانده ضرور تھا کیونکہ اس نے اشعار میں عربی و فارسی کے ایسے الفاظ استعمال کئے ھیں جو ایک ناخوانده انسان نہیں لا سکتا آخر کتاب میں لکھا ھے کہ جس کتاب پر میرے دستخط نہوں وہ مسروقہ متصور ھوگی اور کتاب پر اپنے دستخط انگریزی میں کئے ھیں ۔

بلا مہر کے جو لے گا اسے اصل ملے گی نائے
جس کتاب پر نہوں دستخط وہ مسروقہ سمجھی جائے

---

(۱) کوئی ھاتھوں میں ۔
(۲) سنبھال ۔
(۳) پیچھے ۔
(۴) بڑی ۔

آخری شعر یہ ہے :۔

بھیجوں میں پاک نبی پر درود شریف سلام
نہیں وصف لکھنے کی طاقت اے شوقین قلم کو تھام

شوقین نے اس قسم کی بے سر و پا منظوم کتابیں بہت سی لکھی ہیں جن میں سے چند ایک کے نام یہ ہیں :۔

(۱)اسلام کا درہ بدر کی لڑائی (۲) خنجر اسلام خیبر کی لڑائی (۳) اسلام کا جھنڈا حصہ اول قندور کی لڑائی (۴) اسلام کا جھنڈا حصہ اول احد کی لڑائی (۵) ایضاً حصہ دوم بیرالالم کی لڑائی (۶) حصہ سوم جنگ بابل (۷) حصہ چہارم جنگ توران (۸) جنگ نامہ زیتون (۹) شمشیر اسلام حصہ اول ملک شام کی لڑائی (۱۰) ایضاً حصہ دوم تبوک و فلسطین کی لڑائی حضرت خالد بنت ازور کا معرکہ (۱۱) اینجا دین کی لڑائی (۱۲) صمصام الاسلام حصہ اول دمشق کا معرکہ (۱۳) حصہ دوم حضرت خالد کا دھاوا (۱۴) حصہ سوم میلہ کی لڑائی (۱۵) ضیغم الاسلام محمود غزنوی کا معرکہ (۱۶) صمصام الاسلام پانی پت کی لڑائی (۱۷) صارم الاسلام ہندوستان میں مسلمانوں کی آمد اور محمد بن قاسم کے معرکے (۱۸) جنگ نامہ حضرت علی شیر خدا معہ قصہ شہر بابل کلان (۱۹) جنگ نامہ محمد حنیف (۲۰) جنگ نامہ یزید (۲۱) تجلی طور۔

شوقین کے اتباع میں محمد فضل الرحمان بن منشی محمد سلیمان مظفرنگری نے جھنڈائے اسلام یعنی روم و شام کی لڑائی کے نام سے ایک کتاب شائع کی یہ شوقین کی طرح بالکل بے پر کی نہیں اڑاتا لیکن تاریخی حیثیت اس کی بھی کچھ نہیں فہرست مضامین یہ ہے:

(۱) حمد باری (۲) نعت سید مرسل (۳) آغاز داستان یعنی ملک روم و شام کی دویم لڑائی (۴) اول لشکر عربوں کا جنگ فلسطین کو روانہ ہونا (۵) حضرت خالد کی روانگی ملک فارس کو (۶) رومی لشکر کا عربی فوجوں کے مقابلہ پر تیار ہونا (۷) دیکھنا رومی لشکر کا عربی دَل کو (۸) حضرت عبداللہ بن عمر فاروق کا سردار رومن کے مقابلہ پر جانا (۹) دس ہزار آدمیوں کا مسلمانوں پر حملہ بول دینا (۱۰) عربوں کا روس کے مقابلہ پر روانہ ہونا ۔

حمد باری کے چند اشعار یہ ہیں اس کی زبان شوقین سے زیادہ صاف ہے کیونکہ اس نے پوربی زبان استعمال نہیں کی بلکہ یوپی کی عام دیہاتی زبان لکھی ہے اور عربی و فارسی کے الفاظ بہت استعمال کئیے ہیں یہ اچھا خاصا پڑھا لکھا آدمی معلوم ہوتا ہے

ذات ہے واحد اس دانا کی اس کا کوئی مقابل نائے
دنیا ہے محتاج سب اس کی ہے وہ داتا بہت بڑائے

جو مرضی میں آوے اس کی گھڑی بھرےمیں کر دکھلائے
اٹل حکم ہے اس حاکم کا جو ٹالے سے ٹلتا نائے

چاروں کھونٹ ہے اس کا جلوہ جگہ کوئی سی خالی نائے
ذرے ذرے میں چمکا ہے ہر قطرہ میں رہا سمائے

ایک صفحہ تک حمد باری ہے اس کے بعد نعت سید مرسل ہے

نام محمد پیارا پیارا ہے رتبہ میں بہت بڑائے
جتنیے نبی ہوئے ہیں جگ میں اس کا کوئی مقابل نائے

رب ہے عاشق اس کے اوپر رب کا وہ معشوق کہائے
رب نے اس دولھا کی خاطر دنیا دلھن دئی بنائے
اس کا صدقہ ہے یہ دنیا نہیں تو کچھ بھی ہوتا نائے
وہ ہے ایسا عظمت والا جس کی بات کہی نا جائے

اس کے بعد آغاز داستان یعنی ملک روم و شام کی دویم لڑائی ہے

چٹھی لکھی ابوبکر نے یوں مکہ والوں کے نام
یعنی اے اللہ کے پیارو تم کو ہمرا پہیو(۱) سلام
بعد سلام اور دعا کے تم کو ابوبکر کہا سنائے
آ پہونچا وہ وقت بھی سر پر جو مذہب پر جان اڑائے
حکم دیا ہے سانچیے رب نے سو ہیں تم کو دیوں (۲) بتائے
کرو تیاری فلسطین کی مت نا راکھو دیر لگائے
خوش ہوئے سب یار نبی کے راضی ہوئے سب سنسار
پڑھیں نمازیں سچے دل سے کیا بہت شکر کرتار
لہرایا اسلامی جھنڈا خوشی کے باجے دئے بجائے
آج خوشی میں ہر اک مسلم آپے بیچ سماوے نائے
ستائیس اپریل ہے عیسوی ہے پینتیسواں سال
شام ملک کی دوسری جنگ کا ختم کیا ہے لکھ کر حال
سنا دیا ہے فلسطین کا کہہ کر ہم نے حال تمام
پڑھیں درود نبی اپنے پر بیچ سبھا کے خاص و عام

---

(۱) تمہیں ہمہارا سلام پھونچے ۔
(۲) بتادوں ۔

ایک ''اسلامی آلہا،، احوال جنگ محمد بن قاسم پر سید سلامت علی رفیق و سرکوب فتحپوری نے لکھا اور ستمبر ۱۹۲۷ء میں اس کو خواجہ حسن نظامی نے آرمی برقی پریس میں چھپوا کر حلقہ مشایخ دھلی سے شائع کرایا یہ کتاب معتبر تاریخی بنیادوں پر قائم ھے اور خالص پوربی زبان میں ھے یہ رسالہ (۸۰) صفحات پر مشتمل ھے اس میں یہ عنوانات ھیں

(۱) حمد (۲) نعت (۳) اسباب جنگ (۴) سندھ پر حملہ (۵) محمد بن قاسم کی سندھ کی جانب روانگی (۶) دیبل کی فتح (۷) مسلمانوں نے دیبل کو کس طرح فتح کیا (۸) عبور سندھ اور قتل داھر (۹) الور کی فتح (۱۰) فتح ملتان (۱۱) فتح سندھ کی تکمیل اور محمد بن قاسم کی معزولی

کتاب کے شروع میں تمہید کے عنوان سے چند سطریں خواجہ حسن نظامی نے لکھی ھیں

''اودھ کے دیہات میں رامائن کتاب خوش الحانی سے ھندو پڑھتے ھیں اور بھی ھندوانہ لڑائیوں کا حال پوربی زبان میں پڑھا جاتا ھے اور گاؤں کے مسلمان بھی جمع ھوکر اس کو سنتے ھیں اس لئے میں نے رفیق صاحب سے پوربی زبان کی یہ اسلامی کتاب تیار کرائی اور تبلیغی سرمایہ سے رفیق صاحب کا حق تصنیف ادا کر کے اس کو شائع کر دیا ھے اب اودھ کے تبلیغی رفیقوں کو فوراً دیھاتی مسلمانوں میں اس رسالہ کو گاؤں در گاؤں پھیلا دینا چاھئے کوشش یہ ھو کہ گاؤں کے مسلمان جمع ھوکر یہ آلہا گایا کریں،،

حسن نظامی

۲۰ مئی ۱۹۲۷ء

حسن نظامی سرکوب کا نام نہیں لیتے اور دونوں غزنوی ناموں میں بھی سرکوب کا نام نہیں ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کام صرف رفیق کا ہے کسی وجہ سے رفیق نے سرکوب کا نام آلہا پر ڈلوا دیا ہے، رفیق کی یہ تینوں کتابیں دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ رزمیہ شاعری پر قادر نہیں ہے صرف تاریخی واقعات منظوم کر سکتا ہے برخلاف اس کے مذکورۃ الصدر تمام شعرا رزمیہ شاعری پر پوری طرح قادر ہیں شروع کے اشعار یہ ہیں

رام کہیے(۱) کؤ جہکا جگ ماں کؤ کہیے جہکا بھگوان
کؤ رحیم کریم پکارے کؤو پکارت ہے رحمان
پوجا جہکی سبے کرت ہیں جوں(۲) بنائے وہس سنسار
(۳) سکلے اسکے درسن پاوا اسکے لیلا اپرم بار
سندر روپ ہے وہ پرمیسر جون سہانا گھٹ ماں آئے
(۴)سبن کا آپن بندہ کینہس اؤر یہس وہ من کا لبھائے
(۵)نیھ لگائیکے اسے یارو اب تو آپن کاج بناؤ
رات دناائیں نانوں کا جاپو سدھ نا رھیکی تم(۶) بسراؤ
سگل(۷) براجت ہے وہ ویا کہو کہاں نہیں آھیگا گجران
آھیکا پلو ھاتھ سے تھامو، من سے دور کرو سیطان

---

(۱) دنیا میں جس کو کوئی رام کہتا ہے -
(۲) جس نے تمام عالم کو بنایا -
(۳) ہر جگہ اُسی کا جلوہ پایا -
(۴) سبھوں کو اپنا بندہ بنایا اور دلوں کو لبھایا -
(۵) دل لگا کے -
(۶) اُسکو نہ بھولو -
(۷) وہ ہر جگہ رہتا ہے -

اس کے بعد نعت ھے

نانوں محمد ص ھیں جوپائیں اھیکی(۱) جگ ماں انوکھی سان
پیگمر ایں(۲) بنکے آئے او پھیلائیی دین امان
انہن پر کرآن ھے اترا (۳) بھئی ھے انہن کا میراج
(۴) بیرن ملنساری کے بل ماں کہن جانے بھر ماں راج
(۵)انگوری کا جب کہن اسارا ھوئیگے چاند کے دوئی ٹکڑا
جب کنکرن کی اور نہارن (۶) ترتے لاگ پڑھے کلما
دھرتی ماں جب آئے محمد تھر تھر کانپنے لاگ
(۷)جون برت رھے برسن سے پھارس کی وہ بجھ گے آگ
نانوں پر (۸) آپن بیگمبر کے من سے پڑھو درود سلام
(۹)جبہکے آپن بت اوندھے بھے اوکا پھر بھے سبے گلام

اس کے بعد اسباب جنگ وغیرہ کی سرخیاں ھیں اور اصل کتاب شروع ھو جاتی ھے ذیل میں ھم فتح ملتان دیتے ھیں

ھیاں سے اب محمد بن کاسم دریا کے اُئیں(۱۰) پار گوا
اور پہنچ کے اسکالندھ (۱۱) کلا کے اوپر جائے چڑھا

---

(۱) آن کی -
(۲) یہ -
(۳) اُنھی کو معراج ھوئی -
(۴) اخلاقی قوت سے -
(۵) انگلی -
(۶) دیکھا -
(۷) برسوں سے فارس میں جو آگ جل رھی تھی وہ بجھ گئی -
(۸) اپنے -
(۹) جس کے آتے ھی بت اوندھے گرے اور کافر اسلام کے غلام ھو گئے -
(۱۰) اُس پار گیا -
(۱۱) اسکلندھ کا قلعہ -

رھے کلا ماں جو حاکم وہ ھوئیکے مکابل(۱) کھوب لڑا

یہہ ملتان کے حاکم کا ھے یاک (۲) بھتیج سگا بھیا

رھی لڑائی سات دنا تک بہتے (۳) جور کا بھا حملہ

اٹھئین(۴) روج سکارے حاکم اسکالندھ کا بھاگا

چاچا کے پھر پاس گوا ملتان (۵) ھیاں سے بھاگن کے

اور مسلمان آئیکے داکھل اھیکے(۶) کلا ماں اب ھوئیگے

ھیاں سے چھٹی پائیکے محمد سکھ کے کلا کی اور(۷) چلا

راوی ندیا کے دکھن یہہ بنا رھے مجبوط کلا

رھے بچے رائے حاکم ھیاں کا سکھ کے کلا سے(۸)جون لڑا

سترہ روج تلک یہ روکس(۹) مسلم لسکر کا بھیا

یھو کلا اب پھتے (۱۰) بھوا اوبن کاسم اب دسن آماں

(۱۱) عتبہ کا پھر کہن مکرر حاکم سکھ کا ترتے جان

ھیاں سے پھر اب محمد چل کے راوی ندیا سے بھا پار (۱۲)

(۱۳) سروکہس ملتان گھیرب مسلم پلٹن کا سردار

---

(۱) مقابل - خوب -
(۲) ایک حقیقی بھتیجا -
(۳) بہت زور -
(۴) آٹھویں روز سویرے -
(۵) یہاں سے بھاگ کے -
(۶) اسی کے قلعہ میں -
(۷) طرف -
(۸) جو -
(۹) روکے -
(۱۰) فتح ھوا -
(۱۱) عتبہ کو حاکم قلعہ مقرر کیا -
(۱۲) پار ھوا -
(۱۳) شروع کیا -

ھے گورسیہ هیاں کا حاکم جون لڑا دوئی ماہ تلک
(۱) چھانڈ کلا کسمیر کا بھاگا آکھر گا لڑ لڑ کے تھک
اور مسلمانن کا اب ملتان کے اوپر کبجا بھا
اپنی(۲) تروارن کی جو رن چھین لیہن دسمن سے کلا
شہر(۳) بھرے ماں امن کا ڈنکا بن کاسم اب دھس پٹائے
(۴) کونوں کا نکسان نہ پھونچا کھوسی ماں پھولے آئے
منع کہیں پھر محمد کاسم سہر نہ تنکو لوٹا جائے
سرکاری سب مال کھجانا البت(۵) پائیں مسلم بھائے
رھیں جو مورت مندر بھیتر سونے کا پھرے(۶) گہنا
او چاند وسے (۷) لدی رھیں آئیں سب ماں جڑا رہے هیرا
کون هاتھ لگائیں اهاں کؤنہ مندر(۸) بھیتر گا
یہہ مسلم کا طرح طریکا(۹) دیکھیں سب هندو بھیا
جو نے سہر مسلمانن کے آئے کبجے ماں (۱۰) اهسے
کچھو نہ پائیں مال کھجانا(۱۱) هواں کے حاکم بے بھاگے

---

(۱) چھوڑ -
(۲) تلواروں کے زور سے -
(۳) شہر بھر میں -
(۴) کسی کو نقصان -
(۵) البتہ پائیں -
(۶) پہنے -
(۷) چاندی -
(۸) اندر گیا -
(۹) طور طریقہ -
(۱۰) اس سے -
(۱۱) وہاں -

بچا کھچا جو رپیا (۱) رھگا ھاتھ وھی مسلم کے لاگ
اور تو سارا مال کھجانا حاکم پہلن(۲) لیکے بھاگ
سندھ ماں جون لڑائی بھے حجاج بہت رپیا کھرچس (۳)
(۴) تنکو نا ایں ملک سے آپن پھیر کے وہ رپیا پائیس
دیا کہو یہ اللہ کی کدرت کون تنا (۵) سے مال ملا
یاک برھمن جاتی کونیو (۶) پاس محمد کے آوا
اور کہس (۷) وہ ھندن کا تو راج ھیاں سے کھتم بھوا
اب میں تم کا دیت(۸) پتہ ھوں جون ھیاں ھے مال گڑا
(۹)اھیکا کو نوں جانت ناھیں سنیو بجرگن سے اپنے
یاک جسوبن راجہ پہلے کوئی برھمن ھیاں رھے
کرت رھے وہ بتن کی پوجا جوگی بھیس رھے اھیکا
کام رھے یہ رات دنا کا بہت رپیا جما (۱۰) بھوا
سو گج لمبا سو گج چوڑا حوج بنائیں (۱۱) پچھم اور
چوگردہ پھر پیڑ لگائیں بہت دنا میں کر کے گور (۱۲)
بیچ ماں بت کھانا بنوائیں لمبا چوڑا پچاس گجا
سونے کا بنوائیکے پھر بت اھاں (۱۳) راکھس وہ راجا

---

(۱) روپیہ - بچ گیا (۲) پہلے -
(۳) خرچ کیا -
(۴) اس ملک سے اپنا روپیہ کچھ بھی واپس نہ پایا -
(۵) طرح -
(۶) کوئی -
(۷) کہا -
(۸) پتہ دیتا ھوں -
(۹) اس کو کوئی نہیں جانتا -
(۱۰) جمع ھوا -
(۱۱) حوض بنوایا -
(۱۲) غور -
(۱۳) اس میں رکھا -

او نیچیے ایں بت کے دھرائیں چالیس دیگیں گنتی کی
سونے کا ٹکڑا بھروائیں تول رہے (۱) جھکی بھاری
(۲) تینسے سو آو تیس منسے کے ٹکڑا سونے کا بھر کے
یہی کے نیچیے گڑوائیس وہ آبے تلک جو اھاں ھے
تم جو چا ھو محمد کسم کبجا (۳) اھسپر اب کرلیو
چلکے(۴) دیب بتائے تمہیں اب حکم ھمیں جلدی سے دیو
لیکے ساتھ محمد کا (۵) پھر بھمن آ کھر پھونچا آئے
اور وہ جا گھا (٦) بت کھانا کی دیہیں محمد کا بتلائے
پھونچ کے محمد کاسم دیکھیں سونے کا بت(۷) یا ک دھرا
دوئی (۸) تیس منسے کا بورا نکسا جب یہ تولا گا
اھکے نیچیے سے بن کاسم دیگیں (۹) یہن سگل نکسائے
(۱۰)تیرہ ھجار اودوئی سو من آئیں سونا پورا گے اب پائے
سب یہ مال (۱۱)جہاجن ماں لدوائیکے دیبل بھیجدھس
جہاں سے پاس کپیھا کے گا اھا (۱۲) محمد نانوں کھس

(۱) بھاری وزن کے -
(۲) تین سو تیس من کے -
(۳) اس پر -
(۴) بتا دینگے -
(۵) کو پھر برھمن آخر
(٦) جگہ بتخانے کی -
(۷) ایک رکھا -
(۸) دو سو تین من کا نکلا -
(۹) دیگیں نکلوا لیں -
(۱۰) تیرہ ھزار دو سو من -
(۱۱) جہازوں میں -
(۱۲) محمد نے یہی نام کیا -

اب ملتان کے (۱) رھوین کی کھاطر سے یہہ محمد کیں
امن کا پھر پھرمان (۲) لکھن آئیں اور کرائے منادی دیں
پھر داؤد (۳) کا محمد کاسم ترنے حاکم دیں بنائے
آؤ بنوائیں یا کے مہجبت سب کا کلمہ دھن پڑھائے

اختتام کتاب محمد بن قاسم کی وفات پر ہے

حکم سلیمان آبن بھیجس صالح حاکم واسط کو
کتل کرو محمد کا جلدی اھان (۵) دیر نہوئے سنو
صالح کے جب پاس حکم یہ ھائے کھلیپا (۱) کا پھونچا
کتل کریگا محمد کا یہ ترتے اب تیار بھوا
آئی جب سبرات کی بارہ چھیانوے سن ھجری کا سال
بھئے سہید محمد کاسم یہ دیا دھو کسمت (۷) کا حال
رھیں محمد بن کاسم ایں ایبہن (۸) بائیس سال کے ھائے
جون سہادت کی دولت تہیں چھوٹ عمر ماں گے ھیں پائے

سید سلامت علی رفیق نے ۱۹۲۷ء میں ایک منظوم غزنی نامہ پوربی زبان میں لکھا اور ایک غزنی نامہ اردو زبان میں بھی منظوم کیا یہ (۸۸) صفحات پر مشتمل ہے یہ دونوں غزنی نامے خواجہ حسن نظامی نے شائع کرائے اردو غزنی نامہ کے عنوانات درج ذیل ھیں

---

(۱) رھنے والوں کی خاطر -
(۲) فرمان لکھا -
(۳) دا و دبن مضر بن ولید عمانی -
(۴) ایک اور مسجد بنوائی -
(۵) اس میں -
(۶) خلیفہ -
(۷) دیکھو قسمت -
(۸) یہ ابھی -

(۱) حمد (۲) نعت (۳) گزارش (۴) تمہید (۵) عہد سبکتگیں میں راجہ جے پال کا غزنی پر حملہ (٦) غزنی پر جے پال کا دوسرا حملہ (۷) عہد محمود غزنوی میں جے پال کا تیسرا حملہ (۸) جے پال کی خود کشی اور قومی سنگٹھن (۹) سلطنت غزنی پر ہندؤں کا چوتھا حملہ (۱۰) ملتان اور غور میں قرامطہ کا استیصال (۱۱) تھانیسر پر حملہ (۱۲) حملہ کشمیر (۱۳) قنوج و متھرا پر حملے (۱۴) کالینجر پر حملہ (۱۵) سومنات پر حملہ

حملہ سومنات کے چند اشعار یہ ہیں

(۱)علی کے جو فتنوں سے فارغ ہوا
تو محمود غزنی میں آیا چلا
خبر پہونچی پاس اب یہ محمود کے
کہ متھرا میں ہیں جو برھمن جتھے
تھانیسر سہابن کے بھی برھمن
اٹھا کر ہر اک طرح رنج و محن
جو ہے سومنات ایک مندر بڑا
یہاں جمع ہے اب برھمن جتھا
یہاں لی ہے ان سب نے آکر پناہ
چڑھا ہے نگاھوں میں محمود شاہ
ہوئیں جب یہ معلوم باتیں تمام
کہ ہے دشمنوں کا بہت اژدھام

---

(۱) علی تگین حاکم ماوراءالنہر -

دهم ماہ شعبان کو اب یہ شاہ
چلا شہر غزنی سے لیکر سپاہ
سن چار سو پندرہ ھجری تھا
معہ فوج جب غزنوی تھا چلا
تھی تاریخ رمضان کی پندرہ
یہی ھجری سن تھا جو اوپر لکھا
معہ لشکر جنگی محمود شاہ
کہ ملتان میں پہونچا خشکی کی راہ
یہ محمود پھر شہر ملتان سے
چلا سوئے گجرات مع فوج کے
حقیقت میں یہ حملہ گجرات پر
ضروری تھا محمود کو سر بسر
بنا ان کا مرکز ھے گجرات اب
ہوئے ھیں جہاں برھمن جمع سب
مدد کار ھے راجہ گجرات کا
اسی زعم میں برھمن کا جتھا
وہ کرتا ھے شائع ہر اک جھوٹ بات
کہ مرکز ھے ان سب کا اب سومنات
ھے ظاھر فریب ان کی ہر بات میں
بغاوت کے ھیں ڈھنگ گجرات میں
جو تھے قرمطی لوگ باقی بچے
فراھم اسی جگہ وہ بھی ہوئے

جو فرما روا مصر کا ہے جناب
انہوں نے لکھے خط اسے بے حساب
بہت دن سے ہے خط کتابت شروع
کیا مصر کو اپنی جانب رجوع

